ماہنامہ
تحریکِ جدید ربوہ

ایڈیٹر
نسیم سیفی

حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ

امان/شہادت ۱۳۶۸ ہش

مارچ/اپریل ۱۹۸۹ء

3-4
1989

حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ کے جانشین

حضرت مولانا نورالدین صاحب

حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب


حضرت مرزا ناصر احمد صاحب

حضرت مرزا طاہر احمد صاحب

ماہنامہ "تحریک جدید" احمدی احباب کی تربیت اور ازدیادِ علم و عرفان کے لئے شائع کیا جاتا ہے۔

ماہنامہ تحریکِ جدید ربوہ

جلد ۲۴	امان، شہادت ۱۳۶۷ ہش / مارچ، اپریل ۱۹۸۹ء	شمارہ ۳، ۴

ایڈیٹر ...... نسیم سیفی

سالانہ چندہ

پاکستان :۔ پندرہ روپے ____ فی پرچہ :۔ دس روپے
بیرونی ممالک :۔ امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا، فجی۔ ہوائی ڈاک: ۱۲ ڈالر۔ بحری ڈاک: ۶ ڈالر
دیگر ممالک :۔ ہوائی ڈاک : ۴ پاؤنڈ۔ بحری ڈاک : ۲ پاؤنڈ

مندرجات

- کلام الامام (منظوم کلام) صفحہ ۲
- اداریہ : احمدیہ صد سالہ جشنِ تشکر صفحہ ۳
- پیغام حضرت امام جماعت احمدیہ صفحہ ۴
- ہماری تاریخ صفحہ ۱۰
- ارشاداتِ عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ صفحہ ۱۲
- رفقاء حضرت بانی سلسلہ احمدیہ صفحہ ۱۹
- تحریک جدید کا اجراء صفحہ ۲۸
- برّ اعظم افریقہ میں جماعت احمدیہ کی خدمات صفحہ ۳۲
- تراجم قرآن کریم کا عظیم منصوبہ صفحہ ۵۰
- افریقہ میں احمدیہ تعلیمی و طبّی اداروں کا مقصد صفحہ ۵۹
- مربیان کرام کے مختصر حالات زندگی صفحہ ۶۶
- نظم صفحہ ۷۴
- تحریک جدید صفحہ ۷۵

پبلشر: عبداللطیف۔ پرنٹر: قاضی منیر احمد۔ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ
مقامِ اشاعت :۔ دفتر ماہنامہ "تحریک جدید" دفاتر تحریک جدید انجمن احمدیہ ربوہ
تاریخ اشاعت: ہر ماہ کی دس تاریخ۔ ٹیلیفون نمبر: ۶۷۰۔ رجسٹرڈ نمبر ایل ۷۶۷۷

کلام الامام

حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ کا پُر معارف منظوم کلام

اِک نہ اِک دن پیش ہوگا تُو فنا کے سامنے
چل نہیں سکتی کسی کی کچھ قضا کے سامنے

چھوڑنی ہوگی تجھے دُنیائے فانی ایک دن
ہر کوئی مجبور ہے حُکمِ خُدا کے سامنے

مستقل رہنا ہے لازم اَے بشر تجھ کو سدا
رنج و غم یاس و اَلم فکر و بَلا کے سامنے

بارگاہِ ایزدی سے تُو نہ یُوں مایوس ہو
مشکلیں کیا چیز ہیں مشکل کُشا کے سامنے

حاجتیں پُوری کریں گے کیا تری عاجز بشر
کر بیاں سب حاجتیں حاجت روا کے سامنے

چاہیئے تجھکو مٹانا قلب سے نقشِ دُوئی
سَر جُھکا بس مالکِ ارض و سما کے سامنے

چاہیئے نفرت بدی سے اور نیکی سے پیار
ایک دن جانا ہے تجھکو بھی خُدا کے سامنے

راستی کے سامنے کب جھُوٹ پھلتا ہے بھلا
قدر کیا پتّھر کی لعلِ بے بہا کے سامنے

ادارئیہ

احمدیہ صد سالہ جشنِ تشکّر

جب ۱۹۳۹ء میں قدرتِ ثانیہ کے دوسرے مظہر حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب کی خدمت میں گذارش کی گئی کہ جماعت کی خواہش ہے کہ حضور کی سلور جوبلی (پچاس سال کے بعد منائی جانے والی جوبلی) کا اہتمام کرے تو پہلے تو حضور نے اس تجویز کو مناسب خیال نہ فرمایا اور پھر اس خیال سے کہ اسی سال جماعت کو بھی قائم ہوئے پچاس سال ہوئے تھے اجازت مرحمت فرما دی کہ یہ دراصل احمدیہ جماعت کے پچاس سال پورے ہونے کی جوبلی ہوگی۔ نیز فرمایا کہ اس شرط پر اجازت دیتا ہوں کہ سو سال پورے ہونے پر جماعت کی سو سالہ جوبلی منائی جائے۔

قدرتِ ثانیہ کے تیسرے مظہر حضرت مرزا ناصر احمد صاحب نے جماعت کی سو سالہ جوبلی جسے اب ہم احمدیہ سو سالہ جشنِ تشکر کہتے ہیں، کا اعلان فرمایا اور اس کے انتظامات شروع فرما دیئے گئے۔ چوتھے مظہر حضرت مرزا طاہر احمد صاحب نے اپنی امامت کے آغاز ہی سے جوبلی کی تیاریوں کی رفتار تیز سے تیز کر دی اور خاص حد تک اسے مزید وسیع بھی کر دیا۔ اس موقعہ پر جلسے ہوں گے۔ لٹریچر کی نمائشیں لگیں گی قرآنِ مجید اور اس کی چیدہ آیات کے سو زبانوں میں ترجمے پیش کئے جائیں گے۔ حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ کے رفقاء کی بڑی تصاویر ہالوں میں سجائی جائیں گی۔ اور جماعت کے اہم مقامات اور اہم اداروں کی وڈیو ساری دنیا میں دکھائی جائیں گی۔

اسی موقعہ پر حضرت امام جماعتِ احمدیہ ایک پیغام جاری فرمائیں گے جس میں تمام دنیا کے بادشاہوں، صدر صاحبان، وزرائے اعظم اور دیگر اہم شخصیات کو مخاطب کر کے احمدیت کا پیغام دیا جائیگا۔ یہ پیغام دنیا کے تمام لوگوں تک پہنچانے کے لئے اسے بہت بڑی تعداد میں شائع کیا جائیگا اور دنیا بھر کی احمدیہ جماعتیں اس کی تقسیم کا خاص اہتمام کریں گی۔

خواہش اور دعا تو یہ ہے کہ سب سے بڑا جلسہ ربوہ میں منعقد کیا جاتا اور کثیر تعداد میں بیرونی ممالک کے احمدی دوست اس جلسہ میں حاضر ہوتے لیکن ایسا ممکن نہ ہوا تو پھر سب سے بڑا جلسہ انگلستان میں ہوگا۔ اور جیسا کہ حضور انور نے ایک موقعہ پر فرمایا تھا ساری دنیا میں کئے جانیوالے جلسے (اللہ تعالیٰ نے چاہا تو) اتنے زور شور سے ہوں گے کہ محاورۃً ساری دنیا کے کان پھٹ جائیں گے۔

احمدیہ صد سالہ جشنِ تشکر کے موقع پر

حضرت مرزا طاہر احمد صاحب امام جماعتِ احمدیہ کا پیغام

نوعِ انسانی کو دینِ توحید کی طرف آنے کی پُرخلوص دعوت

ھُوَ النَّاصِرُ
خدا تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ

مُلکِ ہند میں مشرقی پنجاب کے ایک چھوٹے سے قصبہ میں آج سے ایک سو سال پہلے ایک عجیب ماجرا گزرا، جسے آئندہ بنی نوعِ انسان کے لئے ایک عظیم عہد آفریں واقعہ بننا تھا۔ وہاں ایک ایسا مذہبی راہنما مبعوث ہوا جس نے خدا کے اِذن سے دَورِ آخر میں ظاہر ہونے والے آسمانی مصلح ہونے کا دعویٰ کیا۔ یوں تو دُنیا میں ایسے سینکڑوں دعویدار پیدا ہوئے اور آئندہ بھی ہوتے رہیں گے لیکن اس کے دعویٰ میں ایک ایسی بات تھی جو سب سے الگ اور سب سے عجیب تھی۔ اس نے ایک ایسا دعویٰ کیا جس نے ایک نئے انداز میں اقوامِ عالم کے اتحاد کی بِناء ڈالی اور توحیدِ باری تعالیٰ کی ایک ایسی تفسیر کی جس نے دَورِ آخر میں ظاہر ہونے والے متفرق مصلحین کے پراگندہ تصوّر کو وحدت کا جامہ پہنایا۔

وہ انقلاب آفریں اعلان کیا تھا جس نے اس دَور کی مذہبی دُنیا میں ایک ہیجان برپا کر دیا اور جس کا ارتعاش زمین کے کناروں تک محسوس کیا گیا یہ وہ دَور تھا جسے ہم بالعموم دورِ انتظار کہہ سکتے ہیں۔ تمام دُنیا کے بڑے بڑے مذاہب کے پیروکار کیا یہودی اور کیا عیسائی، کیا مسلمان اور کیا ہندو، کیا بدھ اور کیا

زرتشتی اور کیا کنفیوشس کے ماننے والے۔ سبھی اپنے اپنے مذہب کی راہ پر آخری زمانہ کے مصلح کی آمد کا انتظار کر رہے تھے۔ یہود کو بھی ایک مسیح کی انتظار تھی جس نے دورِ آخر میں ظاہر ہونا تھا۔ مسلمان بھی ایک موعود مسیح کی آمد کے منتظر بیٹھے تھے اور ایک مہدیٔ معہود کی راہ دیکھ رہے تھے۔ ہندو کرشن کی آمدِ ثانی کے منتظر اور بُدھ مت کے ماننے والے بدھا کے نئے رُوپ میں ظاہر ہونے کا انتظار کر رہے تھے۔ ہر مذہب میں ایسی قطعی اور واضح پیشگوئیاں موجود تھیں کہ آخری زمانے میں سچائی کے عالمگیر غلبہ کی خاطر خدا تعالیٰ کسی مصلح کو ضرور بھیجے گا لیکن مشکل یہ تھی کہ ہر مذہب اس ظاہر ہونے والے مصلح کو الگ الگ ناموں سے یاد کر رہا تھا۔

بانیٔ جماعت احمدیہ حضرت مرزا غلام احمدؑ قادیانی کو اللہ تعالیٰ نے یہ راز سمجھایا کہ مختلف مذاہب میں جو مختلف ناموں سے آخری موعودِ عالم کی پیشگوئیاں ملتی ہیں اگرچہ وہ سب بنیادی طور پر درست ہیں لیکن یہ دُرست نہیں کہ خدائے واحد و یگانہ نے ہر مذہب میں الگ الگ مصلح بھیجنا تھا بلکہ مراد صرف یہ تھی کہ ایک ہی مذہب میں جسے خدا تعالیٰ اپنے جلوۂ توحید کے لئے اختیار فرمائے۔ ایک ایسے موعود عالم کو مبعوث فرمانا تھا جو تمام مذاہب کے موعود مصلحین کی بھی نمائندگی کرتا تا بنی آدم کو ایک عالمی وحدت کی لڑی میں پرو کر توحیدِ خالق کا ایک رُوح پرور نظارہ توحیدِ خلق کے آئینہ میں دکھایا جاتا۔

آپ نے اِذنِ الٰہی کے تابع یہ اعلان کیا کہ وہ مذہب ...(دینِ حق۔ ناقل) ہے جسے خدا نے اپنی توحید کے عالمگیر جلوہ کے لئے اختیار فرمایا ہے اور محمد عربی احمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ آخری صاحبِ قانون رسول ہیں جو سب جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجے گئے ہیں اور جن کی غلامی میں وہ مصلحِ عالم پیدا ہونا تھا جس کا مختلف ناموں کے ساتھ مختلف لبادوں میں مختلف مذاہب میں ذکر ملتا ہے۔

بہت عجیب تھا یہ دعویٰ اور وہ یکا و تنہا آواز جو ہندوستان

کی ایک چھوٹی سی گمنام بستی سے بلند ہوئی تھی بظاہر کوئی ایسی اہمیت نہ رکھتی تھی کہ قابلِ توجہ اور قابلِ پذیرائی سمجھی جاتی لیکن تعجب ہے کہ دُنیا نے اس آواز کی طرف بڑی سنجیدگی سے توجہ کی اور جہاں آپ کی تائید میں دُنیا کے مختلف ممالک سے بعض آوازیں بلند ہونا شروع ہوئیں، وہاں مخالفت کا بھی ایک ایسا شور برپا ہُوا کہ جس کی نظیر انسانی تاریخ میں شاذ شاذ ملتی ہے اور ایسے تاریخ ساز اَدوار کی یاد دلاتی ہے جب خدا تعالیٰ اپنی نمائندگی میں اپنے بعض کمزور بندوں کو پیغامِ حق کے لئے کھڑا کرتا ہے اور باوجود اس کے کہ تمام دُنیوی طاقتیں ان کی مخالف ہوجاتی ہیں پھر بھی وہ ان کی پشت پناہی کرتا۔ ہر لحظہ ان کی حفاظت کے سامان فرماتا۔ اور قدم بقدم ان کی کمزوری کو طاقت میں تبدیل فرماتا چلا جاتا ہے۔ پس یہی معاملہ اس دعویدار اور اس کی جماعت کے ساتھ کیا گیا۔

دُنیا نے آپ کی مخالفت کو انتہاء تک پہنچا دیا۔ آپ کے خلاف کفر و الحاد کے فتاوٰی صادر کئے گئے۔ جھوٹے مقدموں میں ملوث کیا گیا۔ قتل کے منصوبے باندھے گئے۔ آپ کے متبعین کو ہر لحاظ سے ستایا گیا۔ ان کی مذہبی آزادی کو پامال کیا گیا اور بنیادی انسانی حقوق سے محروم کر دیا گیا۔ ان کے نفوس و اموال کو مباح قرار دے کر ان کو واجب القتل ٹھہرایا گیا۔ ظالمانہ طور پر وہ شہید کئے گئے اذیت ناک جسمانی سزائیں دی گئیں۔ دکانیں لُوٹی گئیں۔ تجارتیں برباد کردی گئیں اور گھر جلا دیئے گئے حتّٰی کہ بار ہا..... (بیوت الذکر۔ ناقل) بھی منہدم کر دی گئیں غرضیکہ مخالفت کا ہر وہ ذریعہ اختیار کیا گیا جس کا مقصد آپ کے پیغام اور آپ کی جماعت کو صفحۂ ہستی سے مٹا دینا تھا لیکن دشمنی اور عناد کا یہ طوفان اس آواز کو دبا نہ سکا اور مخالفت کی ہر لہر سے جماعت احمدیہ پہلے سے قوی تر اور بلند تر ہو کر اُبھری۔

پس جماعت کے قیام سے لے کر ایک سو سال تک بلاشبہ اس نحیف اور کمزور جماعت کو قادر و توانا خدا کی تائید اور پشت پناہی حاصل تھی اور ہر لمحہ اس کا دستِ قدرت اس کی حفاظت فرما رہا تھا۔

ان بے شمار فضلوں اور پیہم نوازشات پر اپنے محسن خدا کا ذکر بلند کرنے اور اظہارِ تشکر کی خاطر جماعتِ احمدیہ عالمگیر ۱۹۸۹ء کا سال صد سالہ جشنِ تشکر کے طور پر منا رہی ہے۔

اس مبارک موقع پر بڑے خلوص اور عجز کے ساتھ میں اپنے تمام انسان بھائیوں کو جماعتِ احمدیہ میں شمولیت کی دعوت دیتا ہوں اور عالم الغیب والشہادۃ خدا کو گواہ ٹھہرا کر کہتا ہوں کہ یہ ایک سچی اور مخلص جماعت ہے جو ..... (دینِ توحید۔ ناقل) کو دینِ حق تسلیم کرتی ہے اور ایمان رکھتی ہے کہ آج بنی نوع انسان کی نجات ..... (دینِ حق۔ ناقل) ہی کے دامن سے وابستہ ہے۔ .... (دینِ حق۔ ناقل) تمام بنی آدم کو وحدت اور امن کا پیغام دیتا ہے اور اپنی اشاعت کے لئے کسی قسم کے جبر و تشدد کے ذرائع اختیار کرنے کی اجازت نہیں دیتا اور انسان کی آزادیٔ ضمیر کا علمبردار ہے۔ .... (دینِ حق۔ ناقل) انسان کو ہوائے نفس کی غلامی سے نجات بخشتا ہے اور ایک سادہ مگر انتہائی ترقی یافتہ نظام عطا کرتا ہے جو اس کے تمام اقتصادی، تمدنی معاشرتی مسائل کا مؤثر حل اپنے اندر رکھتا ہے .... (دینِ حق۔ ناقل) ایک ایسا سیاسی نظریہ حیات انسان کو عطا کرتا ہے جس میں جھوٹ اور فریب دہی کی کوئی گنجائش نہیں اور ایسے کامل عدل کی تعلیم دیتا ہے جو انفرادی، قومی اور گروہی مصالح سے بالاتر ہے۔ اور دوست دشمن کے حقوق کو مساوی میزان سے تولتا ہے۔

جماعت احمدیہ ایمان رکھتی ہے کہ یہی دین ہے جو صلاحیت رکھتا ہے کہ آج تمام اقوام عالم کو ایک ہاتھ پر جمع کرنے اور توحید

کی لڑی میں پرو دے۔ پس مَیں اس اہم اور مبارک موقع پر بحیثیت امام جماعتِ احمدیہ عالمگیر رُوئے زمین پر بسنے والے اپنے تمام انسان بھائیوں کو اسی دینِ امن اور دینِ توحید کی طرف دل کی گہرائی اور پُر خلوص جذبۂ اخوت کے ساتھ بلاتا ہوں۔ ہر چند کہ احمدیت بادیٔ النظر میں ابھی ایک ایسی قوت کے طور پر نہیں اُبھری جو ایک عالمی انقلاب برپا کرنے کی قدرت رکھتی ہو لیکن ہر صاحبِ بصیرت یہ تسلیم کرنے پر مجبور ہوگا کہ گذشتہ ایک سو سال میں شدید مخالفتوں کے باوجود اس جماعت کی حیرت انگیز عالمی ترقی کوئی ایسا معمولی واقعہ نہیں جسے نظر انداز کیا جا سکے۔

اس عرصہ میں جماعتِ احمدیہ خدا تعالیٰ کے فضل سے دُنیا کے ۱۲۰ ممالک میں قائم اور مستحکم ہو چکی ہے اور اس کی ترقی کی رفتار لحظہ بہ لحظہ تیز سے تیز تر ہوتی چلی جا رہی ہے اور اس جماعت کے حق میں وہ سب کچھ رونما ہو رہا ہے، جس کا ایک سو سال پہلے انسانی تخمینوں کے لحاظ سے کوئی تصوّر نہیں کیا جاسکتا تھا۔ پس یقیناً وہ خدا کی ہی آواز تھی جس نے اس جماعت کے مستقبل کے بارہ میں بانیٔ سلسلہ احمدیہ کو اِن الفاظ میں خبر دی :۔

"مَیں اپنی چمکار دکھلاؤں گا۔ اپنی قدرت نمائی سے تجھ کو اُٹھاؤں گا۔ دُنیا میں ایک نذیر آیا۔ پر دُنیا نے اُس کو قبول نہ کیا لیکن خدا اُسے قبول کرے گا اور بڑے زور آور حملوں سے اس کی سچائی ظاہر کر دے گا۔" ......"مَیں تیری .... (تعلیم ـ ناقل) کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا۔"

انہی الٰہی بشارات سے روشنی اور قوت پا کر بانیٔ سلسلہ احمدیہ

نے بنی نوع انسان کو یہ عظیم خبر دی کہ:۔

"قریب ہے کہ مَیں ایک عظیم الشان فتح پاؤں کیونکہ میری زبان کی تائید میں ایک اَور زبان بول رہی ہے اور میرے ہاتھ کی تقویت کے لئے ایک اور ہاتھ چل رہا ہے جس کو دُنیا نہیں دیکھتی مگر مَیں دیکھ رہا ہوں۔ میرے اندر ایک آسمانی رُوح بول رہی ہے جو میرے لفظ لفظ اور حرف حرف کو زندگی بخشتی ہے اور آسمان پر ایک جوش اور اُبال پیدا ہوا ہے جس نے ایک پُتلی کی طرح اس مُشتِ خاک کو کھڑا کر دیا ہے۔ ہر یک وہ شخص جس پر توبہ کا دروازہ بند نہیں، عنقریب دیکھ لے گا کہ مَیں اپنی طرف سے نہیں ہوں۔ کیا وہ آنکھیں بینا ہیں جو صادق کو شناخت نہیں کر سکتیں۔ کیا وہ زندہ ہے جس کو اس آسمانی صدا کا احساس نہیں"۔

(ازالۂ اوہام۔ رُوحانی خزائن جلد ۳ صفحہ ۴۰۳)

سعادت مند ہے وہ انسان جو آسمانی آواز پر کان دھرے اور خدا کے قائم کردہ امام کی دعوت پر لبیک کہنے کی سعادت پائے۔

اللہ آپ کے ساتھ ہو۔

دستخط (مرزا طاہر احمد)

امام جماعتِ احمدیہ

ہماری تاریخ

حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ فرماتے ہیں:۔

" ہماری قوم مغل برلاس ہے اور میرے بزرگوں کے پرانے کاغذات سے جو اب تک محفوظ ہیں معلوم ہوتا ہے

کہ وہ اس ملک (بھارت۔ ناقل) سمرقند سے آئے تھے اور ان کے ساتھ قریباً دو سو آدمی ان کے توابع اور خدام اور اہل وعیال میں سے تھے اور وہ ایک معزز رئیس کی حیثیت سے اس ملک میں داخل ہوئے اور اس قصبہ کی جگہ جو اس وقت ایک جنگل پڑا ہوا تھا جو لاہور سے تخمیناً بپچاس کوس بگوشہ شمال مشرق واقع ہے فروکش ہو گئے جس کو انہوں نے آباد کر کے اس کا نام اسلام پور رکھا جو پیچھے اسلام پور قاضی ماجھی کے نام سے مشہور ہوا اور رفتہ رفتہ اسلام پور کا لفظ لوگوں کو بھول گیا اور قاضی ماجھی کی جگہ پر قاضی رہا اور پھر آخر قادی بنا اور پھر اس سے بگڑ کر قادیان بن گیا۔ اور قاضی ماجھی کی وجہ تسمیہ یہ بیان کی گئی ہے کہ یہ علاقہ جس کا طولانی حصہ قریباً ساٹھ کوس ہے ان دنوں میں سب کا سب ماجھ کہلاتا تھا۔ غالباً اس وجہ سے اس کا نام ماجھ تھا کہ اس ملک میں بھینسیں بکثرت ہوتی تھیں اور ماجھ زبانِ ہندی میں بھینس کو کہتے ہیں اور چونکہ ہمارے

بزرگوں کو علاوہ دیہات جاگیرداری کے اس تمام علاقہ کی حکومت مل گئی تھی اس لئے قاضی کے نام سے مشہور ہوئے۔ مجھے کچھ معلوم نہیں کیوں اور کس وجہ سے ہمارے بزرگ سمرقند سے اس ملک میں آئے مگر کاغذات سے یہ پتہ ملتا ہے کہ اس ملک میں بھی وہ معزز امراء اور خاندانِ والیانِ ملک میں سے تھے۔ اور انہیں کسی قومی خصومت اور تفرقہ کی وجہ سے اس ملک کو چھوڑنا پڑا تھا۔ پھر اس ملک میں آکر بادشاہِ وقت کی طرف سے بہت سے دیہات بطور جاگیر ان کو ملے۔ چنانچہ اس نواح میں ایک مستقل ریاست ان کی ہو گئی۔

سکھوں کے ابتدائی زمانہ میں میرے پردادا صاحب مرزا گل محمد صاحب ایک نامور اور مشہور رئیس اس نواح کے تھے جن کے پاس اس وقت ۸۵ گاؤں تھے۔ اور بہت سے گاؤں سکھوں کے متواتر حملوں کی وجہ سے ان کے قبضہ سے نکل گئے۔ تاہم ان کی جواں مردی اور فیاضی کی یہ حالت تھی کہ اس قدر قلیل میں سے بھی کئی گاؤں انہوں نے مروت کے طور پر بعض تفرقہ زدہ مسلمان رئیسوں کو دے دیئے تھے جو اب تک ان کے پاس ہیں۔ غرض وہ اس طوائف الملوکی کے زمانے میں اپنے نواح میں ایک خود مختار

رئیس تھے۔ ہمیشہ قریب پانسو آدمی کے یعنی کبھی کم اور کبھی زیادہ ان کے دستر خوان پر روٹی کھاتے تھے۔ اور ایک سو کے قریب علماء اور صلحا اور حافظ قرآن شریف کے ان کے پاس رہتے تھے۔ جن کے کافی وظیفے مقرر تھے اور ان کے دربار میں اکثر . . . اور . . . کا ذکر بہت ہوتا تھا۔ اور تمام ملازمین اور متعلقین میں سے کوئی ایسا نہ تھا جو تارکِ نماز ہو۔ یہاں تک کہ چکی پیسنے والی عورتیں بھی پنج وقتہ نماز اور تہجد پڑھتی تھی . . .

اس جگہ اس بات کا لکھنا بھی فائدہ سے خالی نہ ہوگا کہ میرے پردادا صاحب موصوف یعنی میرزا گل محمد نے ہچکی کی بیماری سے جس کے ساتھ اور عوارض بھی تھے، وفات پائی تھی۔ بیماری کے غلبہ کے وقت اطبا نے اتفاق کرکے کہا کہ اس مرض کے لئے اگر چند روز شراب کو استعمال کرایا جائے تو غالباً اس سے فائدہ ہوگا۔ مگر جرأت نہیں رکھتے تھے کہ ان کی خدمت میں عرض کریں۔ آخر بعض نے ان میں سے ایک نرم تقریر میں عرض کر دیا۔ تب انہوں نے کہا کہ اگر خدا تعالیٰ کو شفا دینا منظور ہو تو اس کی پیدا کردہ اور بہت سی دوائیں ہیں۔ مَیں نہیں چاہتا کہ اس پلید چیز کو استعمال کروں اور مَیں خدا کی قضاء و قدر پر راضی ہوں۔ آخر چند روز کے بعد اس مرض سے انتقال فرما گئے۔ موت تو مقدر تھی مگر یہ ان کا طریق تقویٰ ہمیشہ کے لئے یادگار رہا کہ موت کو شراب پر اختیار کر لیا۔ موت سے بچنے کے لئے انسان کیا کچھ نہیں کرتا۔ لیکن انہوں نے معصیت کرنے سے موت کو بہتر سمجھا۔ افسوس ان نوابوں اور امیروں اور رئیسوں کی حالت پر کہ اس چند روزہ زندگی میں اپنے خدا اور اس کے احکام سے بکلی لاپرواہ ہو کر اور خدا تعالیٰ سے سارے علاقے توڑ کر دل کھول کر ارتکاب معصیت کرتے ہیں۔ اور شراب کو پانی کی طرح پیتے ہیں اور اس طرح اپنی زندگی کو نہایت پلید اور ناپاک کر کے اور عمر طبعی سے بھی محروم رہ کر اور بعض ہولناک عوارض میں مبتلا ہو کر جلد تر مر جاتے ہیں اور آئندہ نسلوں کے لئے نہایت خبیث نمونہ چھوڑ جاتے ہیں۔

حضرت بانیٔ سلسلہ احمدیہ کا علمِ کلام

حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ نے مذہبی دُنیا میں جو انقلاب پیدا کیا اس کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ حضور نے مختلف مذاہب کے آپس میں تعلقات کو بہتر بنانے کی کوشش فرمائی اور فرمایا کہ اعتراض کیا جائے تو مستند کتابوں پر۔ تاکہ جن لوگوں پر اعتراض کیا جائے وہ یہ نہ کہہ سکیں کہ ہم تو اس بات کو مانتے ہی نہیں۔

حضور اقدس نے مزید فرمایا کہ ایسا اعتراض کسی پر نہ کیا جائے جو اپنے پر وارد ہوتا ہو ایسا کرنے سے بھی بہت سے اعتراضات ختم ہو جاتے ہیں اور آپس کے تعلقات بہتر بننے کے امکانات پیدا ہو جاتے ہیں۔

ارشاداتِ عالیہ حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ

"اب آپ غور کریں کہ دنیاوی اور جسمانی رزق کے لئے جس کے بغیر کچھ دن آدمی زندہ بھی رہ سکتا ہے چھ مہینے درکار ہیں۔ حالانکہ وہ زندگی جس کا مدار جسمانی رزق پر ہے ابدی نہیں بلکہ فنا ہو جانے والی ہے۔ پھر روحانی رزق جو روحانی زندگی کی غذا ہے جس کو کبھی فنا نہیں اور وہ ابدالآباد کیلئے رہنے والی ہے۔ دو چار دن میں کیونکر حاصل ہو سکتا ہے۔ اگرچہ اللہ تعالیٰ اس پر قادر ہے کہ وہ ایک دم میں جو چاہے کر دے اور ہمارا ایمان ہے کہ اسکے نزدیک کوئی چیز انہونی نہیں ہے۔ (دینِ حق۔ ناقل) نے ایسا خدا پیش ہی نہیں کیا جو مثلاً آریوں کے پیش کردہ پرمیشر کی طرح نہ کسی روح (جیو) کو پیدا کر سکے نہ مادہ کو اور نہ اپنے طلبگاروں کو اور صادقوں کو سچی شانتی اور ابدی مکتی دے سکے۔ نہیں۔ بلکہ (دینِ حق۔ ناقل) نے وہ خدا پیش کیا ہے جو اپنی قدرتوں اور طاقتوں میں بے نظیر اور لاشریک خدا ہے۔ مگر ہاں اس کا قانون یہی ہے کہ ہر ایک کام ایک ترتیب اور تدریج سے ہوتا ہے اس لئے صبر اور حسنِ ظن سے اگر کام نہ لیا جائے تو کامیابی مشکل ہے۔ مجھے یاد ہے کہ ایک شخص میرے پاس آیا کہ پہلے بزرگ پھونک مار کر آسمان پر پہنچا دیتے تھے۔ مَیں نے کہا کہ تم غلطی کرتے ہو۔ خدا تعالیٰ کا یہ قانون نہیں ہے۔ اگر ایک مکان میں فرش کرنے لگو تو پہلے ضروری ہوگا کہ اس میں کوئی حصّہ قابلِ مرمت ہو تو اس کی مرمت کرنی پڑے گی۔ اور جہاں جہاں گندگی اور ناپاکی پڑی ہوئی ہوتی ہے۔ اس کو فینائل وغیرہ سے صاف کیا جاتا ہے۔ غرض بہت سی تدبیروں اور حیلوں کے بعد وہ اس قابل ہوگا کہ اس میں فرش بچھایا جائے۔ اسی طرح پر انسان کا دل اس سے پیشتر کہ خدا تعالیٰ کے رہنے کے قابل ہو وہ شیطان کا تخت ہے اور سلطنتِ شیطان میں ہے۔ اب دوسری سلطنت کے لئے اس شیطانی سلطنت کا قلع قمع ضروری ہے۔"

(ملفوظات جلد دوم صفحہ ۲۲۸-۲۲۹)

حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ نے فرمایا:۔

"میرا یہ مذہب ہے کہ جو شخص ایک دفعہ مجھ سے عہدِ دوستی باندھے مجھے اس عہد کی اتنی رعایت ہوتی ہے کہ وہ کیسا ہی کیوں نہ ہو اور کچھ ہی کیوں نہ ہو جائے مَیں اس سے قطع نہیں کر سکتا ہاں اگر وہ خود قطع تعلق کر دے تو ہم لاچار ہیں۔ ورنہ ہمارا مذہب تو یہ ہے کہ اگر ہمارے دوستوں سے کسی نے شراب پی ہو اور بازار میں گرا ہوا ہو اور لوگوں کا ہجوم اس کے گرد ہو تو بلا خوف لومۃ لائم کے اسے اٹھا کر لے آئیں گے۔ عہد دوستی بڑا قیمتی جوہر ہے۔ اس کو آسانی سے ضائع کر دینا نہ چاہیئے اور دوستوں

سے کیسی ہی ناگوار بات پیش آوے اسے اغماض اور
تحمل کے محل میں اتارنا چاہیئے۔"
(ملفوظات جلد دوم ص)

حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ نے فرمایا:۔

"ثابت قدمی میں بڑی برکتیں ہوتی ہیں۔ شہد ہی
کی مکھی کو دیکھو کہ جب وہ ثابت قدمی اور محنت کے ساتھ
اپنے کام میں لگتی ہے تو شہد جیسی نفیس اور کار آمد شئے
تیار کر لیتی ہے۔ اسی طرح پر جو خدا کی تلاش میں استقلال
سے لگتا ہے وہ اس کو پالیتا ہے نہ صرف پالیتا ہے بلکہ
میرا تو ایمان ہے کہ وہ اس کو دیکھ لیتا ہے۔ ارضی علوم
کی تحصیل میں کس قدر دقت اور روپیہ صرف کرنا پڑتا
ہے۔ یہ علومِ روحانی علوم کی تحصیل کے قواعد کو صاف
طور پر بتا رہے ہیں۔ ہمارا مذہب جو روحانی علوم مبتدی
کے لئے ہونا چاہئیں، یہ ہے کہ وہ پہلے خدا کی ہستی، پھر
اس کی صفات کی واقفیت پیدا کرے۔ ایسی واقفیت
جو یقین کے درجہ تک پہنچ جائے۔ تب اللہ تعالیٰ کی ذات
اور اس کی صفاتِ کاملہ پر اس کو اطلاع مل جاوے
گی۔ مگر اس کی روح اندر سے بول اٹھے گی کہ پورے
اطمینان کے ساتھ اس نے خدا کو پالیا ہے۔ جب اللہ
تعالیٰ کی ہستی پر ایسا ایمان پیدا ہو جاوے کہ وہ یقین
کے درجہ تک پہنچ جاوے اور انسان محسوس کرے کہ
اس نے گویا خدا کو دیکھ لیا ہے۔ اور اس کی صفات
سے واقفیت حاصل ہو جاوے تو گناہ سے نفرت
پیدا ہو جاتی ہے اور طبیعت جو پہلے گناہ کی طرف جھکتی
تھی اب ادھر سے ہٹتی اور نفرت کرتی ہے اور یہی
توبہ ہے۔"　　(ملفوظات جلد دوم صفحہ ۲۳۷)

فرمایا۔

"انسان کے لئے دو باتیں ضروری ہیں۔ بدی
سے بچے اور نیکی کی طرف دوڑے۔ اور نیکی کے دو
پہلو ہوتے ہیں ایک ترکِ شر دوسرا افاضۂ خیر۔ ترکِ
شر سے انسان کامل نہیں بن سکتا جبتک اس کے
ساتھ افاضۂ خیر نہ ہو یعنی دوسروں کو نفع بھی پہنچائے۔
اس سے پتہ لگتا ہے کہ کس قدر تبدیلی کی ہے۔ اور یہ
مدارج تب حاصل ہوتے ہیں کہ خدا تعالیٰ کی صفات
پر ایمان ہو اور ان کا علم ہو۔ جبتک یہ بات نہ ہو
انسان بدیوں سے بھی بچ نہیں سکتا۔ دوسروں کو
نفع پہنچانا تو بڑی بات ہے۔ بادشاہوں کے رعب
اور تعزیراتِ ہند سے بھی تو ایک حد تک ڈرتے
ہیں۔ اور بہت سے لوگ ہیں جو قانون کی خلاف
ورزی نہیں کرتے۔ کیوں احکم الحاکمین کے قوانین
کی خلاف ورزی میں دلیری پیدا ہوتی ہے۔ کیا اس
کی کوئی اور وجہ ہے بجز اس کے کہ اس پر ایمان
نہیں ہے؟ یہی ایک باعث ہے۔"

ملفوظات جلد دوم صفحہ ۲۳۸

حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ نے فرمایا۔

" اصل بات یہ ہے کہ انسان کی فطرۃ میں ایک
بات موجود ہے کہ ہنسی کے مقام پر ہنس پڑتا ہے اور
رونے کے مقام پر رو بھی پڑتا ہے اور ان سے مناسب
موقع پر ایک لذت بھی اٹھاتا ہے۔ مگر یہ لذت کوئی
روحانی فیصلہ نہیں کر سکتی۔ کوئی کسی عورت پر عاشق

ہوجاتا ہے اور اپنے عشق ہی میں اس کے ہجر کے شعر بنا بنا کر خوش ہوتا ہے اور روتا ہے۔ انسان کے اندر ایک طاقت ہے خواہ اس کو محل پر یا بے محل استعمال کرے۔ پس اس طاقت پر ہی بھروسہ کر کے نہ بیٹھ رہے اللہ تعالیٰ نے یہ طاقت اس لئے رکھی ہے کہ سچے سائل محروم نہ ہوں۔ جب یہ برمحل استعمال ہو تو ان کیلئے آنیوالے روحانی مدارج کا ایک مقدمہ ہو اور یہ موتی کا کام دے۔ غرض یہ امور کہ کبھی رو پڑنا اور کبھی دنیا کی دوسری چیزوں اور تعلقات سے انقطاع کرنا یہ عارضی ہوتے ہیں۔ ان پر اعتبار کر کے بے دست وپا نہ بنے۔ وہ امور جن پر سچی معرفت کی بنا ہے یہ ہیں کہ وہ خدا کی راہ میں اگر بار بار آزمایا جائے اور مصائب ومشکلات کے دریا میں ڈالا جائے تب بھی ہرگز نہ رائے اور قدم آگے ہی بڑھائے۔ اس کے بعد اس کی فت کا انکشاف ہوتا ہے اور یہی سچی نعمت حقیقی راحت ہوتی ہے۔ اس وقت دل میں رقت پیدا ہوتی ہے مگر یہ رقت عارضی نہیں ہوتی بلکہ سرور اور لذت سے بھری ہوئی ہوتی ہے۔ رُوح پانی کے ایک مصفّیٰ چشمہ کی طرح خدا کی طرف بہتی ہے۔ مدعا یہ ہے کہ سمندر سے پہلے ایک سراب آتا ہے وہ بھی سمندر ہی نظر آتا ہے جو سراب کو دھوکا سمجھ کر آگے چلنے سے رہ جاتا اور مایوس ہو کر بیٹھ جاتا ہے وہ ناکام اور نامراد رہتا ہے لیکن جو ہمت نہیں ہارتا اور قدم آگے بڑھاتا ہے وہ منزلِ مقصود پر پہنچ جاتا ہے۔"

ملفوظات جلد دوم صفحہ ۲۴۱-۲۴۲

"اللہ تعالیٰ نے صاف طور پر فرما دیا ہے کہ جو خدا سے محبت کرتے ہیں۔ اسی سے ڈرتے ہیں، اسی سے امید رکھتے ہیں وہ ایک سلطان رکھتے ہیں۔ لیکن جو نفس کے تابع ہوتے ہیں ان کے پاس کوئی سلطان نہیں ہے جو محکم طور پر دل کو پکڑے۔ غرض انسان کا کوئی فعل اور قول ہو جب تک وہ سلطان کا پیرو نہ ہو، شرک کرتا ہے۔ پس ہم جو اپنی کارروائی کی دو طور پر اشاعت چاہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے اور اس سے بڑھ کر کوئی شاہد نہیں ہو سکتا کہ کس قدر سچے جوش اور خالصۃً للہ اس کو پیش کرتے ہیں۔ ہمیں اتفاق نہیں ہوا کہ انگریزی میں لکھ پڑھ سکتے۔ اگر ایسا ہوتا تو ہم کبھی بھی اپنے دوستوں کو تکلیف نہ دیتے مگر اس میں مصلحت یہ تھی کہ تا دوسروں کو ثواب کے لئے بلائیں۔ ورنہ میری طبیعت تو ایسی واقع ہوئی ہے کہ جو کام مَیں خود کر سکتا ہوں اس کے لئے کسی دوسرے کو کبھی کہتا ہی نہیں۔"

(ملفوظات جلد دوم صفحہ ۲۵۵)

"بعض انسانوں کو دیکھو گے کہ کافیاں اور شعر سن کر وجد و طرب میں آجاتے ہیں مگر جب ان کو کسی شہادت کے لئے بلایا جائے تو عذر کریں گے کہ ہمیں معاف رکھو۔ ہمیں تو فریقین سے تعلق ہے۔ ہمیں اس معاملہ میں داخل نہ کرو۔ پس سچائی کا اظہار نہ کریں گے۔ ایسے لوگوں کے وجد و سرور سے دھوکا نہیں کھانا چاہیئے۔ جب کسی ابتلا میں آجاتے ہیں تو اپنی صداقت کا ثبوت نہیں دے سکتے۔ ان کا

وجد و سرور قابلِ تعریف نہیں ۔ یہ وجد و سرور ایک عارضی چیز اور طبعی امر ہے ۔ بعض منکرین جن کو تمام پاکبازوں سے دلی عداوت ہے ۔ وہ بھی اس سرور سے حصہ لیتے ہیں ۔ ایک متعصب ہندو مثنوی مولوی روم رحمۃ اللہ علیہ پڑھ کر سرور حاصل کرتا تھا ۔ حالانکہ وہ دشمنِ اسلام تھا ۔ کیا تم سانپ کو پاکباز مانو گے جو بانسری سن کر سرور میں آجاتا ہے یا اونٹ کو خدا رسیدہ قرار دو گے جو خوش الحانی سے نشہ میں آجاتا ہے ۔ سچائی کا کمال جس سے خدا خوش ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ انسان خدا تعالیٰ کے ساتھ اپنی وفاداری دکھائے ۔ ایسے انسان کا تھوڑا عمل بھی دوسرے کے بہت عمل سے بہتر ہے ۔

" انسان دوسرے شخص کی دل کی بات معلوم نہیں کر سکتا اور اس کے قلب کے مخفی گوشوں تک اس کی نظر نہیں پہنچ سکتی ۔ اس لئے دوسرے شخص کی نسبت جلدی سے کوئی رائے نہ لگائے ۔ بلکہ صبر سے انتظار کرے ۔ ایک شخص کا ذکر ہے کہ اس نے خدا تعالیٰ سے عہد کیا کہ میں سب کو اپنے سے بہتر سمجھوں گا اور کسی کو اپنے سے کم تر خیال نہیں کروں گا ۔ اپنے محبوب کو راضی کرنے کیلئے انسان ایسی تجویزیں سوچتے رہتے ہیں ۔ ایک دن اس نے ایک دریا کے پل کے پاس جہاں سے بہت آدمی گزر رہے تھے ایک شخص کو بیٹھا ہوا دیکھا ۔ اور اس کے پہلو میں ایک عورت بیٹھی ہوئی تھی ۔ ایک بوتل اسکے ہاتھ میں تھی ۔ آپ پیتا تھا اور اس عورت کو بھی پلاتا تھا ۔ اس نے اس پر بدظنی کی اور خیال کیا کہ میں اس بے حیا سے تو ضرور بہتر ہوں ۔ اتنے میں ایک کشتی آئی معہ سواریوں کے ڈوب گئی ۔ وہی شخص جو عورت کے پاس بیٹھا تھا ۔ دریا میں سے سوائے ایک کے سب کو نکال لایا اور اس بدظن سے کہا تو مجھ پہ بدظنی کرتا تھا ۔ سب کو میں نکال لایا ہوں ایک کو تو نکال لا ۔ خدا نے مجھے تیرے امتحان کے لئے بھیجا تھا اور تیرے دل کے ارادہ سے مجھے اطلاع دی ۔ یہ عورت میری والدہ ہے اور بوتل میں شراب نہیں دریا کا پانی ہے ۔
غرض انسان دوسرے کی نسبت جلد رائے نہ لگائے "

(ملفوظات جلد دوم ص ۴۹-۲۴۸)

فرمایا "ہماری جماعت کے لئے یہ امر ضروری پڑا ہوا ہے کہ وہ اپنے وقتوں میں کچھ وقت نکال کر آئیں اور یہاں صحبت میں رہ کر اس غفلت کی تلافی کریں جو غیبوبت کے زمانہ میں پیدا ہوئی ہے اور ان شبہات کو دور کریں جو اس غفلت کا باعث ہوئے ہیں ۔ ان کا حق ہے کہ وہ ان کو پیش کریں اور ان کا جواب ہم سے سنیں ۔ بھلا اگر کمزور بچہ جو ابھی دودھ پینے اور ماں کے کنارِ عاطفت کا محتاج ہے اس سے الگ کر دیا جائے تو تم امید کر سکتے ہو کہ وہ بچ رہیگا کبھی نہیں ۔ اسی طرح بلوغ سے پیشتر کے کمال اور معرفت کا حال ہے ۔ انسان کمزور بچہ کی طرح ہوتا ہے ۔ مامور من اللہ کی صحبت اس کے لئے ضروری ہوتی ہے ۔ اگر وہ اس سے الگ ہو جائے تو اس کی ہلاکت کا اندیشہ ہوتا ہے " ۔

" درحقیقت یہ ایک بہت ہی ضروری امر ہے

اگر خدا تعالیٰ کسی کو توفیق دے اور وہ اس کو سمجھ لے کہ بار بار آنے کی کس قدر ضرورت ہے۔ اس سے یہی نہ ہوگا کہ وہ اپنے نفس کے لئے فائدہ پہنچائے گا بلکہ بہتوں کو فائدہ پہنچا سکے گا۔ کیونکہ جب تک خود ایک معرفت اور بصیرت پیدا نہ ہو وہ دوسروں کو کیا راہ بتائے گا۔ یہی وجہ ہوتی ہے کہ بعض شریر الطبع لوگ ایسے آدمیوں کو جن کو بار بار آنے کی عادت نہیں کوئی سوال کرتے ہیں۔ چونکہ انہوں نے جوابات سنے ہوئے نہیں ہوتے اور ساکت ہو کر نہ صرف خود خفت اٹھاتے ہیں بلکہ دوسروں کے لئے جو دیکھنے سننے والے ہوتے ہیں ٹھوکر کا موجب ہو جاتے ہیں اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اس خفت اور سکوت سے ایمان پر ایک زد پڑتی ہے اور اس میں کمزوری شروع ہوتی ہے۔ کیونکہ یہ قاعدہ کی بات ہے کہ جب انسان مغلوب ہو جاتا ہے تو وہ غالب کے اثر سے بھی متأثر ہو جاتا ہے۔ بسا اوقات اس کے دل کو وہ اثر سیاہ کر دیتا ہے اور پھر قاعدہ کے موافق وہ تاریکی بڑھنے لگتی ہے یہاں تک کہ اگر اسی میں اس کو موت آجائے تو وہ جہنم میں داخل ہو جاتا ہے۔ ان ساری باتوں پر غور کر کے ایک دانشمند اس نتیجہ پر ضرور پہنچیگا کہ اس بات کی بہت بڑی ضرورت ہے کہ ان زہروں کو دُور کرنے کے واسطے جو روح کو تباہ کرتی ہیں کسی تریاقی صحبت کی ضرورت ہے جہاں رہ کر انسان مہلکات کا علم بھی حاصل کرتا ہے اور نجات دینے والی چیزوں کی معرفت بھی کر لیتا ہے۔ اسی واسطے ایک عرصہ سے میرے دل میں یہ بات ہے اور میں سوچتا ہوں کہ اپنی جماعت کا امتحان سوالات کے ذریعہ سے لوں۔ چنانچہ میں نے اس تجویز کا کئی بار ذکر بھی کیا ہے۔ اگرچہ ابھی مجھے موقعہ نہیں ملا لیکن یہ بات میرے دل میں ہمیشہ رہتی ہے ایک بار سوالات کے ذریعہ آزما کر دیکھوں کہ جو کچھ ہم پیش کرتے ہیں اس کے متعلق ان کو کہاں تک علم ہے اور انہوں نے ہمارے مقاصد اور اغراض کو کہاں تک سمجھا ہے۔ اور جو اعتراض اندرونی یا بیرونی طور پر کئے جاتے ہیں ان کی مدافعت کہاں تک کر سکتے ہیں۔ اگر چالیس آدمی بھی ایسے نکل آویں جن کے نفس منوّر ہو جاویں اور پوری بصیرت اور معرفت کی روشنی انہیں مل جائے تو وہ بہت کچھ فائدہ پہنچا سکیں گے۔"

(ملفوظات جلد دوم ص ۲۵۶-۲۵۷)

حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ فرماتے ہیں۔

" وہ آدمی جو کسی تریاقی صحبت میں رہے اور اس طرح رہے جو رہنے کا حق ہے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کو ایسے زہروں سے بچا لیتا ہے۔"

" دیکھو آنکھ میں بھی ایک روشنی اور نور ہے لیکن وہ سورج کی روشنی کے بغیر دیکھ نہیں سکتی۔ آنکھ خدا نے دی ہے اور ساتھ ہی دوسری روشنی بھی پیدا کر دی ہے کیونکہ یہ نور دوسرے نور کا محتاج ہے۔ اسی طرح اپنی عقل جب تک آسمانی نور اور بصیرت اس کے ساتھ نہ ہو کچھ کام نہیں دے سکتی۔ نادان ہے وہ شخص جو کہتا ہے کہ ہم مجرد عقل سے بھی کچھ حاصل کر سکتے ہیں۔ خدا نے جو طریقہ مقرر کیا

ہے اس کو حقارت کی نگاہ سے مت دیکھو۔ بہت سے اسرار اور امور ہیں جو مجھ پر کھولے گئے ہیں۔ اگر مَیں ان کو بیان کروں تو خاص آدمیوں کے سوا جو صحبت میں رہتے ہیں باقی حیران رہ جائیں۔"

(ملفوظات جلد دوم صفحہ ۲۶۱)

حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ فرماتے ہیں:۔

دنیا میں دو قسم کے تعلقات ہوتے ہیں۔ ایک جسمانی تعلقات جیسے ماں باپ بھائی بہن وغیرہ کے تعلقات۔ دوسرے روحانی اور دینی تعلقات۔ یہ دوسری قسم کے تعلقات اگر کامل ہو جائیں تو سب قسم کے تعلقات سے بڑھ کر ہوتے ہیں۔ اور یہ اپنے کمال کو تب پہنچتے ہیں جب ایک عرصہ تک صحبت میں رہے۔ دیکھو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جو جماعت صحابہؓ کی تھی اسکے یہ تعلقات ہی کمال کو پہنچے ہوئے تھے۔ جو انہوں نے نہ وطن کی پرواہ کی اور نہ اپنے مال و املاک کی اور نہ عزیز و اقارب کی۔ یہاں تک کہ اگر ضرورت پڑی تو انہوں نے بھیڑ بکری کی طرح اپنے سر خدا کی راہ میں رکھ دیئے۔ وہ شدائد و مصائب جو اُن کو پہنچ رہے تھے ان کے برداشت کرنے کی قوت اور طاقت ان کو کیونکر ملی۔ اس میں یہی سِر تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تعلقات بہت گہرے ہو گئے تھے۔ انہوں نے اس حقیقت کو سمجھ لیا تھا جو آپ لیکر آئے تھے اور پھر دنیا اور اس کی ہر ایک چیز ان کی نگاہ میں خدا تعالیٰ کے لقاء کے مقابلہ میں کچھ ہستی رکھتی ہی نہیں تھی۔

یاد رکھو جب سچائی پورے طور پر اپنا اثر پیدا کر لیتی ہے تو وہ ایک نور ہو جاتی ہے جو ہر ایک تاریکی میں اس کے اختیار کرنے والے کے لئے رہنما ہوتا ہے اور ہر مشکل میں بچاتا ہے۔"

(ملفوظات جلد دوم صفحہ ۲۶۷)

فرمایا:۔

دُعا کا ایک ایسا باریک مضمون ہے کہ کہ اس کا ادا کرنا بھی بہت مشکل ہے جب تک خود انسان دعا اور اس کی کیفیتوں کا تجربہ کار نہ ہو وہ اس کو بیان نہیں کر سکتا۔ غرض جب انسان خدا تعالیٰ سے متواتر دعائیں مانگتا ہے تو وہ اور ہی انسان ہو جاتا ہے۔ اس کی روحانی کدورتیں دور ہو کر اس کو ایک قسم کی راحت اور سرور ملتا ہے اور ہر قسم کے تعصب اور ریاکاری سے الگ ہو کر وہ تمام مشکلات کو جو اس کی راہ میں پیدا ہوں برداشت کر لیتا ہے۔ خدا کے لئے ان سختیوں کو جو دوسرے برداشت نہیں کرتے اور نہیں کر سکتے صرف اس لئے کہ خدا تعالیٰ راضی ہو جاوے برداشت کرتا ہے۔ تب خدا تعالیٰ جو رحمٰن رحیم خدا ہے اور سراسر رحمت ہے اس پر نظر کرتا ہے اور اس کی ساری کلفتوں اور کدورتوں کو سرور سے بدل دیتا ہے۔"

" زبان سے دعویٰ کرنا کہ مَیں نجات پا گیا ہوں یا خدا تعالیٰ سے قوی رشتہ پیدا ہو گیا ہے آسان ہے۔ لیکن خدا تعالیٰ دیکھتا ہے کہ وہ کہاں تک ان تمام باتوں سے الگ ہو گیا ہے جن سے الگ ہونا

ضروری ہے۔ یہ سچی بات ہے کہ جو ڈھونڈتا ہے وہ پالیتا ہے سچے دل سے قدم رکھنے والے کامیاب ہوجاتے ہیں اور منزلِ مقصود تک پہنچ جاتے ہیں۔ جب انسان کچھ دین کا اور کچھ دنیا کا ہوتا ہے۔ آخرکار دین سے الگ ہوکر دنیا ہی کا ہوجاتا ہے۔ اگر انسان ربانی نظر سے مذہب کو تلاش کرے تو تفرقہ کا فیصلہ بہت جلد ہوجائے۔ مگر نہیں۔ یہاں مقصود اور غرض یہ ہوتی ہے کہ میری بات رہ جاوے۔ دو آدمی اگر بات کرتے ہیں تو ہر ایک ان میں سے یہی چاہتا ہے کہ دوسرے کو گرادے۔ اس وقت تو چیونٹی کی طرح تعصّب، ہٹ دھرمی اور ضد کی بلائیں لگی ہوئی ہیں۔"

(ملفوظات جلد دوم صفحہ ۲۷۴-۲۷۵)

"میں خداتعالیٰ پر ایسا ایمان پیدا کرانا چاہتا ہوں کہ جو خداتعالیٰ پر ایمان لاوے وہ گناہ کے زہر سے بچ جاوے اور اس کی فطرت اور سرشت میں ایک تبدیلی ہوجاوے۔ اس پر موت وارد ہوکر ایک نئی زندگی اس کو ملے۔ گناہ سے لذت پانے کی بجائے اس کے دل میں نفرت پیدا ہو۔ جس کی یہ صورت ہوجاوے وہ کہہ سکتا ہے کہ میں نے خدا کو پہچان لیا۔ خدا خوب جانتا ہے کہ اس زمانہ میں یہی حالت ہورہی ہے کہ خدا کی معرفت نہیں رہی کوئی مذہب ایسا نہیں رہا جو اس منزل پر انسان کو پہنچا دے اور یہ فطرت اسمیں پیدا کرے۔ ہم کسی خاص مذہب پر کوئی افسوس نہیں کرسکتے۔ یہ بلا عام ہو رہی ہے اور یہ وبا خطرناک طور پر پھیلی ہے۔ میں سچ کہتا ہوں۔ خدا پر ایمان لانے سے انسان فرشتہ بن جاتا ہے بلکہ ملائکہ کا مسجود ہوتا ہے۔ نورانی ہوجاتا ہے۔"

(ملفوظات جلد دوم صفحہ ۲۷۶-۲۷۷)

تلقینِ عمل

حضرت بانیٔ سلسلہ احمدیہ نے بارہا اپنی جماعت کے افراد کو فرمایا اور اس پر زور دیا کہ محض عقیدے سے بات نہیں بنتی۔ یہ ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ اپنے اعمال پر نظر رکھے۔ اپنے آپ کو نیک بنائے اور دوسروں کو نیکی کا سبق دینے کے لئے ضروری ہے کہ اپنے اعمال کو درست کیا جائے۔ حقیقت یہ ہے کہ دنیا میں اخلاقی انقلاب کردار سے برپا کئے جاتے ہیں۔ خود نیک بن کر اور دوسروں کو نیک بنا کر۔

اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے کہ ہم اپنے کردار کو ایسا بنا سکیں جیسا کہ حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ چاہتے تھے۔

رفقاء حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ

حضرت حافظ حامد علی صاحب

حضرت حافظ حامد علی صاحب ولد شیخ فتح محمد صاحب موضع تھہ غلام نبی ضلع گورداسپور کے باشندے تھے۔ یہ موضع قادیان سے چھ میل کے فاصلہ پر جانب شمال مغرب میں واقع ہے۔ آپ کا رنگ گندم گوں جسم دبلا پتلا۔ قد میانہ۔ داڑھی گھنی نہ تھی بلکہ صرف کلّوں پر۔ بشرہ پر متانت کے ساتھ تعلق باللہ کے آثار نمایاں تھے۔ والد صاحب محترم اور والدہ صاحبہ دونوں سیدنا حضرت اقدس بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کے رفقاء میں سے تھے۔

حضرت حافظ روشن علی صاحب روایت کیا کرتے تھے کہ حافظ حامد علی صاحب سیّد ہیں اور ان کا شجرہ نسب ملتان کے خاندان سادات سے ملتا ہے اور ککّے زئی اس طرح مشہور ہوئے کہ ان کے کوئی بزرگ اپنے ننھیال ککے زئیوں میں یہاں آرہے تھے اس لئے سادات کی بجائے ککّے زئی کہلائے۔ آپ اپنی ذات پر فخر نہ کرتے تھے اور نہ اس کا ذکر۔ بلکہ انہیں اس بات پر فخر اور ناز تھا کہ مَیں احمدی ہوں اور اس وقت سے احمدی ہوں کہ جب حضرت بانی سلسلہ احمدیہ ابھی دنیا کی نظروں سے پوشیدہ تھے۔

حضرت عرفانی صاحب تحریر کرتے ہیں کہ حضرت اقدس کا کوئی سفر ایسا نہیں ہوا جس میں حافظ حامد علی صاحب بشرطیکہ وہ یہاں موجود ہوں ساتھ نہ ہوں اور اس سفر کا سارا اہتمام اور انتظام ان کے ہی سپرد ہوتا تھا حضور شادی کے لئے دہلی تشریف لے گئے تو براتیوں میں حافظ صاحب بھی شامل تھے جو سب سے نمایاں تھے۔ آپ ہی اس شادی میں تمام انتظام کرنے والے تھے اور حضرت نہایت بے تکلفی سے ہر ایک بات موقعہ کے مناسب حال آپ سے کرتے تھے۔

حضرت اقدس چلہ کشی کے لئے قادیان سے باہر جانا چاہتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آپکو بتایا کہ آپ کی عقدہ کشائی ہوشیارپور میں ہو گی۔ چنانچہ حضور ۲۲ جنوری ۱۸۸۶ء کو وہاں تشریف لے گئے۔ اس عظیم الشان تاریخی موقعہ پر حضور نے جن رفقاء کو اپنے ساتھ لیا ان میں سے ایک حافظ حامد علی صاحب بھی تھے۔ اور وہاں آپ کے فرائض میں گھر کا بالائی کام اور آنے جانے والوں کی مہمان نوازی کرنا تھا۔

حضرت عرفانی صاحب بیان کرتے ہیں کہ حضرت حافظ حامد علی صاحب علمی مذاق کے آدمی نہ تھے اور حضرت اقدس کی صداقت کے لئے آپ کو کسی دلیل کی حاجت نہ تھی اور یہ حقیقت ہے کہ آپ کو کسی دلیل کا

علم نہ تھا۔ اور آپ مباحثات اور ردّو قدح کے مقام سے بالکل الگ تھے۔ آپ کی نگاہ میں حضرت کی صداقت کی دلیل خود حضور ہی کی ذات تھی۔ مَیں نے ایک مرتبہ پوچھا کہ حافظ صاحب! آپ نے کن دلائل سے حضور کو صادق سمجھا تو فرمایا کہ سورج کی سچائی کی دلیل خود سورج ہے۔ میرے لئے حضور کا وجود اور عمل ہی دلیلِ صداقت ہے۔

محترم عرفانی صاحب بیان کرتے ہیں کہ یُوں تو سلسلہ احمدیہ میں ہو کر حافظ ہر ایک سے محبت و اخلاص کا برتاؤ کرتے اور اخوت کے مراتب کو مدّنظر رکھتے اور مَیں نہیں جانتا کہ ایک بھی آدمی ایسا ہو جس کو حافظ صاحب کے متعلق کچھ شکایت ہو۔ آپ ہمیشہ خندہ پیشانی سے ملتے تھے لیکن جیسا کہ انسانی فطرت ہے بعض لوگوں سے آپ کو خاص طور پر محبت تھی اور مَیں نے جہاں تک دیکھا اس محبت کا معیار خود حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ سے محبت و اخلاص تھا۔ جس قدر آپ کسی کو حضور کی محبت میں فانی اور گم پاتے اسی قدر آپ اس سے زیادہ محبت کرتے۔

حضرت اقدس حافظ صاحب سے بہت محبت رکھتے تھے۔ حافظ صاحب بھی حضور کے جاں نثار خادم تھے۔ حافظ صاحب بہت کم سخن اور خاموش سیرت انسان تھے۔ عبادات میں انہوں نے حضرت اقدس کے رنگ کو حاصل کیا تھا۔ حضرت اقدس نے ان کی تعریف میں فرمایا تھا۔ "جیسی خدمت شیخ حامد علی نے کی ہے وہ میری خدمت کسی دوسرے نے نہیں کی اور یہ میرے ساتھ ہمیشہ رہا ہے۔ جنت میں بھی میرے ساتھ اسی طرح ہوگا۔"

حضرت حافظ صاحب نے ۸ ستمبر ۱۹۱۹ء کو وفات پائی۔ آپ کی عمر اس وقت ۷۵ برس تھی۔

حضرت چوہدری نصر اللہ خاں صاحب

حضرت چوہدری نصر اللہ خاں صاحب ضلع سیالکوٹ کے ایک معزز خاندان کے چشم و چراغ تھے آبائی مسکن ڈسکہ ضلع سیالکوٹ تھا۔ آپ کی قوم ساہی کے متعلق کہا جاتا ہے کہ یہ زیادہ تر علاقہ منٹگمری میں آباد تھی۔ چنانچہ منٹگمری کا پرانا نام ساہیوال تھا۔ کسی وقت پنجاب کے ایک علاقہ پر اس قوم کی حکومت تھی۔ اس خاندان کی یہ شاخ اب دینِ حق کی پیروکار ہے

("میری والدہ")

محترم چوہدری نصر اللہ خانصاحب کی شادی محترمہ حسین بی بی صاحبہ سے ہوئی۔ جن کی ولادت ۱۸۶۲ء میں چوہدری الٰہی بخش صاحب کے ہاں آبائی مسکن داتا زید کا ضلع سیالکوٹ میں ہوئی۔ قوم باجوہ تھی جو سیالکوٹ کی زمیندار اقوام میں نہایت معزز قوم سمجھی جاتی ہے۔ دونوں خاندانوں کی پہلے بھی رشتہ داری تھی۔

چوہدری نصر اللہ خانصاحب کی طبیعت بہت

حضرت نواب محمد علی خاں صاحب

حضرت حافظ روشن علی صاحب

حضرت مولوی فرزند علی خاں صاحب

حضرت مولانا عبدالرحیم صاحب نیّرؓ

حضرت مولوی عبدالرحیم صاحب دردؓ

حضرت مولوی غلام رسول صاحب راجیکی

نازک اور حساس تھی اور والد صاحب سے انہیں بہت حجاب تھا۔ فرماتے تھے کہ میں نے اپنے والد صاحب کے ساتھ نہ کبھی بے تکلفی سے کلام کیا تھا اور نہ کبھی سیر ہو کر ان کے چہرہ کو دیکھا تھا۔ چوہدری صاحب موصوف طالب علمی میں ایک شریف، صاف گو اور قابلِ فخر طالب علم سمجھے جاتے تھے اور اسی وجہ سے طلبہ میں عزت کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔ وکالت کا امتحان پاس کرنے سے قبل آپ نے بطور مختار ڈسکہ ہی میں پریکٹس شروع کر دی تھی لیکن وکالت کا امتحان پاس کرنے کے بعد آپ نے سیالکوٹ میں پریکٹس شروع کی اور وہیں رہائش اختیار کی۔

حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کے سیالکوٹ تشریف آوری کے وقت تک چوہدری صاحب موصوف کی طبیعت بہت حد تک احمدیت کی طرف راغب ہو چکی تھی اور وہ سمجھتے تھے کہ اب آخری فیصلہ کا وقت آ پہنچا ہے۔ چنانچہ چند دن بعد ہی وہ حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بیعت کر لی۔ بیعت کر لینے کے بعد ان کی زندگی میں ایک نیا دور شروع ہوا۔ وہ سیالکوٹ میں ایک ممتاز ہستی تھے اور اپنے پیشہ کے لحاظ سے بہت معروف۔ مالی اور دیوانی مقدمات میں سب سے زیادہ قابل وکیل تھے۔ ان کی پریکٹس نہایت کامیاب پریکٹس تھی۔ سلسلہ عالیہ احمدیہ میں داخل ہو کر انہوں نے میونسپلٹی کی وائس پریذیڈنٹی سے استعفٰی دے دیا اس کی وجہ ان کی مخالفت نہ تھی بلکہ انہوں نے اس وقت کو بچانے اور سلسلہ کی خدمت کیلئے ایسا کیا۔

حضرت میر محمد اسحٰق صاحب نے چوہدری صاحب موصوف کے متعلق بیان کیا کہ :۔

”گو میں نے چوہدری صاحب کو سب سے پہلے ۱۹۰۴ء میں گورداسپور کے مقام پر دیکھا تھا جبکہ وہ ابھی سلسلہ عالیہ احمدیہ میں داخل نہیں ہوئے تھے اور کرم دین والے مقدمہ میں بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کی طرف سے بطور صفائی کے گواہ کے پیش ہوئے تھے مگر پوری طرح تعارف ان سے ۱۹۱۴ء میں ہوا جبکہ وہ اور میں ایک ہی ریزولیشن کے ذریعہ مجلس معتمدین کے ممبر تجویز کئے گئے یہ پہلا تعلق تھا جو مجھے سلسلہ عالیہ کے انتظامی کاروبار میں ان سے ہوا۔ پھر وہ مشیر قانونی تھے اور میں بہشتی مقبرہ کا افسر ہوا۔ یہ دوسرا تعلق تھا۔ پھر میں کچھ عرصہ مجلس معتمدین کا سیکرٹری رہا اور وہ بہشتی مقبرہ کے افسر تھے۔ اس طرح ایک حیثیت سے وہ میرے ماتحت تھے تو یہ تیسرا تعلق تھا پھر وہ مجلس معتمدین کے پریذیڈنٹ تھے اور میں سیکرٹری تو اس طرح میں ان کے ماتحت تھا۔ یہ چوتھا تعلق تھا پھر بالآخر وہ ناظر اعلیٰ ہوئے اور خاکسار ناظر ضیافت ہو کر اُن سے مل کر کام کرتا رہا۔ یہ پانچواں تعلق تھا۔ غرض مذکورہ بالا پانچ قسم کے تعلق تھے جو ۱۹۱۴ء سے ۱۹۲۶ء تک مجھے چوہدری صاحب سے پڑتے تھے۔“

محترم چوہدری صاحب موصوف کی ذاتی خوبیاں قابلِ تذکرہ ہیں۔ آپ نماز باجماعت کے نہایت پابند تھے۔ نہایت خشوع و خضوع اور اطمینان سے نماز پڑھتے تھے۔ آپ کا ایک وصف کم گوئی تھا۔ آپ نہایت کم گو تھے۔

بے ضرورت بات کبھی نہ کرتے باوجود اس کے کہ قادیان میں آنریری کام کرتے تھے اور کسی کام کا کوئی معاوضہ آپ نے نہیں لیا۔ مگر جس صیغہ میں کام کیا نہایت پابندی وقت سے کیا۔ آپ جس وقت کام کرتے تھے تو کام میں ایسے مشغول اور منہمک ہوتے تھے کہ ارد گرد کے شور و شر یا اپنی طرف متوجہ کرنے والی باتوں سے متاثر نہ ہوتے تھے۔

محترم چوہدری صاحب موصوف کا انتقال پر ملال دو اور تین ستمبر ۱۹۲۶ء کی درمیانی شب کے آٹھ بجے ہوا۔

حضرت نواب محمد عبداللہ خانصاحب

نواب محمد عبداللہ خانصاحب حضرت نواب محمد علی خانصاحب آف مالیر کوٹلہ کے فرزند تھے۔ یکم جنوری ۱۸۹۶ء کو آپ کا تولد ہوا۔ آپ اڑھائی تین سال کے تھے کہ والدہ کی شفقت بھری گود سے محروم ہو گئے۔ آپ اپنے والد ماجد کے ہمراہ جب قادیان گئے تو عمر چھ سال تھی اور آپ کو قریباً ساڑھے چھ سال تک حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کے قرب میں قیام کا اور حضور کی شفقت کا اور نگرانی کا مورد بننے کا زریں موقعہ میسر رہا۔

آپ کے خاندان کے قدیمی ملازم میاں رحم دین کا بیان ہے کہ "ہم چند افراد میاں عبداللہ خانصاحب اور ان کی بہن اور بھائیوں کی خدمت پر مقرر تھے۔ یہ سب بہت پیار اور محبت سے رہتے تھے۔ میاں سب موصوف سب میں زیادہ باہمت، دلیر اور جرأت مند تھے اور حضرت نواب صاحب کو ان سے پیار بھی بہت تھا۔ میاں صاحب موصوف اپنے والد صاحب کی بات سنجیدگی اور متانت سے مانتے۔ عدم توجہگی اور گستاخی آپ کے رویہ میں ہرگز نہ تھی۔ رجحان بچپن سے ہی مذہبی تھا۔ اپنے ملازموں سے بہت محبت اور حسن سلوک سے پیش آتے تھے۔ آپ کے ابتدائی اساتذہ حکیم محمد زمان صاحب حضرت حافظ روشن علی صاحب اور حضرت بھائی عبدالرحیم صاحب قادیانی تھے جو اکثر سفر و حضر میں ہمراہ رہتے تھے اور آپ نے انہی سے تربیت حاصل کی تھی اور آپ ان سے بہت عزت و تکریم سے پیش آتے۔"

حضرت نواب عبداللہ خان صاحب کا لاہور کے کالجوں میں پڑھتے ہوئے احمدی طلباء کے ایک حصہ پر بہت بڑا احسان ہے۔ جب آپ نے میٹرک پاس کر لی اور اعلیٰ تعلیم کے لئے لاہور کے گورنمنٹ کالج میں داخل ہوئے تو اس وقت تک احمدی طلباء مختلف کالجوں کے ہوسٹلوں میں رہتے تھے اور ان کے یکجا رہنے کا کوئی انتظام نہ تھا۔ آپ نے دوڑ دھوپ کر کے احمدیہ ہوسٹل قائم کروایا اور اس کے لئے بہت اچھا مکان کرایہ پر لیا گیا۔ ۱۹۱۵ء سے لے کر ۱۹۴۷ء یعنی تقسیم ملک تک یہ ہوسٹل قائم رہا۔

آپ کا مقام سلسلہ عالیہ احمدیہ میں عزت و احترام کا حامل تھا۔ کیونکہ آپ کو حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ سے فخر دامادی حاصل تھا۔ سلسلہ کے ساتھ آپ کو جو مخلصانہ تعلق تھا وہ اس حقیقت سے عیاں ہے کہ آزادی ملک کے معاً بعد جب جماعت احمدیہ مشکلات سے دوچار تھی۔ آپ نے صدر انجمن احمدیہ کے کام کی پوری ذمہ داری کو ناظر اعلیٰ کی حیثیت میں سنبھالا۔ یہ وہ زمانہ تھا جبکہ صدر انجمن احمدیہ مالی لحاظ سے سخت مشکلات

میں تھی۔ اسے آدمیوں کی بھی ضرورت تھی۔ جماعتی یکجہتی اور تنظیم کو قائم رکھنے کے لئے اپنے امام کی اطاعت میں اس کی معاونت کی اشد ضرورت تھی۔ آپ نے اس ذمہ داری کو اپنی صحت کے آخری ایام تک جفاکشی کے ساتھ ادا کیا۔

آپ نے ۱۸ ستمبر ۱۹۶۱ء بروز دوشنبہ بوقت ۸½ بجے صبح لاہور میں بعمر ۷۶ سال وفات پائی۔

حضرت نواب عبداللہ خاں صاحب خدا تعالیٰ کے شاکر بندے تھے اور غالباً یہ ان کے کیریکٹر کا سب سے نمایاں پہلو تھا۔ ہر حالت میں خدا تعالیٰ کا شکر ادا کرنے سے نہیں تھکتے تھے۔ ان کا ایک نمایاں وصف مہمان نوازی بھی تھا۔ وہ اپنے احباب کی دعوتیں کرکے جتنے خوش ہوتے تھے اور کسی بات سے اتنا خوش نہ ہوتے۔ آپ دل کے غریب، غریب دوست اور غریب نواز انسان تھے۔ لیکن حق بات کہنے میں وہ نڈر تھے اور حق گوئی میں وہ کسی کا بھی لحاظ نہ کرتے تھے۔ تمام دنیوی سامان میسر ہوتے ہوئے بھی آپ نے نہایت سادہ زندگی گزاری۔ تکلفات کو اپنی ذات میں کبھی داخل نہیں ہونے دیا۔ سلسلہ کی ہر مالی و قالی خدمت میں سب سے پیش پیش رہے۔ اللہ تعالیٰ کی آپ پر بے شمار رحمتیں ہوں۔

حضرت میر محمد اسمٰعیل صاحب

حضرت میر محمد اسمٰعیل صاحب وہ خوش نصیب رفیق ہیں جنہیں بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کے نسبتی بھائی ہونے کا فخر حاصل ہوا۔ آپ اپنی عظیم بہن سے سولہ برس چھوٹے تھے۔ حضرت سیدہ کی ولادت ۱۸۶۵ء کی ہے۔ ان کی ولادت کے بعد حضرت میر ناصر نواب صاحب کے ہاں پانچ بچے پیدا ہوئے جو سب خدا کی مشیئت نے اپنے پاس بلا لئے۔ ان کے بعد ۱۸ جولائی ۱۸۸۱ء بروز دوشنبہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو لڑکا عطا فرمایا جن کا نام محمد اسمٰعیل رکھا۔ جن کا وجود لوگوں کے لئے بہت نافع الناس ثابت ہوا جو سماءِ احمدیت کے درخشندہ ستارے ثابت ہوئے۔

حضرت میر محمد اسمٰعیل صاحب ۱۹۰۰ء میں ایف۔ ایس۔ سی کے امتحان میں فرسٹ ڈویژن میں کامیاب ہوئے۔ حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ اور اہل خانہ سبھی کا مشورہ یہی تھا کہ ڈاکٹری میں داخلہ لیا جائے۔۔۔ جب داخلہ کا وقت آیا تو محترم میر صاحب کو بوجہ فسٹ ڈویژن کے بارہ روپے ماہوار وظیفہ حکومت کی طرف سے آپ کو باقاعدہ پانچوں سال وظیفہ ملتا رہا۔ اسی طرح آپ کی ڈاکٹری کی تعلیم مکمل ہوئی۔۔۔ جب آپ میڈیکل کے آخری سال کا امتحان دے چکے نتیجہ کے بارہ میں فکر تھی تو بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بتایا گیا "اسسٹنٹ سرجن" چنانچہ آپ تمام پنجاب میں اوّل نمبر پہ پاس ہوئے۔ ملازم ہو کر دہلی متعین ہوئے ۱۹۰۷ء میں لاہور میو ہسپتال میں متعین ہوئے۔ اس کے علاوہ پانی پت۔ گوجرہ۔ چکوال ضلع ڈیرہ غازیخان

سرسہ ضلع حصار۔ لائل پور۔ فاضلکا ضلع فیروز پور۔ گورداسپور اور شملہ وغیرہ میں آپ متعین رہے۔"

"حضرت میر محمد اسمٰعیل صاحب نے ریتی چھلہ کے قریب دارالعلوم میں اپنا مکان بنوایا۔ ریٹائرڈ ہونے کے بعد اسی میں قیام کیا۔۔۔ آپ کا اندرون شہر ایک اور مکان تھا جس کا نام "کنج عافیت" آپ نے رکھا۔ وہ آپ نے سلسلہ کے لئے وقف کر دیا تھا۔"

حضرت میر محمد اسمٰعیل صاحب کو حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ سے عشق کی حد تک محبت تھی اور بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کو بھی آپ سے بہت تعلق تھا۔ قدرت ثانیہ کے دوسرے مظہر نے تو آپ کے لئے بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کے "منظور نظر" کے الفاظ استعمال فرمائے ہیں۔ ۱۹۰۶ء میں جب صدر انجمن احمدیہ کا قیام عمل میں آیا تو بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ نے آپ کو بھی اس کا ممبر مقرر فرمایا ۱۹۲۴ء میں قدرت ثانیہ کے دوسرے مظہر انگلستان کے سفر پر تشریف لے گئے تو حضرت میر محمد اسمٰعیل صاحب کو آپ نے ناظر اعلیٰ مقرر فرمایا اس موقع پر حضور نے فرمایا۔" ان کے دل میں بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کی محبت بلکہ عشق خاص طور پر پایا جاتا ہے۔ اس محبت کی وجہ سے روحانیت کا ایک خاص رنگ ان میں پیدا ہو گیا ہے۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں۔ ایسی ٹھوکر سے جو دوسروں کو لگ جاتی ہے۔ یا لگ سکتی ہے۔ خدا نے ان کو محفوظ کیا ہے۔ اور میں امید کرتا ہوں کہ اس تعلق کی وجہ سے جو برکات ان پر نازل ہوتی ہیں ان کے باعث جماعت کے لئے بہت مفید ثابت ہوں گے۔

علم کی دو قسمیں بیان کی گئی ہیں۔ علم ادیان اور علم الابدان۔ حضرت میر صاحب علم کی دونوں اقسام کے جامع تھے۔ آپ ایک ماہر سرجن ہمدرد ڈاکٹر۔ نافع الناس کے ساتھ ساتھ دینی علوم پر گہری دسترس رکھتے تھے۔ ریٹائرڈ ہونے کے بعد جہاں آپ کا طبی فیضان جاری رہا وہاں الفضل کے صفحات شاہد ہیں کہ ہر اہم اور پیش آمدہ مسئلہ پر آپ کے اسپ قلم نے جولانیاں دکھائیں۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے حضرت میر محمد اسمٰعیل صاحب کو ان کی وفات کے وقت کے بارہ میں بھی بتلا دیا تھا۔ مرزا عزیز احمد صاحب راوی ہیں کہ وفات سے کچھ عرصہ قبل میر صاحب نے مرزا منور احمد صاحب کو بتلایا کہ میری وفات چھیاسٹھ سال کی عمر میں ماہ جولائی میں جمعہ کے دن ہو گی اور یہ بات میں ایک خواب کی بنا پر کہتا ہوں"

۱۸ جولائی ۱۹۴۷ء جمعہ کا روز تھا۔۔ ساتھ بجکر چالیس منٹ پر آپ نے آخری سانس لی اور میر ناصر نواب کا لخت جگر۔ اماں جان کا بھائی۔ بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کا منظور نظر اپنے خدا کے حضور حاضر ہو گیا۔

حضرت میر صاحب عشقِ الٰہی کا چلتا پھرتا مجسمہ تھے۔ سلسلہ کی عزت و عظمت کا قیام ان کا مطمعِ نظر تھا۔ وہ ہر وقت دینی مطالعہ میں مستغرق رہتے۔ خدا کی قدرتوں پر فکر کرتے رہتے۔ بڑے نکتہ رس عالم دین تھے۔"

الفضل ۲۲ جولائی ۱۹۴۷ء

حضرت میر محمد اسحٰق صاحب

"حضرت میر محمد اسحٰق صاحب ۱۸۹۰ء میں لدھیانہ میں پیدا ہوئے جہاں آپ کے والد محترم میر ناصر نواب صاحب ملازم تھے۔ آپ کی والدہ محترمہ کا نام سید بیگم صاحبہ تھا۔ زندہ رہنے والے ایک بہن اور دو بھائیوں سے آپ چھوٹے تھے۔ . . آپ نے عشقِ رسول، علم، سیرت، حسنِ سلوک اور خدمتِ سلسلہ کی وہ حسین یادیں چھوڑی ہیں جنہوں نے انہیں زندۂ جاوید کر دیا۔"

"باقاعدہ اور بے قاعدہ مولوی عبدالکریم صاحب۔ حافظ روشن علی صاحب۔ مولوی سرور شاہ صاحب۔ مولوی محمد اسمٰعیل صاحب اور قدرتِ ثانیہ کے مظہرِ اوّل سے عربی علوم پڑھنے کی کوشش کی۔ ۱۹۱۱ء میں مولوی فاضل کا امتحان پاس کیا . . . حضرت میر صاحب مدرس مدرسہ احمدیہ، استاذ الجامعہ، قاضی سلسلہ۔ ناظر اصلاح و ارشاد، ناظر المال، ناظر ضیافت ممبر صدر انجمن احمدیہ، صدر مجلس ارشاد، افسر جلسہ سالانہ کے جلیل القدر عہدوں پر متمکن رہے اور جس محکمہ میں آپ کا تقرر ہوا آپ نے اس میں ایک نئی زندگی پیدا کر دی کہ آپ کو اللہ تعالیٰ نے اعلیٰ درجہ کی انتظامی صلاحیتوں سے بہرہ ور فرمایا تھا۔ آپ سخت محنتی اور انتھک انسان تھے۔ جن لوگوں نے قادیان دیکھا ہے وہ جانتے ہیں کہ حضرت میر صاحب جن دنوں دارالانوار میں رہتے تھے۔ گرمیوں، سردیوں میں جامعہ احمدیہ جو قادیان کے ایک طرف تھا پیدل جاتے تھے۔ آپ وقت کی بہت پابندی فرماتے۔"

حضرت میر صاحب خود ایک قادر الکلام مقرر تھے۔ وہ مدمقابل کو اس طرح گھیرتے تھے جس طرح شکاری شکار کو گھیرتا ہے . . .

مدرسہ احمدیہ کے ایک استاد بیان کرتے ہیں کہ آپ فرمایا کرتے تھے۔ جو قوم سٹیج پر قابض ہو جاتی ہے وہ دنیا میں غلبہ پاتی ہے۔"

"آپ کا لباس بہت سادہ تھا۔ شلوار، قمیض، گرمیوں میں زین کا کوٹ اور سردیوں میں میں نے اپنی ہوش میں صرف ایک بار کوٹ بدلا ہوا دیکھا۔ سر پر ٹوپی ہوتی اور پاؤں میں گرگابی . . . بچپن میں آپ کا جسم دبلا پتلا تھا۔ آخر میں آپ کا جسم بھاری ہو گیا تھا۔ چہرہ بہت بارعب تھا۔ آنکھوں

کے بوٹے بھاری تھے۔ آپ کی چال میں بہت وقار ہوتا۔ میں نے ایک موقعہ پر دیکھا ایک دم بادل اٹھا اور بارش شروع ہو گئی۔ آپ بارش میں یوں چلے آرہے ہیں جیسے کوہ وقار۔ آپ فرمایا کرتے تھے جب بیت کی طرف آؤ تو سکینت اور وقار سے آؤ۔"

"حضرت میر صاحب صرف تقریر میں ہی کمال نہ رکھتے تھے آپ کا طرز تحریر اتنا موثر۔ محتاط اور دلنشیں تھا کہ پڑھنے والا عش عش کر اٹھتا۔ آپ نے بعض اہم موضوعات پر قریباً بیس کتب تصنیف فرمائیں۔"

دارالانوار میں ایک روز دو ناظر اپنے اپنے باغوں کے درختوں کا ذکر کر رہے تھے۔ کسی نے اپنے باغ کے آموں کا ذکر کیا اور کسی نے امرود کے درختوں کے لگانے کا ذکر کیا۔ یہ ذکر ہو رہا تھا کہ عین اسوقت دارالشیوخ کے چند یتیم و مسکین بچے جن میں بعض نابینا بھی تھے سامنے سڑک سے گزرے۔ حضرت میر صاحب نے ان بچوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: میں نے تو یہ پودے لگائے ہیں۔ خدا ان کو سرسبز و شاداب رکھے اور پروان چڑھائے۔ نجانے اب ان دونوں ناظروں کے باغوں میں جو پودے انہوں نے لگائے تھے وہ محفوظ بھی ہیں یا نہیں لیکن جو پودے حضرت میر صاحب نے لگائے وہ پھل پھول رہے ہیں۔

حضرت میر صاحب نے سترہ مارچ ۱۹۴۴ء کو رحلت فرمائی۔ اخبار الفضل نے آپ کی وفات کی خبر ان الفاظ میں دی :-

قادیان ۱۷ مارچ۔ سلسلہ عالیہ احمدیہ کا وہ نہایت ہی قیمتی اور گراں مایہ وجود نہ صرف بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کے مقدس خاندان سے نہایت ہی قریبی تعلق رکھنے کی وجہ سے اپنی خاندانی اور ذاتی اعلیٰ صفات کے لحاظ سے ایک خاص وجود تھا جو دینی علوم و معارف کا بحر بیکراں تھا جو احمدیہ اخلاق اور تہذیب کا اعلیٰ نمونہ تھا جو ہر مصیبت زدہ کا مددگار اور ہر محتاج کا دستگیر تھا جو یتیموں کا ملجاء اور بیوادں کا ماوی تھا جس کا دست سخا نہایت وسیع تھا جس نے ساری عمر متوکلانہ زندگی لبسر کی۔ جس کی زندگی کا ایک ایک لمحہ خدمت دین اور خدمت خلق اللہ کے لئے وقف تھا جو احمدیت کا ایک درخشندہ اور ضوافشاں ستارہ تھا۔ اور حقیقت تو یہ ہے کہ جسکی خوبیوں کا شمار ہم سے ممکن نہیں۔ یعنی حضرت میر محمد اسحٰق۔ انہیں آج بروز جمعہ یکایک خدا تعالیٰ نے اپنے پاس بلا لیا۔"

(الفضل ۱۹ مارچ ۱۹۴۴ء)

قدرت ثانیہ کے دوسرے مظہر نے آپ کی وفات پر فرمایا :-

"میر محمد اسحٰق صاحب خدمات سلسلہ کے لحاظ سے غیر معمولی وجود تھے۔ درحقیقت میرے بعد

علمی لحاظ سے جماعت کا فکر اگر کسی کو تھا تو اُن کو ... ایسے شخص کی وفات پر طبعاً لوگوں میں یہ احساس پیدا ہوتا کہ اب ہم کیا کریں گے لیکن اگر ہماری جماعت کا ہر شخص ویسا ہی بننے کی کوشش کرتا تو آج یہ احساس نہ پیدا ہوتا کہ اب ہم کیا کریں گے ... احباب کی اس غلطی کی وجہ سے کہ ہر ایک نے وقت پر اپنے آپ کو سلسلہ کا واحد نمائندہ تصور نہ کیا اور اس کے لئے کوشش نہ کی۔ آج میر صاحب کی وفات ایسا بڑا نقصان ہے کہ نظر آرہا ہے اس نقصان کو پورا کرنا آسان نہیں۔ حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کے زمانہ میں مولوی عبدالکریم صاحب اس طرز کے آدمی تھے۔ ان کے بعد حافظ روشن علی صاحب تھے اور تیسرے اس رنگ میں میر صاحب رنگین تھے۔"

(اخبار الفضل یکم اپریل ۱۹۴۴ء)

حضرت مولوی حسن علی صاحب بھاگلپوری

حضرت مولانا حسن علی صاحب ولد محمد علی صاحب (ولادت ۲۲ اکتوبر ۱۸۵۲ء بمقام بھاگلپوری۔ وفات ۱۸۹۶ء) بہت ذہین تھے آپ نے عربی فارسی اور اردو سیکھی۔ بوجہ مذہبی رجحان ایف اے سے تعلیم ترک کردی اور مذہبی تحقیقات میں سرگرداں رہے۔ پھر پٹنہ میں نارمل سکول کے ہیڈ ماسٹر متعین رہے۔ آپ کو ہندی اور بنگلہ زبانوں میں بھی مہارت حاصل تھی۔ کچھ عرصہ بہار بندھو وغیرہ اخبارات کے ایڈیٹر رہے۔ آپ بلند پایہ مصنف بھی تھے۔

ایک درویش صفت بزرگ سے مذاکرات سے آپ کے قلبِ صافی نے جلا پایا اور دینِ حق پر پوری طرح عامل ہو گئے۔ آپ رفاہِ عام کے کاموں میں شرکت کرتے تھے پٹنہ کے رفاہ عام سے متعلق ہر جلسہ میں آپ کی تقریر ہوتی تھی۔ آپ نے ہدایت خداوندی کی تعمیل میں مدرسہ کی ہیڈ ماسٹری اور دیگر دنیوی مشاغل ۱۸۸۶ء میں ترک کرائے۔ تا بقیہ عمر دینِ حق کا وعظ کریں۔ آپ کو "شمس الواعظین" کا لقب عطا ہوا۔ سات سال تک ہندوستان کے طول و عرض میں وعظ کا سلسلہ جاری رکھا۔ کئی سو ہنود نے آپ کے دستِ مبارک پر دینِ حق قبول کیا۔ ۱۸۹۲ء میں بمقام لاہور آپ کی ملاقات علامہ دہر حضرت حکیم نورالدین صاحب رفیق حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ سے ہوئی جن کی گفتگو سے وہ بہت متاثر ہوئے بعدہٗ ۲ جنوری ۱۸۹۴ء کو حضرت سیٹھ عبدالرحمٰن صاحب آف مدراس کے ہمراہ قادیان تشریف لے گئے جہاں اوّلین ملاقات میں ہی وہ حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کے ہزار جان سے عاشق ہو گئے اور ۱۱ جنوری ۱۸۹۴ء میں آپ نے بیعت کرلی "انجام آتھم" میں تین سو تیرہ رفقاء میں آپ کا نام مرقوم ہے۔ آپ ۴۳½ برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ وفات کے قریب آپ نے ایک کتاب "تائیدِ حق" تالیف کی تھی جو کئی بار طبع ہوئی۔

تحریکِ جدید کا اجراء —— ارشاداتِ حضرت فضلِ عمر

جماعت کی تاریخ میں ۱۹۳۴ء کو ایک خاص عظمت و اہمیت حاصل ہے۔ جماعت کی ہر میدان میں نمایاں کامیابیاں اور فتوحات مخالفین کیلئے ایسی بات نہ تھی جسے وہ بخوشی برداشت کر لیتے۔ چنانچہ اس سال دبی دبی مخالفت ایک تند و تیز طوفان کی شکل اختیار کر گئی۔ مخالفوں کی ہر طرح کی ایذا رسانیوں اور دھمکیوں کے ساتھ اسوقت کی انگریز حکومت کے بعض ذمہ دار افسران بھی معاندانہ کارروائیوں میں شامل ہو گئے۔ ہماری جماعت کے فتح نصیب رہنما قدرتِ ثانیہ کے مظہر دوم حضرت سیدنا بشیرالدین محمود احمد نے مخالفوں کی گالیوں، دھمکیوں قتل و غارت کے مقابلہ میں کوئی گالی نہ دی کسی غصہ کا اظہار نہ فرمایا کسی دنیوی مقابلہ کا چیلنج نہ دیا بلکہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کے اس ارشاد کی تعمیل میں کہ

عدو جب بڑھ گیا شور و فغاں میں
نہاں ہم ہو گئے یارِ نہاں میں

جماعت کو نفس کشی۔ مجاہدات اور قربانیوں کے لئے بلاتے ہوئے جماعت کے سامنے نہایت دور رس نتائج کا حامل، انقلابی پروگرام پیش فرمایا جو عام طور پر تحریکِ جدید کے نام سے معروف ہے۔ بانیٔ تحریک مؤیّد من اللہ حضرت سیدنا محمود تحریک جدید کا پسِ منظر بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

"یہ تحریک ایسی تکلیف کے وقت میں شروع کی گئی تھی کہ یوں معلوم ہوتا تھا کہ دنیا کی ساری طاقتیں جماعت احمدیہ کو مٹانے کے لئے جمع ہو گئی ہیں۔ ایک طرف (مخالفوں) نے اعلان کر دیا کہ انہوں نے جماعت احمدیہ کو مٹانے کا فیصلہ کر لیا ہے اور وہ اس وقت تک سانس نہ لیں گے جب تک اسے مٹا نہ لیں۔ دوسری طرف جو لوگ ہم سے ملنے جلنے والے تھے اور بظاہر ہم سے محبت کا اظہار کرتے تھے انہوں نے پوشیدہ بغض نکالنے کے لئے اس موقعہ سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے سینکڑوں اور ہزاروں روپے سے ان کی امداد کرنی شروع کر دی تھی اور تیسری طرف سارے ہندوستان نے ان کی پیٹھ ٹھونکی۔۔۔ یہاں تک کہ۔۔۔۔ اس سے متأثر ہو کر گورنمنٹ انگریزی نے بھی ہمارے خلاف ہتھیار اٹھا لئے اور یہاں کئی بڑے بڑے افسر بھیج کر۔۔۔۔ ہمارے خلاف جلسہ کرایا گیا۔"

الفضل (۲۴-۱۲-۴۷)

"گورنمنٹ انگریزی نے جو ہماری ہتک کی۔۔۔ (اوروں) نے جو اذیت پہنچائی اس کا یہ فائدہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے ذریعہ ہمارے دلوں میں درد

کی کیفیت پیدا کردی اور وہی بات ہوئی جو مولینا رومؒ نے فرمائی ہے۔

بر بلا کیں قوم را حق دادہ اند

زیرِ آں گنجِ کرم بنہادہ اند

یعنی ہر بلا جو دیم، پر آتی ہے اس کے نیچے خدا کی رحمتوں اور فضلوں کا ایک خزانہ مخفی ہوتا ہے۔ پس یہ بھی اس کے کرم کا ایک خزانہ تھا جو خدا تعالیٰ نے ہمیں دیا کہ جماعت کو بیدار کر دیا اور جو لوگ سست اور غافل تھے ان کو بھی چوکنا کر دیا۔ پس یہ ایک ایسا واقعہ تھا جو دنیوی نگاہ میں مصیبت تھا مگر خدا تعالیٰ کے نزدیک رحمت تھا اور میں نے نہیں چاہا کہ اس سے صرف موجودہ نسل ہی حصہ لے۔ بلکہ یہ چاہا ہے کہ آئندہ نسلیں بھی اس سے حصہ پائیں اور میں نے اس سکیم کو ایسا رنگ دیا ہے کہ آئندہ نسلیں بھی ۔ ۔ ۔ اعلیٰ طریق پر جو خدا کے بندے اختیار کرتے آئے ہیں اسے یاد رکھ سکیں اور اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔"

(الفضل ۷-۱۲-۱۳۴۳)

اللہ تعالیٰ کے فضل سے حضور کے ہاتھوں دینی خدمات کے بے مثال کارنامے ظاہر ہوئے۔ تحریکِ جدید کو ان کارناموں میں نمایاں مقام حاصل ہے چنانچہ حضور فرماتے ہیں۔

"غرض تحریکِ جدید کے پیش کرنے کے موقع کا انتخاب ایسا اعلیٰ تھا جس سے بڑھ کر اور کوئی اعلیٰ انتخاب نہیں ہو سکتا اور خدا تعالیٰ نے مجھے اپنی زندگی میں جو خاص کامیابیاں اپنے فضل سے عطا فرمائی ہیں ان میں سے ایک اہم کامیابی تحریک جدید کو عین وقت پر پیش کر کے مجھے حاصل ہوئی اور یقیناً میں سمجھتا ہوں جس وقت میں نے یہ تحریک کی وہ میری زندگی کے خاص مواقع میں سے ایک موقع تھا اور میری زندگی کی ان بہترین گھڑیوں میں سے ایک گھڑی تھی جبکہ مجھے اس عظیم الشان کام کی بنیاد رکھنے کی توفیق ملی۔ اس وقت جماعت کے دل ایسے تھے جیسے چلتے گھوڑے کو جب روکا جائے تو اس کی کیفیت ہوتی ہے۔"

(الفضل ۳۶-۲-۸)

تحریکِ جدید کی سکیم پیش کرنے سے قبل حضور نے جماعت کو قربانیوں کے لئے تیار رہنے کی تلقین کرتے ہوئے فرمایا۔

سات یا آٹھ دن تک اگر خدا تعالیٰ نے مجھے زندگی اور توفیق بخشی تو میں ایک نہایت اہم اعلان جماعت کے لئے کرنا چاہتا ہوں ۔ ۔ ۔ اس اعلان کی ضرورت اور اس کی وجوہ بھی میں اسی وقت بیان کروں گا۔ لیکن اس سے پہلے میں آپ لوگوں کو اس امر کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ آپ لوگ احمدی کہلاتے ہیں۔ آپ لوگوں کا دعویٰ ہے کہ آپ خدا تعالیٰ کی چنیدہ جماعت ہیں ۔ ۔ ۔ اور آپ لوگوں کا دعویٰ ہے کہ (آپ کی) قربانیوں کے بدلے اللہ تعالیٰ سے آپ لوگوں نے جنت کا سودا کر لیا ہے۔

یہ دعویٰ آپ لوگوں نے میرے ہاتھ پر دہرایا بلکہ آپ میں سے ہزاروں انسانوں نے اس عہد کی

ابتدا میرے ہاتھ پر کی ہے کیونکہ وہ میری زمانہ میں احمدی ہوئے ہیں۔ قرآنِ کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر تمہارے باپ تمہارے بیٹے تمہاری بیویاں تمہارے عزیز و اقارب تمہارے اموال اور تمہاری جائیدادیں تمہیں خدا تعالیٰ اور اسکے رسول سے زیادہ پیارے ہیں تو تمہارے ایمان کی کوئی حقیقت نہیں۔ یہ ایک معمولی اعلان نہیں بلکہ اعلانِ جنگ ہوگا۔ ہر اس انسان کے لئے جو اپنے ایمان میں ذرہ بھر بھی کمزوری رکھتا ہے یہ اعلانِ جنگ ہوگا۔ ہر اس شخص کیلئے جسکے دل میں نفاق کی کوئی بھی رگ باقی ہے لیکن میں یقین رکھتا ہوں کہ ہماری جماعت کے تمام افراد سوائے چند لوگوں کے سب سچے مومن ہیں اور اس دعویٰ پر قائم ہیں جو انہوں نے بیعت کے وقت کیا تھا اور اس دعویٰ کے مطابق جس قربانی کا بھی ان سے مطالبہ کیا جائیگا اسے پورا کرنے کیلئے ہر وقت تیار رہیں گے۔" الفضل ۲۳ اپریل ۱۹۴۴ء

آنے والی عظیم تحریک کیلئے تیاری کا ایک مرحلہ یہ بھی تھا کہ حضور نے احباب جماعت کو اپنا ماحول پاک و صاف رکھنے کی تلقین فرمائی۔ آپ فرماتے ہیں :۔

کامیابی کیلئے ضروری ہے کہ ماحول ٹھیک ہو۔ اگر گرد و پیش کے حالات موافق نہ ہوں تو کامیابی نہیں ہو سکتی اس نکتہ کو نہ سمجھنے کی وجہ سے بہت لوگ نیکی سے محروم رہ جاتے ہیں۔ ان کے اندر نیکی کرنے کا مادہ بھی موجود ہوتا ہے اور جذبہ بھی مگر وہ ایسا ماحول نہیں پیدا کر سکتے جس کے ماتحت صحیح قربانی کر سکیں۔ پس ماحول کا خاص طور پر خیال رکھنا ضروری ہے۔ ... میں نے دیکھا ہے کہ بہت سے لوگ نیکیوں سے اس لئے محروم رہ جاتے ہیں کہ وہ ماحول نہیں پیدا کر سکتے۔

یاد رکھو کہ یہ ماحول اس وقت تک پیدا نہیں ہو سکتا جب تک عورتیں اور بچے ہمارے ساتھ نہ ہوں۔ مرد اپنی جانوں پر پانچ دس فیصدی خرچ کرتے ہیں۔ ... اور باقی نوے پچانوے فیصد عورتوں اور بچوں پر خرچ ہوتا ہے۔ ... ان حالات میں ... اگر قربانی کرنا بھی چاہیں تو کیا کر سکتے ہیں۔ جب عورتیں اور بچے ساتھ نہ دیں اور جب تک وہ یہ نہ کہیں کہ ہم ایسا ماحول پیدا کر دیتے ہیں کہ مرد قربانی کر سکیں۔ ... مالی قربانی کی طرح جانی قربانی کا بھی یہی حال ہے۔ جسم کو تکلیف پہنچانا کس طرح ہو سکتا ہے جب تک اس کیلئے عادت نہ ڈالی جائے جو مائیں اپنے بچوں کو وقت پر نہیں جگاتیں۔ وقت پر پڑھنے کیلئے نہیں بھیجتیں ان کے کھانے پینے میں ایسی احتیاط نہیں کرتیں کہ وہ آرام طلب اور عیاش نہ ہو جائیں وہ قربانی کیا کر سکتے ہیں۔ عادتیں جو بچپن میں پیدا ہو جائیں وہ نہیں چھوٹتیں ... پس جانی قربانی بھی اس وقت تک نہیں ہو سکتی جب تک عورتیں اور بچے ہمارے ساتھ متحد نہ ہوں جب تک مائیں متحد نہیں ہوں گی تو وہ روز ایسے کام کریں گی جن سے کوئی فائدہ نہیں ہو سکتا۔ (الفضل ۲۹ اپریل ۱۹۴۴ء)

ذہنی تیاری کیساتھ ساتھ عملی تیاری کیخاطر حضور نے جماعت سے پر زور مطالبہ کیا کہ وہ باہم متحد و یک جان ہو جائیں۔ حضور فرماتے ہیں :۔

"ہر وہ شخص جسکی کسی سے لڑائی ہو چکی ہے ہر وہ شخص جسکی کسی سے بول چال بند ہے وہ جائے اور اپنے بھائی سے معافی مانگ کر صلح کرے اور اگر کوئی معاف نہیں کرتا تو اس سے لجاجت اور انکسار کیساتھ معافی طلب کرے اور ہر قسم کا تذلل اسکے آگے اختیار کرے ... اور ایسا ہو کہ جس وقت میں دوسرا اعلان کرنے کے لئے کھڑا ہوں اس وقت کوئی دو احمدی ایسے نہ ہوں جنکی آپس میں بول چال بند ہو۔ پس جاؤ اور اپنے دلوں کو صاف کر دو جاؤ اور اپنے بھائیوں سے معافی طلب کر کے متحد ہو جاؤ۔ اور ہر تفرقہ اور شقاق کو اپنے اندر سے دور کر دو۔ تب خدا تعالیٰ کے فرشتے تمہاری

مدد کے لئے اتریں گے۔ آسمانی فوجیں تمہارے دشمنوں سے لڑنے کے لئے نازل ہوں گی اور تمہارا دشمن خدا کا دشمن سمجھا جائے گا۔"

اس کے علاوہ آپ نے محنتی بے لوث مخلص پڑھے لکھے نوجوانوں کو جو دین کی خاطر خطرات میں کودنے اور جان قربان کرنے کا صدمہ رکھتے ہوں اپنی زندگیاں خدمت کے لئے پیش کرنے کی تحریک فرمائی۔ تیسرا امر جس کی آپ نے تحریک فرمائی وہ یہ تھا کہ ہر احمدی اپنے چندوں کے بقایاجات ادا کر کے اپنا حساب صاف کرے۔

"تحریکِ جدید" خدا تعالیٰ کی خاص حکمتوں میں سے ایک حکمت ہے۔ سیدنا حضرت فضلِ عمر فرماتے ہیں۔

"تحریکِ جدید ایک ہنگامی چیز کے طور پر میرے ذہن میں آئی تھی اور جب میں نے اس تحریک کا اعلان کیا اس وقت خود مجھے بھی اس تحریک کی کئی حکمتوں کا علم نہیں تھا اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ایک نیت اور ارادہ کے ساتھ میں نے یہ سکیم جماعت کے سامنے پیش کی تھی کیونکہ واقعہ یہ تھا کہ جماعت کی ... شدید ہتک کی گئی تھی اور سلسلہ کا وقار خطرے میں پڑ گیا تھا۔ پس میں نے چاہا کہ جماعت کو اس خطرے سے بچاؤں مگر بعض اوقات اللہ تعالیٰ کی رحمت انسانی قلب پر تصرف کرتی ہے اور روح القدس اس کے تمام ارادوں اور کاموں پر حاوی ہو جاتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں میری زندگی میں بھی یہ ایسا واقعہ تھا جبکہ روح القدس میرے دل پر اترا اور وہ میرے دماغ پر ایسا حاوی ہو گیا کہ مجھے یوں محسوس ہوا کہ گویا اس نے مجھے ڈھانک لیا ہے اور ایک نئی سکیم۔ ایک دنیا میں تغیر پیدا کر دینے والی سکیم میرے دل پر نازل کر دی ہے اور میں دیکھتا ہوں کہ میری تحریکِ جدید کے اعلان سے پہلے کی زندگی اور بعد کی زندگی میں زمین و آسمان کا فرق ہے ....

تب میں سمجھا کہ یہ (تحریکِ جدید کا پس منظر۔ ناقل) خدا تعالیٰ کی خاص حکمت نے کھڑا کیا تھا تا وہ ہماری نظروں کو اس عظیم الشان مقصد کی طرف پھرا دے جس کے لئے اس نے حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کو بھیجا۔ پس پہلے میں صرف ان باتوں پر ایمان رکھتا تھا مگر اب میں صرف ایمان ہی نہیں رکھتا بلکہ میں تمام باتوں کو دیکھ رہا ہوں ۔.... ایک ایک چیز کا اجمالی علم میرے ذہن میں موجود ہے۔"

الفضل ۳۹-۴-۷

یہ تحریک بھی جو القاء الٰہی کے نتیجہ میں تھی پہلے مخفی تھی۔ مگر جب اس پر غور کیا گیا تو یہ اس قدر تفصیلات کی جامع نکلی کہ میں سمجھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے زمانہ کے لئے اس میں اتنا مواد جمع کر دیا ہے کہ اصولی طور پر اس میں وہ تمام باتیں آگئی ہیں جو کامیابی کے لئے ضروری ہیں۔

الفضل ۱۹۶۱-۲-۲۶

حضور نے ابتداً اس سکیم کو تین سال کے لئے پیش فرمایا تھا مگر خدا تعالیٰ کی نہاں در نہاں حکمتوں کے اظہار اور اس کے فوائد و نتائج کو دیکھتے ہوئے اسے مستقل

شکل دے دی گئی۔ حضور فرماتے ہیں :۔

"ایک عظیم الشان کام ہمارے سپرد کیا گیا تھا۔ لیکن ہم ابھی تک اس محل کی بنیادوں کے خاتمہ اور ڈیوڑھی تک بھی نہیں پہنچے جس کی تعمیر اور جس کی آبادی ہمارے ذمہ فرض تھی۔ . . . اللہ تعالیٰ کے فضل ہمیں کبھی کبھی جگاتے اور ہوشیار کرتے ہیں۔ . . . اللہ تعالیٰ کے ایک فضل نے مجھ سے تحریکِ جدید کو جاری کرایا جس کی غرض بھی ہمیں ہوشیار کرنا تھا۔ تحریک کے اصل معنی حرکت دینے کے ہیں اور اس نام سے میری مراد یہی تھی کہ جماعت کو بیدار کیا جائے۔ یہ نہیں کہ جماعت کو کوئی نئی چیز دی جائے۔ علم رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ختم ہو چکا ہے۔ کسی ماں نے اب ایسا بچہ نہیں جنا جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے علم میں ایک شوشہ کا بھی اضافہ کر سکے یا اس میں کمی کر سکے . . . . . تحریکِ جدید بھی . . . ایک تشریح ہے کوئی نئی چیز نہیں۔ عربی میں حرک کے معنی ہیں ہلانا اور اسی لحاظ سے اس کو تحریکِ جدید کہا گیا تھا کہ یہ جماعت کو بیدار کرنے اور جگانے کیلئے تھی۔ . . . . میں نے پہلے اعلان میں کہا تھا کہ یہ ابتداً تین سال کے لئے ہے مگر وصالِ الٰہی۔ استحکامِ دین اور اس کی اشاعت کا کام تین سال سے نہیں بلکہ عمروں سے تعلق رکھتا ہے اور کوئی شخص جس دن اس کام کو ختم سمجھے وہی اس کی تباہی کا دن ہے۔" (الفضل ۲۶ اکتوبر ۱۹۳۶ء)

تحریکِ جدید کی رُوح کو سمجھتے ہوئے اس کے تمام مطالبات پر کما حقہٗ عمل کرنے کو ایک نئی اور ہمیشہ کی زندگی کے حصول کا ذریعہ قرار دیتے ہوئے حضور نے ارشاد فرمایا :۔

"میں جماعت کے تمام دوستوں کو اس امر کی طرف توجہ دلاتا ہوں کہ وہ تحریکِ جدید کی ہر قسم کی قربانیوں میں حصہ لیں اور جو وعدے انہوں نے کئے ہوئے ہیں انہیں پورا کریں اور سمجھ لیں کہ یہ ایک موت ہے جس کا ان سے مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ تم میں سے کئی ہیں جو کہتے ہیں ہم نے سینما نہیں دیکھا ہم مر گئے۔ تم میں سے کئی ہیں جو کہتے ہیں ہم ہمیشہ ایک کھانا کھاتے ہیں۔ ہم تو مر گئے۔ تم میں سے کئی ہیں جو کہتے ہیں کہ ہمیں تو ہمیشہ سادہ رہنا پڑتا ہے ہم تو مر گئے۔ تم میں سے کئی ہیں جو کہتے ہیں کہ ہمیں تو رات دن چندے دینے پڑتے ہیں ہم تو مر گئے۔ مَیں کہتا ہوں۔ ابھی تم زندہ ہو۔ مَیں تو تم سے حقیقی موت کا مطالبہ کرتا ہوں کیونکہ خدا یہ کہتا ہے کہ جب تم مر جاؤ گے تو پھر مَیں تمہیں زندہ کروں گا۔ پس یہ موت وہی ہے جس کا میں مطالبہ کرتا ہوں اور یہ موت ہی ہے جس کی طرف خدا اور اس کا رسول تمہیں بلاتا ہے اور یاد رکھو کہ جب تم مر جاؤ گے تو اس کے بعد خدا تمہیں زندہ کریگا۔ پس تم مجھے یہ کہہ کر مت ڈراؤ کہ ان مطالبات پر عمل کرنا موت ہے۔ مَیں کہتا ہوں یہ موت کیا اس سے بڑھ کر موت تم پر آنی چاہیئے۔ تاکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کامل احیاء تمہیں حاصل ہو۔ پس اگر یہ موت ہے تو خوشی کی موت ہے۔ اگر یہ موت ہے تو رحمت کی موت ہے۔ اور بہت ہی مبارک وہ شخص ہے جو موت کے اس دروازہ سے گزرتا ہے کیونکہ وہی ہے جو خدا تعالیٰ کے ہاتھوں ہمیشہ کے لئے زندہ کیا جائے گا۔

برّ اعظم افریقہ میں جماعتِ احمدیہ کی خدمات

حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ فرماتے ہیں :۔ ؎

مرا مقصود و مطلوب و تمنّا خدمتِ خلق است
ہمیں کارم ہمیں بارم ہمیں رسمم ہمیں راہم

نیز آپ نے اپنے متبعین کے لئے ایک شرط یہ قرار دی کہ :۔

"ہر وہ شخص جو آپ کے حلقۂ بیعت میں داخل ہو وہ عام خلق اللہ کی ہمدردی میں محض للہ مشغول رہے گا اور جہاں تک بس چل سکتا ہے اپنی خداداد طاقتوں اور نعمتوں سے بنی نوع کو فائدہ پہنچائے گا۔"

پس جماعت احمدیہ ابتداء سے ہی خدا تعالیٰ کے فضل سے حتی المقدور مخلوقِ خدا کی خدمت اور خیر خواہی کے لئے کوشاں ہے اس کا ہر فرد انفرادی رنگ میں اور اجتماعی رنگ میں بنی نوع انسان کی ہمدردی فلاح و بہبود اور بہتری کیلئے بلا کسی امتیاز اور جانبداری کے مصروف کار ہے

جماعت احمدیہ کا خدمتِ خلق اور ہمدردیٔ خلق اللہ کے کام کا دائرہ عمل یوں تو دُنیا کے قریبًا سب ممالک تک پھیلا ہُوا ہے۔ مگر ان خدمات کے واضح اور نمایاں اثرات برّاعظم افریقہ میں نظر آرہے ہیں جہاں ایسی اقوام آباد ہیں جن کو دُنیا نفرت کی نگاہ سے دیکھتی تھی۔ ان سے شرف انسانیت بھی چھین لیا گیا تھا۔ حضرت بلال رضؓ کی اس قوم کو استعماری طاقتوں نے جس رنگ میں لُوٹا اور توسیع سلطنت کے لئے جو ہتھکنڈے استعمال کئے اس کا خلاصہ مشرقی افریقہ کے ایک افریقی سیاستدان نے ایک مرتبہ ان الفاظ میں بیان کیا :۔

"یورپ کے سفید فام باشندے جب افریقہ میں وارد ہوئے تو ان کے ہاتھوں میں کتاب اور صلیب تھی اور ہمارے ہاتھوں میں زمین۔ اب کتاب اور صلیب تو ہمارے ہاتھ میں ہے لیکن ہماری زمینیں ان کے ہاتھوں میں ہیں۔"

یورپین اقوام نے ان ممالک کو زیر اثر رکھنے کے لئے فروغِ عیسائیت کو نسخۂ کیمیاء کے طور پر استعمال کیا۔ چنانچہ تاجروں اور سپاہیوں کے ساتھ عیسائی منادوں کے جیش بھی ساحلِ افریقہ پر اترنے شروع ہوئے خوف، لالچ۔ احساسِ کمتری۔ دنیاوی ترقی کی آرزو اور نہ جانے کتنی قسم کے محرکات نے اس یورپی کلچر کو دینِ مسیح کے نام پر ترقی دی مگر عملاً ان کو محکوم و مظلوم رکھا ان کی دولت کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا اور عیسائیت کو غالب کرنے کے لئے منصوبے مکمل کر لئے۔ برّاعظم افریقہ کے ممالک میں یہ وہ حالات تھے جن میں اس محروم اور دنیا کی ٹھکرائی ہوئی قوم کی مدد اور خدمت کے لئے جماعت احمدیہ کے مجاہدین وہاں پہنچے اور انہیں پیار اور محبت کا پیغام دیا ان کی پسماندگی اور پستی دور کرنے کے لئے جماعتِ احمدیہ نے مختلف ذرائع استعمال کئے چنانچہ مختلف ممالک میں انہیں علم کی دولت سے مالا مال کرنے کیلئے تعلیمی درسگاہوں کا انتظام کیا۔ پھر دکھوں اور بیماریوں میں مبتلا لوگوں کے لئے اور ان کی جسمانی صحت برقرار

ر کھنے کے لئے ہسپتالوں کا پروگرام بنایا۔

چنانچہ افریقن اقوام کی روحانی اور جسمانی اصلاح اور ان کی معاشرتی اور تمدنی بہبود کے لئے جو کام جماعت احمدیہ کے زیرِ اہتمام ہو رہا ہے اس کی ابتدا حضرت مرزا البشیر الدین محمود احمد کے ذریعہ ہو چکی تھی جن کو خدا تعالیٰ نے اپنے کلام میں "اسیروں کا رستگار" قرار دیا تھا۔

آپ نے نہایت ہی نامساعد حالات اور وسائل کی قلت کے باوجود براعظم افریقہ میں اپنے جانباز سپاہی بھیج کر مشنوں کی ابتدا کر دی جو لوگوں کی خدمت اور دینِ حق کی دفاعی جنگ میں مشغول ہو گئے۔

آپ کے مبارک عہد میں ہی مغربی افریقہ کے ممالک۔ نائجیریا۔ غانا۔ سیرالیون۔ گیمبیا اور لائبیریا میں مضبوط مشن جاری ہو چکے تھے۔ مشرقی افریقہ میں کینیا۔ یوگنڈا اور تنزانیہ وغیرہ میں مجاہدین بھجوائے گئے جنہوں نے تعلیم و تربیت کے میدان میں لوگوں کی خدمات کا آغاز کر دیا۔

تعلیمی خدمات

تعلیم کے میدان میں سب سے پہلے باوجود وسائل کی کمی کے نائجیریا میں ۱۹۲۰ء میں ایک سکول جاری کیا گیا جس میں افریقن بچوں خصوصاً مسلمان بچوں کے لئے تعلیم کے میدان میں خدمت مقصود تھی کیونکہ جو سکولز یوربین اقوام نے جاری کئے تھے ان میں عیسائیت کی تعلیم عملاً لازمی تھی۔ لہٰذا جو بچہ ان کے سکول میں داخل ہوتا اسے اصطباغ دے کر عیسائی بنا لیا جاتا اور اس کا نام بدل کر عیسائی نام رکھ دیا جاتا اس کے گلے میں صلیب لٹکا دی جاتی غرضیکہ عیسائی منادوں نے حکومت کی سرپرستی میں دل کھول کر تبلیغ کی اور عیسائیت کے سلئے ایوانِ شاہی اور آغوشِ مکتب دونوں کا سہارا لے کر پھیلنے لگے۔ جو سکول بظاہر غیر جانبدار یعنی حکومت کے سکول تھے ان میں بھی تمام اساتذہ عیسائی ہوتے لہٰذا مسلمان اپنے بچوں کو ان سکولز میں بھیجنے سے ڈرتے کہ کہیں ان کے بچوں کو اسلام سے برگشتہ کر کے عیسائی نہ بنا لیا جائے۔ اس لحاظ سے مسلمانوں کو دہرا نقصان ہوا۔ ایک تو ان کے جو بچے عیسائی سکولز میں گئے وہ عیسائی ہو گئے۔ دوسرے جو ان سکولز میں داخل نہ ہو سکے وہ دنیاوی تعلیم سے بے بہرہ رہنے کی وجہ سے محکوم و مظلوم حالت میں رہ گئے

چنانچہ جماعت کو خدا تعالیٰ نے یہ توفیق عطا فرمائی کہ اس میدان میں آئے اور عیسائیت کا چیلنج قبول کرتے ہوئے تعلیم کے سلسلہ میں مسلمانوں کی مدد کرے۔ لہٰذا عام پبلک کے لئے عموماً اور مسلمان بچوں کے لئے خصوصاً جماعت احمدیہ کے مشنوں نے مدارس قائم کرنے شروع کر دیئے۔

اس حقیقت کو تسلیم کرتے ہوئے نائجیریا (لیگوس) میں جماعت احمدیہ کی طرف سے قائم ہونے

والے پہلے سکول کی مستقل عمارت کے افتتاح کے موقع پر ایک نائجیرین دوست (Harry ۔۔ Carr) نے Muslim Education in Nigeria کے موضوع پر تقریر کرتے ہوئے کہا کہ

انگریز کی آمد سے قبل نائجیریا میں تعلیم قرآن مجید اور عربی کی تدریس تک محدود تھی۔ قرآن مجید کی سورتیں حفظ کروا دی جاتی تھیں۔ لکڑی کی تختیوں پر آیات لکھ دی جاتی تھیں جب بچے یاد کر لیتے تو معلم دوسری سورت لکھ دیتا (یہ طریق اب تک گھریلو سکولز میں جاری ہے)

جدید مغربی تعلیم کے آغاز کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ۱۸۶۰ء میں اس کی ابتداء عیسائی مشنریوں نے کی اور لمبے عرصے تک تعلیم پر ان کی اجارہ داری رہی۔ ۱۸۸۲ء میں حکومت نے مشنری سکولوں کی امداد کے لئے رقوم مختص کیں۔ ان دنوں میں سکول جانے والے طلبہ کی بھاری اکثریت عیسائی طلباء پر مشتمل تھی۔ معمولی مقدار میں مسلمان اور پیگن والدین کے بچے بھی تھے۔ حکومت نے مسلمانوں کو ترغیب دینے کی کوشش کی مگر خاطر خواہ نتیجہ نہ نکلا۔ سالہا سال تعلیمی نمائشوں کا اہتمام بھی کیا گیا۔ لیکن مسلمانوں نے توجہ نہ کی ۱۸۸۰ء میں بورڈ آف ایجوکیشن کی ایک خاص کمیٹی کو بھی اس صورتِ حال کے اسباب معلوم کرنے کے لئے مقرر کیا گیا۔ اس کمیٹی نے مندرجہ ذیل اسباب بیان کئے

(۱) والدین کی غربت۔ (۲) سماجی اور مذہبی تعصبات (۳) مغربی تعلیم پر بچوں کو والدین کا باغی بنانے کی ذمہ داری کا تصور (۴) مشنری سکولوں میں مغربی کلچر اپنانے پر زور (جسے والدین شکوک کی نگاہوں سے دیکھتے تھے)

کمیٹی کی اس رپورٹ کے بعد حکومت نے مسلمانوں کو اپنے سکول جاری کرنے کی ترغیب دی دوسری طرف عیسائی مشنری سوسائٹیوں کو اپنے سکولوں کے نصاب میں مسلمان بچوں کے لئے قرآن اور عربی تعلیم کا اہتمام کرنے کی ہدایت کی انہیں کہا گیا کہ مسلمان علماء کو اس خدمت کے لئے تحریک کی جائے۔ تیسری طرف قرآنی سکولوں کے چلانے والوں کو کہا گیا کہ وہ اپنے سکولز کے نصاب تدریس میں وسعت پیدا کریں۔ جس پر مشنری سوسائٹیوں نے معذوری ظاہر کی دوسری طرف مسلمان علماء نے بھی توجہ نہ کی چنانچہ ۱۸۶۶ء میں حکومت نے مسلمانوں کے لئے الگ گورنمنٹ مسلم سکول جاری کیا لیکن مسلمان اسے بھی جاری نہ رکھ سکے۔ حکومت کو مجبوراً بعد ازاں اس سکول کے دروازے دوسرے مذاہب کے طلباء کے لئے بھی کھولنے پڑے۔ اس مسلم سکول کو گورنمنٹ سکول میں تبدیل کرنے سے قبل مختلف مقامات میں زعماء کو ترغیب دی کہ وہ بچوں کے لئے اپنے سکول جاری کریں لیکن انہوں نے توجہ نہ دی۔ بے حسی اور غفلت کے اس سکوت کو جماعتِ احمدیہ نے

۱۹۲۱ء میں توڑا۔ اور حضرت مولانا عبدالرحیم صاحب نیرؔ کی رہنمائی میں جدید طرز کا پہلا احمدیہ سکول لیگوس میں جاری ہوا۔ اس پر تبصرہ کرتے ہوئے فاضل مقرر نے کہا:۔

جماعت احمدیہ کو یہ کریڈٹ حاصل ہے کہ لیگس میں صحیح اور مناسب طریق پر ایک سکول قائم کرنے کے لئے قربانی پیش کرنے میں انہیں اولیت حاصل ہے۔ غرض کہ نائجیریا۔ غانا اور سیرالیون میں اس قسم کے حالات میں احمدیہ مشنوں نے طلباء کی تعلیم کی طرف توجہ دی اور جماعت احمدیہ کے جذبۂ خدمت سے متاثر ہو کر مسلمانوں نے بھی اپنے آپ کو منظم کیا اور احمدیہ مشن نے ان کی حوصلہ افزائی کی اور ہر لحاظ سے ان کی مدد کی چنانچہ افریقہ میں مسلمانوں کی مذہبی اور تعلیمی میدان میں بیداری کی ایک رَو چل نکلی ہے اور آج نائجیریا۔ غانا سیرالیون اور دیگر ممالک میں سینکڑوں مسلم سکولز چل رہے ہیں۔ مگر اس تمام بیداری کا سہرا جماعت احمدیہ کے سر ہے کیونکہ بےعلمی اور غفلت کی گہری نیند سے بیدار کرنے والی پہلی ندا احمدی مربّیوں نے بلند کی۔

۱۹۵۵ء میں جب حکومت نائجیریا نے کونسل آف سکول پروپرائٹرز کو بیس سکول دیئے تو ان میں سے آٹھ سکول احمدیہ مشن کو دیئے گئے۔ احمدیت کی برکت سے آج نائجیریا میں مسلمانوں کی معاشی سیاسی اور زندگی میں ایک عظیم الشان انقلاب رونما ہو چکا ہے رومن کیتھولک کے اخبار کیتھولک ہیرلڈ نے اپنی ۱۹ اگست ۱۹۵۵ء کی اشاعت میں لکھا:۔

"آج سے تیس سال قبل سب سے زیادہ پس ماندہ قوم تھے۔ لیکن جب سے احمدیہ جماعت نے اپنے ترقیاتی پروگرام کو عملی جامہ پہنانا شروع کیا ہے مسلمانوں میں حیرت انگیز تبدیلی واقع ہو گئی ہے۔"

غرض کہ جماعت احمدیہ نے تعلیم کے میدان میں نائجیریا کی گراں قدر خدمات سرانجام دینے کا پروگرام بنایا اور متعدد سکولز جاری کئے۔ بینوا سٹیٹ کے ڈپٹی گورنر نے احمدیہ سکولز کی کارکردگی سے متاثر ہو کر اپنی اسٹیٹ میں پانچ سکولز کھولنے کا مطالبہ کیا جس کا ذکر حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب نے ان الفاظ میں فرمایا:۔

"اب جب پچھلے سال میں دورہ پر گیا تو ایک ریاست کے گورنر کا خط مجھے سفر کے دوران ملا۔ اس نے لکھا کہ ہماری ریاست میں یا عیسائی ہیں یا بت پرست اور یا مسلمان ہیں۔ عیسائی ان بت پرستوں کو عیسائی بنانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اگر وہ اس میں کامیاب ہو گئے تو یہ عیسائی اکثریت کا صوبہ بن جائیگا۔ اس گورنر نے کہا کہ صرف ایک آپ کی جماعت ایسی ہے جو اس صوبہ کو عیسائی صوبہ بننے سے روک سکتی ہے اور صرف جماعتِ احمدیہ ہے جو عیسائیوں کا مقابلہ کر سکتی ہے اگر آپ نہیں چاہتے

کہ یہ عیسائی بن جائیں تو فوری طور پر پانچ سکول یہاں کھول دیں ۔

حضور نے فرمایا۔ "کہ یہ تبدیلی کسی طاقت کے ذریعہ ممکن نہیں ہے یہ صرف پیار سے حاصل ہوتی ہے کہ جہاں کے لوگ ہمارے وجود برداشت نہیں کرتے تھے وہ ہمیں خود دعوت دے رہے ہیں کہ آکر سکول اور ہسپتال کھولو۔"

الفضل ۱۲؍اپریل ۱۹۸۱ء

ایک دفعہ صدر نائیجیریا نے جماعت کے اس جذبۂ خدمت سے متأثر ہو کر کہا ۔

"یہ امر میرے لئے باعث سکون ہے کہ جماعتِ احمدیہ ... (دینِ حق) سکولوں ہسپتالوں کے قیام کے میدان میں بدستور بڑے ثبات کے ساتھ ترقی پذیر ہے۔ اس جہت میں جماعت کی مساعی انتہائی قابلِ تعریف ہے اور دوسری تمام رضا کارانہ طور پر کام کرنے والی تنظیموں کے لئے باعث تقلید ہے جماعت احمدیہ بجا طور پر فخر کر سکتی ہے کہ اس کے تعلیمی اداروں سے ایسے بہترین مرد و زن نکلے ہیں جو ملک کی ترقی کے لئے غیر معمولی خدمات بجا لا رہے ہیں ۔

الفضل جلسہ سالانہ نمبر ۱۹۸۱ء

ہمارے سکولز کے جاری ہونے کے کچھ عرصہ بعد نائیجیریا حکومت نے سب پرائیویٹ سکولوں کو قومی ملکیت میں لینے کا فیصلہ کیا پھر کیا ہوا اس کی تفصیل حضرت حافظ صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب کی زبانی سنیں فرمایا۔

"نائیجیریا میں بعض ایسی جگہیں بھی تھیں جہاں احمدیوں کو برداشت بھی نہیں کرتے تھے وہاں پر ایک بھی پرائمری سکول نہیں تھا ہم نے وہاں کئی سکول کھولے اس کے بعد حکومت نے ان سکولوں کو قومی ملکیت میں لینے کا اعلان کیا اور کہا کہ قومی ملکیت میں لئے جانے والے سکولوں کے مالکان کو معاوضہ دیا جائے گا۔ حضور نے فرمایا کہ "میں نے اپنے آدمیوں کو کہا کہ حکومت کو کہہ دیں کہ ہم نیشنلائزیشن کو خوش آمدید کہتے ہیں لیکن ہم کوئی معاوضہ نہیں لیں گے ہم نے یہ سکول آپ کی خدمت کیلئے کھولے تھے۔ اب یہ سکول آپ کے ہیں۔" الفضل ۱۷؍اپریل ۱۹۸۱ء

چنانچہ حکومت نائیجیریا نے جماعت احمدیہ کی اس پیشکش کو قبول کرتے ہوئے اسے ایک قابلِ تقلید نمونہ قرار دیا ۔

ایک اخبار "New Nigerian" نے ۳ فروری ۱۹۷۷ء کی اشاعت میں لکھا ۔

"احمدیہ مشن نائیجیریا نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ اپنے سکولوں کا جنکو حکومت اپنی تحویل میں لے رہی ہے معاوضہ نہیں لیگا تاکہ حکومت معاوضہ کی اس رقم کو فلاح و بہبود کے دیگر کاموں میں خرچ کر سکے۔" الفضل ۲۸-۴-۷۷

غانا بھی نائیجیریا سے مختلف نہیں تھا جہاں بھی احمدیہ مشن کے قیام سے قبل ایک بھی مسلم سکول نہیں تھا ۱۹۲۲ء میں حضرت حکیم فضل الرحمٰن صاحب نے پہلا احمدیہ سکول سالٹ پانڈ میں جاری کیا پھر جماعت کی ترقی کے ساتھ ساتھ تعلیمی ترقی کے زیادہ مواقع پیدا ہونے لگے۔ آج غانا میں نہایت مضبوط اور فعال جماعت قائم ہے جو پاکستان کے بعد سب سے بڑی بیرونی جماعت شمار ہوتی ہے احمدیہ مشن کی زیر نگرانی متعدد سکولز کام کر رہے ہیں۔ ایک ہائر سیکنڈری

سکول بھی ہے۔

جماعت کی اس تعلیمی خدمات کو ہر طبقہ کی طرف سے خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ چنانچہ

جامعہ ازہر کے ترجمان مجلۃ الازہر" نے جولائی ۱۹۵۸ء کے شمارہ میں لکھا۔ . . . "

"جماعت احمدیہ کی سرگرمیاں تمام امور میں انتہائی کامیاب ہیں اور ان کے مدارس بھی کامیابی سے چل رہے ہیں اور باوجودیکہ ان مدارس کے تمام طلبہ ان کی جماعت سے تعلق نہیں رکھتے۔

(۲) انگلستان کے اخبار مانچسٹر گارڈین میں یونیورسٹی کالج غانا کے ایک استاد جے۔ اے پرائس۔ (M. J. A. Price) اپنے مقالے میں جماعت احمدیہ کی تربیتی، تعلیمی کاوشوں کا جائزہ ان الفاظ میں پیش کیا۔

. . .

جماعت احمدیہ بھی ہے جو اپنی اسلامی کے لحاظ سے مشہور رہی ہے۔ ان کا مرکز پاکستان میں ہے . . . . یہ جماعت جلدی جلدی بڑھ رہی ہے اور عیسائی اور مشرکین اس میں بسرعت داخل ہو رہے ہیں۔ گولڈ کوسٹ (غانا) میں یہ تعداد نمایاں ہے ۱۹۳۱ء میں اس جماعت کی تعداد ۳۱۱۰ تھی اس کے مقابل پر ۱۹۴۸ء میں یہ تعداد ۲۲۵۷۲ تک پہنچ گئی۔ اس قسم کی ترقی سارے مغربی افریقہ کی برطانوی مقبوضات میں نظر آرہی ہے۔ ان کے کامیاب مشن چلائے جا رہے ہیں جن میں سیکنڈری سکول کی سہولتیں مہیا کی جاتی ہیں اور اس کامیابی کا سہرا جماعت احمدیہ کے سر ہے جس کی تربیتی سرگرمیاں پورے جوش و خروش سے جاری ہیں اور ان میں جماعت کا سماجی ترقیاتی پروگرام بھی زیرِ عمل ہے۔

ماہ ستمبر ۱۹۶۲ء

سیرالیون میں احمدیہ مشن کے قیام سے قبل مسلمانوں کی تعلیمی حالت نائیجیریا اور غانا سے مختلف نہیں تھی یہاں بھی مسلمان کس مپرسی کی حالت میں تھے ان کی ملکی معاملات میں کوئی آواز نہیں تھی کیونکہ تعلیم کا تمام تر نظام عیسائی اداروں کے ہاتھ میں تھا۔ چنانچہ یہاں بھی خدا تعالیٰ نے سیرالیون میں پہلے مجاہد الحاج نذیر احمد صاحب علی مرحوم کو یہ توفیق عطا فرمائی کہ سیرالیون کے شمالی علاقہ میں روکوپہ کے مقام پر ۱۹۳۷ء میں پہلا احمدیہ سکول جاری کریں اور اس طرح سیرالیون کے عوام کی تعلیم کے میدان میں خدمات کا آغاز کریں۔

اب خدا تعالیٰ کے فضل سے سیرالیون میں ۸۰ کے قریب پرائمری اور بیس سے زائد ہائر سیکنڈری سکولز نہایت کامیابی کے ساتھ چل رہے ہیں۔ جن میں ملک کے طول و عرض سے بلا تفریق مذہب و ملت ہزاروں کی تعداد میں طلباء و طالبات استفادہ کر رہے ہیں۔ تعلیم کے میدان میں ان گراں قدر خدمات کی بنا پر سیرالیون مشن ملک کے انشورنس

اور حکام اور عوام کی نگاہ میں بڑے احترام کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ اور انہیں خدمات کی وجہ سے اپریل ۱۹۶۱ء میں اس ملک کی آزادی کے موقع پر حکومت سیرالیون نے آزادی کی تقریبات میں شرکت کے لئے محترم جسٹس شیخ بشیر احمد صاحب کو پاکستان سے جماعت احمدیہ کے مخصوص نمائندہ کے طور پر مدعو کیا اور آپ نے وہاں پہنچ کر ان کی تقریبات میں خصوصی مہمان کے طور پر شرکت کی۔

۱۹۶۰ء میں جب پاکستان کا ایک سفارتی وفد خیرسگالی کے دورہ پر سیرالیون پہنچا تو وفد کے اعزاز میں سیرالیون مسلم کانگریس نے ایک خاص تقریب منعقد کی جس میں اس وقت کی حکومت کے نائب وزیر اعظم آنریبل مصطفیٰ سنوسی نے تقریر کرتے ہوئے جماعت احمدیہ کی گراں قدر تعلیمی خدمات کو بہت سراہا اور پاکستان سے تعلیم کے میدان میں مزید مدد کی اپیل کی۔

تذکرہ افریقہ بریگیڈیئر گل محمد صـ ۱۳۶

سیرالیون میں تعلیم کے میدان میں جماعتِ احمدیہ کی خدمات کا اعتراف کرنے والوں کی ایک طویل فہرست ہے جن کا تذکرہ اس وقت کرنے کی گنجائش نہیں تاہم چند ایک کا ذکر ضروری ہے۔

حکومتِ سیرالیون کے وزیر رسل و رسائل آنریبل کانڈے بورے نے دسمبر ۱۹۶۱ء میں جماعت احمدیہ کی سالانہ کانفرنس کے موقع پر حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا

"ایک بہت ہی معین عرصہ میں جماعت احمدیہ نے بڑے کارنامے کر دکھائے ہیں تعلیم کے لحاظ سے بہت سے پرائمری سکولوں کے علاوہ سیکنڈری سکول بھی قائم ہیں اور لوگوں کی خدمت کے لئے احمدی ڈاکٹر تشریف لا رہے ہیں اور لوگوں کی روحانی اصلاح کے لئے مربیان ملک کے تقریباً ہر حصہ میں موجود ہیں۔"

الفضل ۸ فروری ۱۹۶۲ء

اس موقع پر فری ٹاؤن کے میئر
Aldaman A Rahman.
نے کہا:

"احمدیہ جماعت بنی نوع انسان کی ہر ممکن خدمت کر رہی ہے۔"

دینِ حق کی خدمت کے لئے واقعی ایسی منظم جماعت درکار تھی سو خدا تعالیٰ نے اس جماعت کو دینِ حق کی خدمت کے لئے کھڑا کر دیا۔ ملک کی خدمت کے لئے جماعت نے نہایت ہی اہم اور دور رس پروگرام شروع کئے ہوئے ہیں۔ پرائمری سکولز جن میں عربی اور انگریزی دونوں زبانوں کی تعلیم دی جاتی ہے، کے علاوہ سیکنڈری سکول کی عمارت جماعت احمدیہ کی ہمت اور استقلال کی آئینہ دار ہے۔ سب سے زیادہ قابلِ قدر کام جو جماعت احمدیہ اس ملک میں کر رہی ہے وہ سکولوں کو ایک خاص معیار پر چلانے کا ہے۔ کیونکہ تعلیم

کے بغیر کوئی ملک ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہو سکتا۔ علم ایک طاقت ہے اور یہ طاقت جس ملک کے پاس نہیں وہ ترقی نہیں کر سکتا۔ لہذا تعلیم کے میدان میں جماعت احمدیہ جو کوشش کر رہی ہے ان کو جتنا بھی سراہا جائے کم ہے۔"

الفضل ۱۸ فروری ۱۹۶۲ء

سیرالیون کے پہلے وزیر اعظم سر ملٹن مارگائی (Sir Milton Margai) نے مشن کے نام ایک پیغام میں کہا:۔

(ترجمہ) "میں آپ کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ مجھے بہت خوشی ہے کہ آپ کا مشن سیرالیون کے لوگوں کی روحانی، تعلیمی اور سوشل زندگی میں گوناں دلچسپی لے رہا ہے۔ میری طرف سے آپ سب کے لئے نیک تمنائیں ہیں۔ میں آپ کے جملہ پروگراموں میں کامیابی چاہتا ہوں۔"

اسی طرح سیرالیون کے پریذیڈنٹ ڈاکٹر سائیکا سٹیونس نے ایک بار کہا:۔

"میں سب سے پہلے جماعت احمدیہ کا جو یہ کام تعلیم کے میدان میں کر رہی ہے شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ اس جماعت نے تعلیم کے ساتھ ساتھ طبی میدان میں بھی ہماری مدد کرنی شروع کر دی ہے۔ میں ان تمام گرانقدر خدمات کے لئے جماعت کا شکر ادا کرتا ہوں"

وزیر معدنیات و زراعت حکومت سیرالیون نے احمدی مربیوں کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا:۔

"یہ وہ نوجوان ہیں جنہوں نے اس خطہ سیرالیون میں دینِ حق کے نور کی شعاعیں پھیلا کر ہمیں جگا دیا ہے۔ یہ لوگ تقریباً عرصہ بیس سال کے مصائب و مشکلات برداشت کرتے ہوئے اس ملک کی دینی اور تعلیمی حالت کو بہتر بنانے میں مشغول ہیں۔ پھر یہ امر بھی قابل قدر وستائش ہے کہ ان نوجوان مشنریوں کی انتھک خدمات صرف [illegible] سے ہی نہیں بلکہ یہ لوگ ہر ایک کا بھلا چاہتے ہیں وہ خدمتِ خلق کا جذبہ انکے ہر کام اور سکیم میں نمایاں نظر آتا ہے تعلیمی لحاظ سے اس ملک کے سینکڑوں بچے ان کے سکولوں میں پڑھ کر اور ان کے زیر تربیت رہ کر بہترین شہری بن چکے ہیں اور ملک کے ہر شعبہ اور محکمہ میں پائے جاتے ہیں۔"

سیرالیون کے ایک ممتاز مسلم لیڈر مسلم کانگریس کے صدر اور ملک کے سابق نائب وزیر اعظم اور وزیر مملکت الحاج مصطفیٰ سنوسی جماعت احمدیہ کے جلسہ سالانہ ربوہ میں شرکت کے لئے ۱۹۸۰ء میں سیرالیون سے تشریف لائے جلسہ کے موقع پر جو آپ نے تقریر کی اس میں جماعت احمدیہ کی سیرالیون میں خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا۔

"میں ہمیشہ سے ہی احمدیت کا مداح اور خیر خواہ رہا ہوں۔ بعض لوگ میری عقیدت اور

محبت کو پسند نہیں کرتے۔ میں انہیں بتاتا ہوں کہ احمدیت ایک سچائی ہے۔ اور سچائی کے لئے دن رات بے لوث خدمت کر رہی ہے بارہ سیکنڈری سکول (جواب بیس سے زائد ہو چکے ہیں) اور پچاس پرائمری سکول (جن کی تعداد اب اسّی تک پہنچ چکی ہے) چلانا کوئی معمولی بات نہیں یہ کام صرف اخلاص۔ جذبہ اور نیک نیتی جیسی خوبیوں سے آراستہ ہو کر ہی انجام دیئے جا سکتے ہیں میڈیکل کے میدان میں جماعت احمدیہ کی خدمات آب زر سے لکھی جانی چاہئیں۔ ہم جو آج ہونے کا دعویٰ لئے پھرتے ہیں اس میں اوّلیت کا سہرا احمدی مربیوں کے سر ہے۔ احمدی مربیوں نے دن رات اس ملک کی خدمت کر کے لاج رکھ لی ہے۔"

الفضل ۱۹ اپریل ۱۹۸۰ء

نائیجیریا۔ غانا اور سیرالیون کے بعد لائبیریا۔ گیمبیا اور آئیوری کوسٹ میں بھی مشن جاری ہوئے۔

اور ان ممالک میں بھی تربیتی پروگرام کے ساتھ ساتھ تعلیمی ضروریات کی طرف بھی توجہ کی گئی۔ چنانچہ ہر سہ ممالک میں خدا تعالیٰ کے فضل سے جماعت کے سکولز قائم ہو چکے ہیں جو ملک کی تعلیمی میدان میں گراں قدر خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ ہمارے سکولز کے دروازے ہر فرقہ و مذہب کے لوگوں کے لئے کھلے ہیں جہاں وہ آزادی سے تعلیم حاصل کرتے ہیں اور علم کی دولت سے مالا مال ہو رہے ہیں۔

لائبیریا کے اخبار SCOPE نے اپنی ۱۷ اپریل ۱۹۸۱ء کی اشاعت میں لکھا۔

احمدیہ مشن اس ملک میں ۱۹۵۶ء میں قائم ہوا تھا اور اب یہ سارے ملک میں پھیل گیا ہے۔ مشن نے پرائمری تعلیم کے علاوہ ایک ہائی سکول بھی لونگ کاؤنٹی میں کھول رکھا ہے۔ جس میں عربی کی تعلیم بھی دی جاتی ہے۔

احمدیہ مشن عنقریب دکھی لوگوں کے لئے ایک کلینک قائم کر رہا ہے جس میں مریضوں کے داخلے کا بھی انتظام ہوگا بالخصوص غریب طبقہ جو پرائیویٹ ہسپتالوں کے بڑے بڑے بل ادا کرنے کی طاقت نہیں رکھتے ان کے لئے احمدیہ ہسپتال ایک نعمت ہوگا۔

پھر لائبیریا کے وزیر تعلیم نے بھی احمدیہ مشن کی علم کے میدان میں لائبیرین لوگوں کی شاندار خدمات کو سراہا۔ انہوں نے جماعت احمدیہ کے جرأت مندانہ جہاد کی تعریف کی جو اس نے لائبیریا سے جہالت دور کرنے کے لئے جاری کر رکھا ہے۔ ان خدمات کو انہوں نے لائبیرین لوگوں میں احمدیہ مشن کی دلچسپی کا ایک منہ بولتا ثبوت قرار دیا۔

لائبیرین سٹار ۲۷/۹ ۸

لائبیریا کے صدر نے بھی ۲۶ جنوری ۱۹۸۲ء کو احمدیہ وفد سے ملاقات کے دوران اس خواہش کا اظہار کیا کہ احمدیہ مشن خدمتِ دین اور خدمت عوام کو حسب معمول جاری رکھے۔

الفضل ۱۷ جنوری ۱۹۸۲ء

گیمبیا کے وزیر تعلیم نے جماعت احمدیہ کے باتھرسٹ BATHURST میں سکول کے افتتاح کے موقع پر کہا:۔

"جماعت احمدیہ نے جس رنگ میں حکومت کے سماجی، طبی اور تعلیمی پروگراموں میں مدد کی ہے اس کے وہ بے حد مشکور ہیں انہوں نے مزید کہا کہ اگرچہ وہ احمدی نہیں مگر انہیں یہ اعتراف ہے کہ جس طریق سے یہ عالمگیر جماعت احمدیہ بین الاقوامی طور پر خصوصاً افریقن ممالک میں سوشل خدمات سرانجام دے رہی ہے وہ ایک قابلِ تعریف کام ہے اور ان خدمات میں جماعت احمدیہ کی مخلصانہ کوششوں میں کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش نہیں۔"

جہاں تک مشرقی افریقہ کے ممالک کا تعلق ہے وہاں بھی خدا تعالےٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ یوگنڈا اور تنزانیہ میں مدارس قائم کرکے ملک و قوم کی تعلیمی میدان میں خدمات بجالا رہی ہے۔

غرض کہ خدا تعالےٰ نے جماعت احمدیہ کے تعلیمی اداروں میں غیر معمولی برکت کے سامان پیدا فرمائے ہیں اور یہ ان ممالک میں روشنی کا مینار ثابت ہو رہے ہیں اور ان سے لوگ زیورِ تعلیم سے آراستہ ہو کر آج اپنے اپنے ملکوں میں اہم عہدوں پر فائز ہیں اور خدمات بجالا رہے ہیں۔

اس وقت مغربی اور مشرقی افریقہ کے ممالک میں سکولز کی کل تعداد حسب ذیل ہے۔

نائیجیریا میں ۱۱ سکول کھولے گئے تھے جن میں سے ۶ حکومت نے لے لئے ہیں اور ۵ مشن کے زیر انتظام چل رہے ہیں۔

غانا میں ۷ سیکنڈری سکول۔ ایک ٹیچرز ٹریننگ کالج اور پرائمری سکول ہیں۔

سیرالیون میں ۲۱ سیکنڈری سکول ۸۰ پرائمری سکول ہیں۔

لائبیریا میں ۱ سیکنڈری سکول ہے۔

گیمبیا میں ۳ سیکنڈری سکول ہیں

آیوری کوسٹ میں ایک سکول

یوگنڈا میں۔ ایک سیکنڈری سکول۔ تنزانیہ میں ایک سیکنڈری سکول۔ زائر میں ایک سیکنڈری سکول

طبی خدمات:

تعلیمی میدان کے علاوہ طبی میدان میں بھی جماعت احمدیہ براعظم افریقہ میں خدا تعالیٰ کے فضل سے گراں قدر خدمات سرانجام دے رہی ہے۔ خدمت خلق میں ہسپتالوں کو جو اہمیت حاصل ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ چنانچہ حضرت فضلِ عمرؓ کے بارہ میں خدائی پیشگوئی میں فرمایا گیا تھا کہ "وہ اپنے مسیحی نفس سے بہتوں کو بیماریوں سے شفا دے گا۔" ابتداء سے ہی جماعت کو اس طرف توجہ دلائی کہ انہیں روحانی علاج کے ساتھ ساتھ لوگوں کی جسمانی بیماریوں کا فکر بھی کرنا چاہیئے۔

حضور نے مختلف اوقات میں مختلف عملی قدم بھی اس سلسلہ میں اٹھائے۔ چنانچہ بیرونی مشنوں میں سے براعظم افریقہ کو یہ سعادت نصیب ہوئی کہ وہاں تعلیمی ادارہ جات کے ساتھ ساتھ غریب اور بے کس عوام کی طبی خدمات کے لئے ڈسپنسریاں اور ہسپتال جاری کئے جن میں میڈیکل مشنریز یعنی اعلیٰ تعلیم یافتہ ڈاکٹرز مقرر کئے گئے جو جسمانی شفا کے ساتھ ساتھ روحانی صحت کا بھی خیال رکھتے۔

نائجیریا وہ خوش قسمت ملک ہے جہاں حضرت فضل عمر کے زمانہ میں دو ہسپتال قائم ہوئے ایک لیگوس میں ۱۹۶۱ء میں جہاں مکرم کرنل ڈاکٹر محمد یوسف صاحب انتھک محنت خلوص اور محبت کے ساتھ آٹھ سال تک مخلوق خدا کی خدمت پہ کمربستہ رہے۔ افسوس کہ اس مرد مجاہد کا ۵ اپریل کو وہیں انتقال ہوگیا۔ پھر دوسرا ہسپتال کانو شمالی نائجیریا میں محترم ڈاکٹر ضیاء الدین صاحب نے قائم کیا جو اپنی ترقی کی منازل طے کرتے ہوئے اب ایک مثالی ہسپتال بن چکا ہے۔ یہ مرد مجاہد بھی قریباً بیس سال تک افریقن قوم کی طبی میدان میں خدمات بجا لاتے ہوئے ۱۱ جولائی ۱۹۸۱ء کو اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوگئے۔ اللہ تعالیٰ ان ہر دو مجاہدین کی خدمات کو قبول فرمائے۔

سیرالیون میں بھی اس کام کی ابتدا حضرت فضل عمر کے زمانہ میں ہی ہو چکی تھی۔ محترم ڈاکٹر شاہ نواز صاحب اور مکرم ڈاکٹر محمد اکرم صاحب ورک کو یہ موقع ملا۔ مگر یہ کام زیادہ عرصہ جاری نہ رہ سکا۔

طبی خدمات کا جو کام حضرت فضل عمر کے زمانہ میں شروع ہوا تھا اس میں حیرت انگیز توسیع اور ترقی حضرت مرزا ناصر احمد صاحب کے عہد مبارک میں ہوئی۔ گویا خدمت اور محبت کا سرچشمہ پہلے دریا بنا اور پھر سمندر کی شکل اختیار کر گیا۔

۱۹۷۰ء میں حضرت مرزا ناصر احمد صاحب نے مغربی افریقہ کے ممالک۔ نائجیریا۔ غانا۔ آئیوری کوسٹ۔ لائبیریا گیمبیا اور سیرالیون کا دورہ فرمایا تو حضور نے تمام مشنوں کے حالات کا از خود مطالعہ فرمایا اور فوری ضروریات کا براہِ راست نفسِ نفیس جائزہ لیا اور ان ممالک میں اصلاح و ارشاد۔ تعلیم و تربیت اور خدمتِ خلق کے منصوبوں پر مشتمل ایک عظیم الشان جامع سکیم مرتب فرمائی۔ خدا تعالیٰ نے آپ کے دل میں جو زبردست تحریک اس سلسلہ میں پیدا کی اس کا ذکر حضور خود یوں فرماتے ہیں۔

"گیمبیا میں ایک دن اللہ تعالیٰ نے بڑی شدت سے میرے دل میں یہ ڈالا کہ تم کم از کم ایک لاکھ پونڈ ان ممالک میں خرچ کرو۔ اور اس میں اللہ تعالیٰ بہت برکت ڈالے گا۔" الفضل ۲ جون ۱۹۷۰ء

اس سکیم کو عملی جامہ پہنانے کے لئے حضور نے نصرت جہاں ریزرو فنڈ کا اجراء فرمایا۔ چنانچہ افریقہ کے دورہ سے لندن تشریف لانے پر وہاں

بیت فضل میں خطبہ جمعہ میں اس سکیم کا اعلان فرمایا اور جماعت کو اس کی ذمہ داریوں اور دعاؤں کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا۔

مجھے یہ فکر نہیں کہ یہ رقم کہاں سے آئے گی کیونکہ جب اللہ تعالیٰ کا یہ منشا ہے کہ خرچ کیا جائے تو ضرور دے گا۔ یہ رقم ملے گی۔ مجھے کوئی فکر نہیں مزید برآں مجھے کام کرنے کے لئے فوری طور پر تیس ڈاکٹروں کی ضرورت ہے اور اساتذہ اس کے علاوہ ہیں یہ بھی مجھے فکر نہیں کہ رضا کار واقف ملیں گے یا نہیں ملیں گے یہ تو اللہ تعالیٰ کا منشاء ہے کہ یہاں کام کیا جائے۔ جس چیز کی مجھے فکر ہے اور آپ کو بھی ہونی چاہیئے وہ یہ ہے کہ محض خدا کے حضور مالی قربانی پیش کر دینا کوئی چیز نہیں جب تک وہ مقبول نہ ہو۔ اس واسطے آپ بھی دعا کریں اور میں بھی دعا کروں گا کہ یہ سعی مشکور ہو۔ خدا تعالیٰ اس حقیر سی قربانی کو قبول فرمائے۔

الفضل ۱۵ اپریل ۱۹۷۰ء

اس تحریک میں جس کا نام حضور نے "نصرت جہاں آگے بڑھو" سکیم رکھا۔ اس میں بنی نوع انسان کی ہمدردی اور محبت کا پیغام تھا

اس تاریخ ساز دورہ کے دوران حضور نے یہ بھی فرمایا کہ ہم نائیجیریا۔ غانا۔ اور سیرالیون اور گیمبیا میں پانچ سات سال کے اندر اندر چار چار ہسپتال یا کلینک بنا دیں گے اور اتنے ہی ہائر سیکنڈری سکول کھول دیں گے۔

الفضل ۷ ستمبر ۱۹۷۵ء

خدا تعالیٰ کے مامور کی اس پیاری جماعت کے امام نے ان سے ایک لاکھ پونڈ کا مطالبہ کیا مگر دنیا بھر کے احمدیوں نے دو لاکھ سے زائد پونڈ کی رقم اپنے پیارے امام کے قدموں میں رکھ دی کیونکہ اس جماعت نے قربانی کے میدان میں بس ایک ہی سبق سیکھا ہے۔

"جان ومال و آبرو حاضر ہیں تیری راہ میں"

جماعت کے دوستوں نے کس اخلاص اور کس جذبہ سے نصرت جہاں سکیم کے لئے چندہ دیا اس کی ایک مثال سیدنا حضرت قدرتِ ثانیہ کے مظہر ثالث نے ان الفاظ میں بیان فرمائی۔

"میں نے اس ریزرو فنڈ کے وعدہ جات کے سلسلہ میں احباب جماعت کو ایک بار یاد دہانی کرائی تھی جس کے جواب میں ابھی چار پانچ دن ہوئے لندن سے ایک احمدی دوست کا خط آیا ہے جس میں اس نے لکھا ہے کہ میں نے کچھ رقم اپنی شادی کے لئے جمع کی ہوئی ہے۔ اب آپ کا خط مجھے ملا ہے اور میں نے یہ رقم نصرت جہاں ریزرو فنڈ میں دے دی ہے اور اپنی شادی ملتوی کر دی ہے۔ پس اس قسم کی قربانیاں دینے والے لوگ

کے چندہ سے نصرت جہاں ریزرو فنڈ بنا۔"

الفضل ۱۱ستمبر ۱۹۷۵ء

جہاں تک ڈاکٹرز اور اساتذہ کے وقف کرنے

اور افریقن لوگوں کی طبی اور تعلیمی میدان میں خدمت کرنے کا تعلق تھا۔ انہوں نے بھی خدا تعالیٰ کے فضل سے اپنے پیارے امام کی آواز پر لبیک کہا اور دیکھتے ہی دیکھتے ایک خاصی تعداد ڈاکٹرز اور اساتذہ کی میدان جہاد میں کودنے کے لئے تیار ہو گئی۔ اور خدا تعالیٰ نے نصرت جہاں سکیم کے پروگرام میں غیر معمولی کامیابی کے سامان پیدا فرما دیئے چنانچہ دو سال کے اندر اندر خدا تعالیٰ کی رحمت سے مغربی افریقہ کے ممالک۔ نائیجیریا۔ غانا۔ سیرالیون اور گیمبیا میں ۱۴ ہسپتال اور ۹ ہائی سیکنڈری سکولز قائم ہو گئے۔ یہ کامیابی ایسی تھی کہ اپنوں اور غیروں سب نے اس پر تعجب کا اظہار کیا۔

مجھے ذاتی طور پر اچھی طرح یاد ہے کہ جب سیرالیون میں گورنمنٹ لاج میں جہاں حضور اپنے ۱۹۷۰ء کے دورہ کے دوران رہائش پذیر تھے وہاں آخری پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اعلان فرمایا کہ میں اللہ کی مدد سے ایک سال کے اندر اندر چار ڈاکٹرز اور بعض اساتذہ سیرالیون کے لوگوں کی طبی اور تعلیمی خدمات کے لئے بھجوا دوں گا۔ اس پر ایک اخباری نمائندہ نے بڑی حیرانگی کے عالم میں سوال کیا کہ آپ ایسے ماہر ڈاکٹرز اور کوالیفائیڈ اساتذہ لائیں گے کہاں سے۔ اس قسم کے اعلان تو کوئی حکومت بھی نہیں کرتی۔ اس کے جواب میں حضورؒ نے نہایت پر شوکت آواز میں فرمایا۔

مجھے تو کوئی فکر نہیں۔ میرے پاس ایسے ڈاکٹرز اور اساتذہ موجود ہیں جن کو میں آواز دوں گا تو وہ سب کچھ چھوڑ کر میری آواز پر لبیک کہتے ہوئے بھاگتے ہوئے آئیں گے اور کسی دنیاوی غرض کو سامنے نہیں لائیں گے اور ایک سال کے اندر اندر سیرالیون میں آپ کی خدمت شروع کر دیں گے۔"

اللہ اللہ! کیسا اعتماد تھا حضور کو خدا تعالیٰ پر اور پھر اس پیاری جماعت پر۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ خدا تعالیٰ کے پیارے بندے کے منہ سے نکلی ہوئی بات پوری ہوئی۔ سیرالیون میں ایک سال کے اندر اندر تین ہسپتال قائم ہو گئے۔ اور اگلے سال چوتھے ہسپتال نے بھی کام شروع کر دیا۔

سیدنا حضرت مرزا ناصر احمد صاحب خود فرماتے ہیں:

"نصرت جہاں کی سکیم ۱۹۷۰ء میں میں نے جاری کی تھی اور جلسہ سالانہ پر اس کا اعلان کیا تھا اس وقت اپنے حالات کو دیکھ کر جماعت کے حالات کو دیکھ کر یہ خیال تھا کہ سات سال میں یا بہت ہی جلدی کر سکے تو پانچ سال میں اپنا وعدہ پورا کر سکوں گا۔ میں نے دعائیں کیں۔ جماعت نے دعائیں کیں۔ اللہ تعالیٰ فضل کرنے والا ہے وہ منصوبہ جس کے متعلق ہمارے اندازے تھے کہ وہ سات سال میں مکمل ہو گا خدا تعالیٰ کے فضل سے ڈیڑھ دو سال میں وہ مکمل ہو

گیا۔ اور اس کا بڑا اثر ہوا۔

ایک امریکن مجھے غانا میں ملے وہ وہاں کے قبائلی (رسم و رواج) اور انکی روایات اور رہن سہن کے طریقوں پر P.H.D کے لئے اپنا مقالہ لکھ رہے تھے۔ وہ ڈیڑھ سال کے بعد یہاں آئے سیر کرنے پھر رہے تھے۔ یہاں بھی آگئے وہ کہنے لگے کہ میں صرف یہ دیکھنے کے لئے آیا ہوں کہ یہ جماعت کس چیز سے بنی ہوئی ہے مجھ سے تو بات نہیں کی لیکن بعض دوستوں سے انہوں نے کہا کہ اگر امریکہ یہ وعدہ کرتا تو ڈیڑھ دو سال میں وہ اپنا یہ وعدہ پورا نہ کر سکتا۔ لیکن جماعت احمدیہ نے اسے پورا کر دیا۔ بات یہ ہے کہ ہم اس مٹی سے بنے ہوئے ہیں جو دنیا کی نگاہ میں حقیر ہے لیکن خدا کے ہاتھ میں اس کا آلہ بن چکی ہے۔ خدا تعالیٰ فضل کرتا ہے اور کامیابیاں عطا کرتا ہے ورنہ ہم کیا اور ہماری بساط کیا اور ہمارے مال کیا اور ہماری عقلیں اور فراست کیا۔ نتیجے اور تدابیر اور کوشش کا آپس میں کوئی مقابلہ نہیں ہے"۔

الفضل ۱۳ دسمبر ۱۹۷۵ء

خدا تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے نصرت جہاں سکیم کو قبول فرمایا اور اسے برکتوں سے نوازتے ہوئے نصرت جہاں کے ڈاکٹروں کے ہاتھ میں شفا عطا فرمائی اور اس کا اس قدر تبصرہ مغربی افریقہ کے ممالک میں ہوا کہ وہاں لوگ کہنے لگے کہ شفا صرف احمدیہ ہسپتالوں سے مل سکتی ہے چنانچہ نہ صرف ہسپتالوں کے قرب و جوار اور ملک کے دیگر علاقوں سے لوگ ان ہسپتالوں میں کھنچے چلے آتے ہیں بلکہ احمدیہ ہسپتالوں کی شفا کی شہرت کا سن کر ہمسایہ ملکوں سے بھی مریض ان ہسپتالوں میں آرہے ہیں۔

آئیے اب ذرا افریقہ میں جماعت احمدیہ کی خدمات کو جس رنگ میں وہاں کے ذی اثر لوگوں۔ حکومت اور اخبارات نے خراج عقیدت پیش کیا ہے اس کا بھی ذرا تذکرہ کریں۔

سیرالیون کے مسلمانوں کی سب سے بڑی اور با اثر تنظیم مسلم کانگرس کے صدر اور ملک کے سابق نائب وزیر اعظم الحاج مصطفےٰ استوسی نے کہا۔

میڈیکل کے میدان میں جماعت احمدیہ کی خدمات آبِ زر سے لکھی جانی چاہئیں۔

الفضل ۱۹ اپریل ۱۹۸۰ء

الحاج مصطفےٰ استوسی نے ایک دفعہ کہا کہ ان کی ایک لڑکی سخت بیمار ہوگئی اور سیرالیون کے سب ڈاکٹرز نے اسے لاعلاج قرار دیدیا اور کہا کہ اسے اب علاج کے لئے یورپ لے جائیں جہاں اس کا کوئی علاج نہیں۔ لیکن وہ اس بچی کو احمدیہ ہسپتال رد کوپر لے گئے۔ وہاں اسوقت مکرم ڈاکٹر سردار محمد حسن صاحب تھے۔ انہوں نے بچی کا علاج شروع کیا اور خدا تعالیٰ کے فضل سے وہی بچی جس کو سیرالیون کے سب ڈاکٹر لاعلاج قرار

دے چکے تھے ایک احمدی ڈاکٹر کے علاج سے تھوڑے سے ہی عرصہ میں صحت یاب ہو گئی۔

سیرالیون میں جورو کے مقام پر جون ۱۹۷۰ء میں کلینک جاری کیا گیا۔ مکرم ڈاکٹر محمد اسلم صاحب جہانگیری نے وہاں کام شروع کیا۔ اس کلینک کے افتتاح کے موقع پر شرقی صوبہ کے وزیر آنریبل ایف ایس انتھونی (M.F.S Anthony) نے اپنی تقریر میں کہا:۔

"یہ خدمات بجا لا کر جماعت احمدیہ نے ہمیں تاریکی سے باہر نکلنے میں مدد دی ہے۔ اور وہ فی الحقیقت ایک حیرت انگیز کام انجام دے رہے ہیں۔ ہم اس ملک کے لوگ بالعموم اور وہ جو اس علاقہ میں رہائش پذیر ہیں بالخصوص احمدیہ مشن کے انتہائی ممنون ہیں۔ آپ کی خدمات جو وقف کر رکھی ہیں ان کے نتائج ہماری آنکھوں کے سامنے ہیں۔ آپ لوگوں نے اپنا وطن چھوڑا، گھربار چھوڑا اور اپنی مستقل ملازمتیں اور کام کاج چھوڑا صرف اور صرف ایک ہی مقصد کی خاطر یعنی خدمت انسانیت اور ہمارے لوگ بھی اس مقصد کو اپنی زندگیوں کا مقصد بنا کر اس کی تکمیل کریں گے۔ خدا تعالیٰ آپ کی کوششوں کو نوازے۔" (نصرت جہاں ۵ سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ - کراچی)

باجے ہو کی کلینک کے افتتاح کے موقع پر جو جولائی ۱۹۷۰ء میں ہوا آنریبل سی۔ پی۔ فورے وزیر صحت سیرالیون نے کہا:۔

"ایک سکالر اور وزیر صحت کی حیثیت سے یہ امر میرے لئے ازحد خوشی کا موجب ہے کہ میں اس پر ممنونیت کا اظہار کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ جماعت احمدیہ نے اپنی بے لوث خدمت کے دائرہ کو صحت اور طب کے متعلق قومی پروگرام کے خاطر خواہ نفاذ تک ممتد کر دیا ہے۔ یہ ایک اور بیّن ثبوت ہے اس بات کا کہ یہ جماعت دوسروں کے لئے خدمت کے جذبہ سے سرشار ہے۔ روحانی پاکیزگی اور اچھی صحت ہی ایسی چیزیں ہیں جن سے انسان خدا تعالیٰ کے وجود کا قائل ہو سکتا ہے۔ اور جماعت احمدیہ خدا تعالیٰ کے فضل سے اپنے روحانی پیشوا کی راہنمائی میں اس مقصد کو حاصل کرنے کی پوری کوشش کر رہی ہے۔"

ڈیلی میل ۶ رجولائی ۱۹۷۱ء

الفضل ۱۸ر جنوری ۱۹۸۲ء

آنریبل ہنگامی مالنسرے ریذیڈنٹ منسٹر شمالی صوبہ نے روکوپر میں احمدیہ سیکنڈری سکول اور کلینک کے افتتاح کے موقع پر جماعتی خدمات کا ذکر کرنے کے بعد کہا:۔

"جماعت احمدیہ کی رفاہی سرگرمیوں اور خدمات کا جو خاکہ میں نے ابھی پیش کیا ہے اس سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ سیرالیون میں اس قدر مختصر عرصہ کے دوران احمدیہ مشن کی یہ کامیابی اس حقیقت کی آئینہ دار

ہے کہ دین حق کی فتح کا دن قریب ہے ۔

الفضل ۶ ہجرت ۱۳۵۱ ہش
۱۸ جنوری ۱۹۸۲ء

نائیجیریا میں جماعت احمدیہ کی خدمات کا ذکر کرتے ہوئے نائیجیریا کے صدر شیخو شغاری نے ایک دفعہ کہا یہ امر میرے لئے باعث سکون ہے کہ جماعت احمدیہ سکولوں اور ہسپتالوں کے قیام میں بدستور بڑے عزم و ثبات کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے اس جہت سے جماعت کی مساعی انتہائی قابل تعریف اور دوسری رضاکار تنظیموں کے لئے باعث تقلید ہیں جن پر جماعت احمدیہ بجا طور پر فخر کر سکتی ہے ۔

الفضل ۳ مارچ ۱۹۸۰ء

جون ۱۹۸۰ء میں اوسان کے عظیم الشان ہسپتال کے افتتاح کے موقع پر اوگن اسٹیٹ کے گورنر جناب سبی رونا بالجو نے اپنی حکومت اور عوام کی طرف سے جماعت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا :-

میں انتہائی خلوص کے ساتھ احمدیہ مشن نائیجیریا کا شکر ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ملکی ترقی میں ہمارے ساتھ ساتھ نہایت اعلیٰ کردار ادا کیا ہے ۔ . . . .
ہسپتال کی تعمیر کے بارہ میں جماعت احمدیہ کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ جماعت احمدیہ اعلیٰ روایات کی حامل ہے اور اس کے ہسپتال کی تعمیر جماعت کی اعلیٰ روایات کے عین مطابق ہے ۔

الفضل ۶ جولائی ۱۹۸۰ء

غانا میں کوکوفو کے مقام پر ہسپتال کے افتتاح پر اکتوبر ۱۹۷۰ء میں شاہ کوکوفو نے اعلان کیا ۔

" ہم جماعت احمدیہ کے امام حضرت مرزا ناصر احمد کے از حد شکر گزار ہیں کہ انہوں نے اپنے وعدہ کے مطابق اس علاقہ میں کلینک قائم کر دیا اور اس کے لئے پاکستان سے ایک ماہر ڈاکٹر کو یہاں بھجوانے کا انتظام کیا ۔

الفضل ۶ مئی ۱۹۸۲ء
ہجرت ۱۳۵۱ ہش

جماعت احمدیہ کے رفاہی پروگرام سے متاثر ہو کر غانا کے صدر مملکت نے ایک دفعہ کہا ۔

بلا شبہ آپ کے مذہب نے جو دنیا کے عظیم ترین مذاہب میں سے ایک ہے اہل غانا کو فیض پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا ہے ۔ میں امید رکھتا ہوں کہ آپ لوگ غانا کی تعمیر و ترقی میں اسی طرح آئندہ بھی ہاتھ بٹاتے رہیں گے ۔ آپ کی جماعت اہل غانا کی جو خدمات بجا لا رہی ہے حکومت اس سے اچھی طرح باخبر ہے اور اس بنا پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ ہم آپ کے از حد ممنون ہیں کہ آپ نے اس حکومت کی تعمیر و ترقی میں شریک ہو کر اہم کردار ادا کرنا ضروری سمجھا ۔

گائیڈنس نومبر ۱۹۷۱ء

سویڈرو میں ہسپتال کے افتتاح کے موقعہ پر حکومت غانا کے نمائندہ جناب کمانڈر جے کے آمے ڈو سے نے کہا

میں گورنمنٹ کی طرف سے جماعت احمدیہ غانا

کی دور اندیشی عزم و ہمت اور کامیابی پر جو اس ہسپتال کی تعمیر سے ظاہر ہے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

الفضل ۲۵ احسان ۱۳۵۲ ہش

گیمبیا وہ خوش قسمت ملک ہے جہاں خدا تعالیٰ نے نصرت جہاں سکیم جاری کرنے کے لئے حضرت مرزا ناصر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثالث کو القا کیا۔ اب وہاں خدا تعالیٰ کے فضل سے ۵ ہسپتال اور ۳ ہائی سیکنڈری سکول جماعت احمدیہ کے زیر اہتمام ملک و قوم کی خدمات بجا لا رہے ہیں۔

بانجل (Banjul) جو گیمبیا کا دارالخلافہ ہے اس کے نواح میں جماعت نے ایک عظیم الشان ہسپتال قائم کیا ہے جس کا افتتاح گیمبیا کے صدر جناب داؤدا جوارہ نے ۲۳ مارچ ۱۹۸۲ء کو فرمایا اور اس تقریب میں گیمبیا کے وزراء اور غیر ملکی سفراء ملک میں دیگر شخصیات شریک ہوئیں۔ صدر مملکت نے جماعت کی ان خدمات کو سراہتے ہوئے اسے دوسروں کے لئے قابلِ تقلید قرار دیا

گیمبیا میں تپ دق کے خلاف جہاد کرنے والا کلینک اور ایک دانتوں کا کلینک بھی جاری کیا گیا۔ اس سنٹر کی مستقل عمارت کے لئے حکومت نے ایک عمدہ قطعہ زمین دیا جس پر عمارت کی بنیاد رکھنے کیلئے ملک کے قائم مقام صدر مسٹر حسن موسیٰ تشریف لائے۔ انہوں نے کہا۔

جماعت احمدیہ مبارکباد کی مستحق ہے کہ اس نے اپنے مختصر قیام میں گیمبیا میں شاندار سوشل خدمات سرانجام دی ہیں

جماعت نہ صرف تعلیمی میدان میں سکولوں کے ذریعہ خدمتِ خلق کا کام جاری رکھے ہوئے ہے بلکہ ملک کے طبی اور سوشل پروگراموں میں بھی خاطر خواہ مدد کی ہے نیز توقع ہے کہ آنے والے وقتوں میں جماعت احمدیہ اور حکومتِ گیمبیا کے درمیان تعاون میں مزید اضافہ ہوگا۔

دی گیمبینس نیوز بلیٹن ۴ اکتوبر ۱۹۸۰ء

گیمبیا کے اخبار - THE GAMBIAN OUT LOOK) نے اپنی ۳۰ جولائی ۱۹۷۱ء کی اشاعت میں لکھا۔

"احمدیہ جماعت نے پہلے ہی طب کے میدان میں قابلِ تعریف مساعی کی ہے۔ ڈاکٹرز اور دندان ساز اب ان مقامات پر ہمارے مریضوں کی دیکھ بھال کر رہے ہیں جہاں اس سے قبل کوئی زیادہ سہولتیں مہیا نہیں رہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ایسی چیزوں کا ظہور اس تنظیم کے نیک ارادوں اور خواہشات کا ابھی محض آغاز ہے۔ خدا کرے کہ ان کی کوششیں کامیابی و کامرانی سے ہمکنار ہوں"

جماعت احمدیہ کی رفاہی سرگرمیوں سے متاثر ہو کر گیمبیا کے وزیر صحت و تعلیم و سماجی بہبود الحاج گارہ یاجا لیمیا نے فرمایا۔

"میں اس امر کا اظہار کرنے میں فخر محسوس کرتا ہوں کہ (حضور ایدہ اللہ) کی گیمبیا میں تشریف آوری ہمارے لئے بہت سود مند ثابت ہوئی۔ یہ آپ کی وہاں تشریف آوری ہی کا ایک ثمرہ ہے کہ ہم خدمت خلق کے میدان میں جماعت احمدیہ کی عظیم رفاہی سرگرمیوں سے متمتع ہو رہے ہیں۔ نہ صرف ہیں بلکہ متعدد مقامات اور صدر مقام بانجول میں بھی احمدی ڈاکٹرز طبی خدمات بجا لانے میں مصروف ہیں۔۔۔۔

جماعت احمدیہ کی ان طبی خدمات پر حق سے غرباء (متوسط طبقے کے لوگ اور امراء سب مستفید ہو رہے ہیں۔ ہم ہمیشہ شکر گزار رہیں گے۔ ہزاروں پاؤنڈ کی رقوم جماعت احمدیہ کی طرف سے اس ملک میں خرچ کی جائیں گی اگر دیکھا جائے تو یہی حقیقی ... ہے جس کا عملی نمونہ آج جماعت احمدیہ پیش کر رہی ہے

الفضل ۳ ہجرت ۱۳۵۱ ہش

۱۷ جنوری ۱۹۸۲ء

قدرتِ ثانیہ کے مظہرِ ثانی پھر قدرت ثانیہ کے مظہرِ ثالث نے افریقن قوموں کے لئے جو خدمتِ خلق اور ان کی فلاح و بہبود کے لئے اقدامات کئے ان کو مزید ترقی دینے اور اس کام میں وسعت پیدا کرنے کے لئے جنوری ۱۹۸۶ء کے شروع میں ہمارے موجودہ امام حضرت مرزا طاہر احمد صاحب نے مغربی اور مشرقی افریقہ کے مشنوں کا دورہ فرمایا اور وہاں ان ترقیاتی پروگراموں کا خود جائزہ لے کر بعض نہایت ہی اہم اور دور رس نتائج پر حامل پروگرام مرتب فرمائے اور جماعت کے احباب کو ان مظلوم اقوام کی خدمت کے لئے کمرِ ہمت کس لینے کی ہدایات جاری فرمائیں۔ چنانچہ حضور نے گیمبیا میں جہاں قدرتِ ثانیہ کے مظہر ثالث پر خدا تعالیٰ نے نصرت جہاں سکیم کے بارہ میں القاء کیا تھا وہاں ہی حضرت مرزا طاہر احمد امام جماعت احمدیہ نے اعلان فرمایا۔

"میں تمام احمدیہ جماعتوں کو سردست یہ ہدایت کرتا ہوں کہ وہ کمر ہمت کس لیں اور ہر میدان میں افریقہ کی خدمت کی تیاری شروع کر دیں مثلاً امریکہ کی احمدیہ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن جلد از جلد اپنے نمائندے بھجوائے جو سارے افریقہ کے ممالک کا جہاں جہاں جماعت خدمت کی توفیق پا رہی ہے دورہ کریں۔ پھر اپنی رپورٹ اپنی مجلس میں رکھیں پھر مجھے سفارشات پیش کریں کہ افریقہ میں کام کے لئے یہ یہ تجاویز ہیں اور ان میں ہماری طرف سے یہ تعاون ہوگا۔ اس طرح انگلستان۔ یورپ اور دوسرے ممالک کی احمدیہ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بتائیں کہ وہ کیا خدمت کرنے کے لئے تیار ہیں۔

حضور نے فرمایا ڈاکٹروں کی میں نے ایک مثال دی ہے۔ دنیا میں جس پیشے کے اور جس علم میں مہارت رکھنے والے احمدی موجود ہیں۔ ان سب کو فیصلہ کرنا چاہیئے کہ وہ اپنے پیشے کے لحاظ سے افریقہ کی مظلوم

انسانیت کے لئے کتنا وقت خرچ کر سکتے ہیں اور کس قسم کی خدمات پیش کر سکتے ہیں یہ تحریک روپے پیسے کی دولت والی تحریک نہیں بلکہ انسانی قابلیت کی دولت رکھنے والی تحریک ہے پس ہر شخص کے مطابق اپنی قابلیتوں کو افریقہ کی خدمت کے لئے پیش کرنے کی تیاری کرے اور اپنے کوائف مجھے پیش کرے۔

خطبہ جمعہ ۲۲ جنوری ۱۹۸۸ء گیمبیا

پھر حضور نے آئیوری کوسٹ میں اپنے خطبہ جمعہ ۵ فروری ۱۹۸۸ء میں فرمایا۔

کہ افریقن ملکوں کے دورہ سے میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ افریقہ کو محض روحانی۔ مذہبی اور اخلاقی مدد کی ضرورت نہیں بلکہ ہر قسم کی مدد کی ضرورت ہے اور خاص طور پر اقتصادی رہنمائی کی ... اس لئے ایک مذہبی سربراہ کی حیثیت سے میں احمدیوں کو کہتا ہوں کہ اس خطرے کے موقع پر ان ممالک کی مدد کے لئے تیار ہو جائیں۔ ... میں یہ بات غریبوں کی محبت رکھنے کی وجہ سے کہتا ہوں اس لئے ہر ممکن کوشش کریں کہ افریقن اقوام اپنے پاؤں پر کھڑی ہو جائیں۔ ان خطرات سے لوگوں کو بچائیں اور انہیں خطرات سے آگاہ کریں۔ احباب جماعت کو تحریک کرتے ہوئے حضور نے فرمایا کہ ہر علم کے ماہرین جو ان ملکوں کے اقتصادی حالات بدل سکتے ہیں مجھے لکھیں یا تو وہ اپنے خرچ پر ان کا دورہ کریں یا پھر وقت دیں تو جماعت ان کو خرچ دے گی۔ اور یہ لوگ اپنے پیسے سے نہیں بلکہ اپنے علم سے ان کی خدمت کریں گے۔ اور پھر واپس چلے جائیں گے۔

غانا میں حضور نے جماعت احمدیہ کی خدمات کی نوعیت کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔

" افریقہ میں آنے والی دوسری قوموں کی طرح جماعت احمدیہ کے ساتھ تیر و تفنگ آئے نہ توپیں آئیں اور نہ ہی کوئی حکومت اسے اپنے سایہ تلے لے کر آئی بلکہ جماعت احمدیہ غریبوں کی جماعت بن کر یہاں آئی۔ وہ یہاں کے لوگوں کو روحانی دولت بخشتی رہی۔ اس نے ان لوگوں کو تعلیمی دولت بھی عطا کی اور ان کے جسموں کی صحت کے لئے بھی وہ کوشاں رہی لیکن اس کے بدلے میں اس نے ایک پیسہ بھی غانا سے لے کر باہر نہیں بھجوایا۔ جماعت احمدیہ کے ساتھ ان تاجروں کے گروہ نہیں آئے جو اس ملک کا سونا کوڑیوں کے مول لے کر اپنے ملک کی زینت بڑھاتے رہے بلکہ جماعت احمدیہ کی تاریخ ان سے بالکل مختلف نظارے پیش کرتی ہے۔

مغربی افریقہ کے ممالک کے بعد اگست نومبر ۱۹۸۸ء میں حضور نے مشرقی افریقہ کے ممالک کا دورہ فرمایا اور وہاں بھی ان ممالک کے لوگوں کی فلاح کے سلسلہ میں متعلق اہم اور فوری فیصلے جات فرمائے اور تعلیمی اور طبی میدان میں افریقن بھائیوں کی

ضروریات کو پورا کرنے کے لئے جماعتی خدمات کی سکیم تیار کی اور مناسب ہدایات فرمائیں۔

چنانچہ یوگنڈا میں ایک انٹرویو لینے والی خاتون کے جواب میں فرمایا کہ

"میں تمام بنی نوع انسان کی ہمدردی اپنے دل میں رکھتا ہوں۔ میرا تعلق تمام بنی نوع انسان کے ساتھ ہے جب سے میں یوگنڈا میں آیا ہوں اپنے آپ کو یوگنڈین سمجھتا ہوں حضور انور نے فرمایا کہ ہم یوگنڈا کی خدمت کا تہیہ کر چکے ہیں۔ ان کی ہر ممکن خدمت کریں گے ہم خدا کی مخلوق کی خدمت نہیں کر سکتے تو خدا کی محبت کے وعدے دار کیسے ہو سکتے ہیں۔ بطور مذہبی لیڈر میرا یہ فرض ہے کہ میں لوگوں کی جسمانی اور روحانی ضروریات کا خیال رکھوں اس بارہ میں تعلیمی طبی اور اقتصادی پروگرام تیار کیا جا رہا ہے۔

پھر تنزانیہ میں حضور نے اعلان فرمایا کہ

"جماعت احمدیہ تنزانیہ کے لئے بہت سے منصوبوں کی ضرورت ہے کثرت کے ساتھ سکول ہسپتال پھیلائے جائیں خواہ وہ چھوٹے چھوٹے ہی کیوں نہ ہوں۔ اس سلسلہ میں تفصیلی منصوبے بنائے جائیں۔

جہاں جہاں جماعت میں بیداری پیدا ہوتی ہے ان کا حق ہے انہیں خصوصیت کے ساتھ اس سکیم میں شامل کیا جائے۔

جہاں تک شفاخانوں کا تعلق ہے۔ اس سلسلہ میں میرے ذہن میں دو پروگرام ہیں۔ اوّل یہ کہ جہاں تک ایسے قابل ڈاکٹروں کا تعلق ہے جو سرجری اپریشن کر سکتے ہیں تو ہمارے ذرائع محدود ہیں۔

اس لئے جب تک مزید لوگ آگے نہ آئیں۔ ہماری ضرورتیں پوری نہیں ہو سکتیں۔ پس سکیم یہ ہے کہ اگر کوئی ایسے نوجوان ہوں جو سائنس کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں تو ہم ایسے نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے میں مدد دیں گے۔ اس طرح افریقن احمدی تیار ہو جائیں گے۔ جو باہر جا کر اعلیٰ تعلیم حاصل کریں اور واپس آکر اپنے ملک کی خدمت کریں۔ دوسری سکیم یہ ہے کہ یہاں طبیبوں کا جال پھیلا دیں۔ ہومیو علاج افریقہ کے ممالک میں معروف نہیں۔ افریقہ کی کوئی حکومت بھی ایسی نہیں جو اس علاج کو تسلیم کرتی ہو۔ اس طرح بعض قانونی دقتیں ہو سکتی ہیں لیکن (خدا نے چاہا تو) یہ بھی حل ہو جائیں گی ۔۔۔ حضور نے فرمایا کہ میں نے یوگنڈا کی جماعت سے وعدہ کیا ہے کہ میں وہاں ہومیو پیتھک کے ایک سکول کا اجرا کروں گا اس لئے ایسے احمدی جو ہومیو پیتھک کی سند رکھتے ہوں وہ ایک سال یا دو سال یا تین سال کے لئے اپنے آپ کو وقف کریں اگر تین سال کے لئے وقف کریں تو بہتر ہوگا۔ کیونکہ صرف یوگنڈا میں ہی نہیں بلکہ تنزانیہ میں بھی ایک ہومیو پیتھک سکول کھولنے کا ارادہ ہے پس ایسے نوجوان جو بیکار رہیں وہ خدمت دیں بھی

کریں اپنی روزی بھی کمائیں اور ملک کی خدمت بھی کریں کیونکہ ملک کو اس کی ضرورت بھی ہے اور لوگوں کی اکثریت طبی امداد سے محروم ہے۔

اس سکیم میں (اللہ نے چاہا تو) بہت برکت ہو گی۔۔۔ عالمگیر جماعت احمدیہ فیصلہ کر چکی ہے کہ اپنے افریقن بھائیوں کی مدد کرے۔

ڈاکٹرز۔ اس وقت واقفین ڈاکٹرز کی تعداد پاکستان کے ۴۴۔ بھارت کے ۳۔ مارشیس کے ۲۔ نائجیریا کے ۲۔ غانا اور انگلینڈ کے ایک ایک ڈاکٹر وقف کر کے مغربی اور مشرقی افریقہ میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

احمدیہ ہسپتالوں میں مفت علاج بھی کیا جاتا ہے۔ باقیوں سے ان کی توفیق کے مطابق فیس لی جاتی ہے جو فیس ہمیں ہمارے ہسپتالوں سے ملتی ہے ان میں سے ایک پیسہ بھی کسی افریقن ملک سے نہ باہر نکالا ہے اور نہ آئندہ نکالا جائے گا بلکہ کلیتہً اسی ملک کی خدمت پر استعمال کیا جاتا ہے اور کچھ حصہ سکولوں کو چلانے میں استعمال ہوتا ہے اور کچھ نئے ہسپتال بنانے یا ہسپتال کے معیار کو بلند کرنے پر خرچ ہوتا ہے۔ ہمارے ڈاکٹرز نامساعد حالات میں کام کرتے رہے۔ ڈاکٹرز نے لالٹینوں کی روشنی میں اندھیرے کمروں میں جہاں ٹڈیوں، مکھیوں، مچھروں کی بہتات تھی جہاں دیواروں کے ساتھ کائی لگی ہوئی تھی جہاں ایک ٹوٹا پھوٹا میز اپریشن کے لئے تھا۔ وہاں ڈاکٹرز نے اتنے بڑے بڑے اپریشن کئے کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ اور خدا کے فضل کا ثبوت یہ ہے کہ احمدی ڈاکٹروں کی شفا کا معیار دوسرے ہسپتالوں کے ڈاکٹروں کے مقابل پر غیر معمولی طور پر زیادہ ہے۔

لٹریچر براعظم افریقہ میں جماعت احمدیہ کی خدمات میں سے ایک اور اہم چیز جس کا تعلق زیادہ تر تعلیمات پر مشتمل لٹریچر ہے جو وہاں کی لوکل زبانوں میں مہیا کیا گیا ہے۔ مخالفین کے لٹریچر کے جواب میں اس امر کی شدت سے ضرورت محسوس ہو رہی تھی کہ انگریزی اور لوکل زبانوں میں محاسن۔ قرآن مجید کے فضائل اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت اور تعلیمات پر مشتمل لٹریچر پیدا کیا جائے۔ چنانچہ جماعت احمدیہ کو خدا تعالیٰ نے یہ خدمت باحسن وجوہ سرانجام دینے کی توفیق بخشی خصوصاً انگریزی ترجمۃ القرآن اور لوکل زبانوں میں قرآن مجید کے تراجم نے اپنے اور بیگانوں سے داد تحسین حاصل کی۔ الحاج ابوبکر وزیر اعظم نائجیریا نے ایک بار اس بات کا اظہار کیا۔

کہ مجھے جب بھی عیسائیوں سے بحث کے دوران بات پیش کرنی ہوتی ہے تو ہمیشہ احمدیہ لٹریچر میری رہنمائی کرتا ہے میں اس کے علاوہ کسی اور مذہبی لٹریچر پر اس قدر اعتماد نہیں کرتا جتنا کہ احمدیہ جماعت کے لٹریچر پہ کرتا ہوں۔

آنر ہویل مصطفےٰ اسنوسی نائب وزیر اعظم سیرالیون اور پریذیڈنٹ مسلم کانگریس نے کہا۔

جماعت احمدیہ کا وجود اس ملک میں دینِ حق کے لئے ایک بہت بڑی طاقت کا موجب ہے اس جماعت نے ، جس طرح خدمت کی ہے صدیوں سے کسی نے نہیں کی۔ جماعت کا لٹریچر صحیح تصویر پیش کرتا ہے اور ایک معمولی لکھا پڑھا آدمی اس سے بہت فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ اس ملک میں دینِ حق صدیوں سے ہے مگر ا کو ایسی شکل میں پیش کیا گیا جو ناقابلِ عمل نہیں تو کم از کم مشکل ضرور نظر آتا ہے۔ مگر جماعت احمدیہ نے ں صحیح تصویر پیش کر کے ملک و ملت کی بہت خدمت کی ہے

مجھے یاد ہے جب میں فری ٹاؤن کے ایک سکول میں طالب علم تھا تو جماعت کا ایک فری ٹاؤن میں آیا۔ لوگوں نے اس کی مخالفت کی مگر اس کے علم و فضل کی اس قدر دھاک بیٹھ گئی کہ لوگ اس کے علم اور فضل کا اقرار برملا کرنے لگے۔ اس کے ایک ہاتھ میں قرآن تھا اور دوسرے میں بائبل اور وہ دونوں کا مقابلہ کر کے قرآن کی فضیلت اس طرح ثابت کرتا تھا کہ کوئی عیسائی پادری اس کا جواب نہ دے سکتا تھا۔

احمدیہ مشن نے نیا لٹریچر پیدا کرنے کے علاوہ قرآن کریم کا ترجمہ کر کے دنیا پر ایسا احسانِ عظیم کیا ہے کہ ہم نوجوان جنہوں نے انگریزی تعلیم حاصل کی ہے اور وہ بھی عیسائی سکولوں میں ہمارے لئے دینِ حق کا سوچنا بہت ہی مشکل تھا۔ اگر ہمیں اس کے بارہ میں واقفیت ہوئی تو صرف جماعت احمدیہ کے لٹریچر سے ہی ہوئی ہے اور آج بڑے سے بڑے مخالف کو دینِ حق کی صداقت کے بارہ میں آگاہ کر سکتے ہیں۔

مجھے یاد ہے جب میں طالب علم تھا ایک عیسائی نے اخبار میں ایک مضمون لکھا جس میں دینِ حق پر ناروا حملے کئے گئے تھے۔ میں نے چیلنج کو قبول کیا اور جواب کی تیاری میں مشغول ہوا۔ عیسائیوں کے اعتراضات کا مکمل جواب احمدیہ مشن کی کتابوں میں موجود تھا میں نے مشن کی کتابیں لے کر اس کے اعتراضات کا منہ توڑ جواب دیا۔

میں احمدیہ مشن کی ا ، خدمات کا دل و جان سے معترف ہوں اور جہاں بھی مجھے جانے کا اتفاق ہوا ہے میں نے اس کا اعتراف کیا ہے اور جہاں بھی گیا ہوں احمدیہ مشن کو خدمت دین کرتے ہوئے پایا ہے۔ امریکہ۔ جرمنی۔ اٹلی۔ انگلینڈ غانا۔ نائیجیریا وغیرہ کے نام قابلِ ذکر ہیں۔

میں مشن کو یقین دلاتا ہوں کہ جو بھی امکانی مدد مجھ سے ہو سکے گی میں کروں گا کیونکہ یہ مشن حفاظت کے لئے لڑ رہا ہے۔

وزیر آباد کاری اور پبلک ورکس آنریبل کانڈے بورے نے کہا :

"میں یہ اعتراف کرنے سے باز نہیں رہ سکتا کہ سیرالیون میں اگر کوئی مذہبی تنظیم کام کر رہی ہے تو صرف احمدیہ موومنٹ اور اس کے مربیان ہیں اور بڑی ناانصافی ہوگی اگر میں اس امر کا اقرار نہ کروں کہ اگر احمدی مربیان اس ملک میں نہ آتے اور انہوں نے دینِ حق پر عیسائیت کے جارحانہ حملوں کی مدافعت نہ کی ہوتی تو اس وقت تک اس ملک میں دینِ حق کے نام کے سوا اور کچھ باقی نہ رہ جاتا اور کوئی شریف آدمی اس نام کے ساتھ منسوب ہونا گوارہ نہ کرتا"

"ایک عیسائی تعلیم یافتہ دوست سٹرادیا برائٹ نے ایک بار ریڈیو سیرالیون پر تقریر کرتے ہوئے احمدیہ لٹریچر کو ان الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کیا جو اخبار دی سیرالیون ننیس ۷ فروری ۱۹۶۳ء میں شائع ہوا۔

میں نے گزشتہ ہفتہ اپنے مقالہ میں چند شخصیتوں کا ذکر کیا تھا۔ ان میں سے مرزا بشیرالدین محمود احمد امام جماعت احمدیہ بھی ہیں۔ اس عظیم مصنف کے لٹریچر نے جو دینِ حق کے مختلف پہلوؤں پر مشتمل ہے مجھے گہرے طور پر متاثر کیا ہے میں نے یہ عزم کر لیا ہے کہ انہوں نے دینِ حق کی تعلیم کو جس رنگ میں پیش کیا ہے آپ بھی میرے ساتھ اس کے مطالعہ میں نہ صرف شریک ہوں بلکہ لطف اندوز بھی ہوں۔

یوگنڈا یوگنڈا میں یوگنڈا کی زبان لوگنڈی میں قرآن مجید کے پانچ پاروں کا ترجمہ مختصر نوٹس کے ساتھ شائع ہوا تو حکومت یوگنڈا کے سرکاری اخبار نے اس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا۔

یوگنڈا کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ ہم یہ خوش کن خبر اپنے قارئین تک پہنچا رہے ہیں کہ یوگنڈا زبان میں ترجمۃ القرآن کی پہلی جلد جو پانچ پاروں پر مشتمل ہے، شائع ہو گئی ہے۔ کی مدت سے یہ آرزو تھی کہ قرآنِ مجید کا ترجمہ ان کی زبان میں شائع ہوتا وہ خدا کے مقدس کلام کو سمجھ سکیں۔ اس ترجمہ کے ساتھ ایک حصہ تک ان کی ضرورت پوری ہو گئی۔ ہمیں خوشی ہے کہ یوگنڈا احمدیہ مشن نے یہ مشکل کام اپنے ہاتھ میں لیا۔

الفضل ۶ جون ۱۹۶۲ء

نائیجیریا شمالی نائیجیریا کے وزیرِ صحت جناب الحاج امین کملڈیمان کی خدمت میں مکرم نسیم سیفی صاحب انچارج مشنز مغربی افریقہ نے سلسلہ کا لٹریچر بھجوایا۔ وزیر موصوف نے اس کے جواب میں جو خط محترم سیفی صاحب کو لکھا اس میں کہا۔

"وہ جلیل القدر خدمات جو آپ لوگ نائیجیریا میں بجا لا رہے ہیں اس درجہ کامیاب ہیں کہ بے اختیار دل سے یہ دعا نکلتی ہے کہ اللہ آپ کو دینِ حق اور انسانیت کی خدمت

(باقی صفحہ ۴۳ پر)

تراجم قرآنِ کریم کا عظیم منصوبہ

بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ کی بعثت کی اغراض میں سے ایک عظیم غرض یہ بھی تھی کہ قرآنِ کریم جو کلام اللہ ہے اور تمام برکات کی جامع کتاب ہے اس کا شرف اور مرتبہ تمام بنی نوع انسان پر ظاہر کیا جائے اور اس کی اشاعت اور مختلف زبانوں میں تراجم کا وسیع پیمانہ پر انتظام کرکے لوگوں کے قلوب کو اس کے نور سے منور کیا جائے اور اس کی محبت دلوں میں راسخ کردی جائے۔ چنانچہ بانی سلسلہ احمدیہ قرآن کریم کی عظمت اور شان بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

"حقیقی اور کامل نجات کی راہیں قرآن نے کھولیں اور باقی سب اس کے ظل تھے سو تم قرآن کو تدبّر سے پڑھو اور اس سے بہت پیار کرو۔ ایسا پیار کہ تم نے کسی سے نہ کیا ہو کیونکہ جیسا کہ خدا نے مجھے مخاطب کرکے فرمایا کہ الخیر کلّہ فی القرآن کہ تمام قسم کی بھلائیاں قرآن میں ہیں۔ یہی بات سچ ہے۔ افسوس ان لوگوں پر جو کسی اور چیز کو اس پر مقدم رکھتے ہیں۔ تمہاری تمام فلاح اور نجات کا سرچشمہ قرآن میں ہے کوئی بھی تمہاری ایسی دینی ضرورت نہیں جو قرآن میں نہیں پائی جاتی۔ تمہارے ایمان کا مصدق یا مکذّب قیامت کے دن قرآن ہے اور بجز قرآن کے آسمان کے نیچے اور کوئی کتاب نہیں جو بلاواسطہ قرآن تمہیں ہدایت دے سکے۔ خدا نے تم پر بہت احسان کیا ہے جو قرآن جیسی کتاب تمہیں عنایت کی۔"

کشتی نوح صفحہ ۳۸

چنانچہ جماعتِ احمدیہ نے اپنے بانی کے اس زریں ارشاد کی روشنی میں شروع سے ہی اس عظیم المرتبت کتاب کی وسیع پیمانہ پر اشاعت کا بیڑہ اٹھایا اور مختلف زبانوں میں اس کے تراجم کا منصوبہ تیار کیا تا دنیا کے ہر خطہ کے لوگوں تک ان کی زبان میں قرآنِ کریم کے معنی اور مفہوم کو پہنچایا جاسکے۔ کیونکہ دینِ حق سے متعارف کرانے کا حقیقی ذریعہ اور سب سے بڑا طریق یہی تھا کہ قرآنِ کریم کا ترجمہ ہر قوم اور ہر ملک کی زبان میں کرکے ان کے سامنے پیش کیا جاتا۔

جماعت احمدیہ نے یہ عظیم کام اس طرح سرانجام

دیا کہ آئمہ سلسلہ احمدیہ کی سرپرستی اور زیر نگرانی قرآن مجید کے مختلف زبانوں میں تراجم کئے گئے۔ پھر ان کی اشاعت کا وسیع پیمانے پہ انتظام کیا گیا۔ اور دنیا بھر کی لائبریریوں میں اسے رکھوانے کا سلسلہ عالمی سطح پہ ایسی وسعت اختیار کر گیا کہ اس سے قبل تاریخ میں اس کی مثال نہیں ملتی۔ امریکہ، یورپ اور افریقہ کے ہوٹلوں میں قرآن کریم کے تراجم رکھوانے کی زبردست مہم چلائی گئی۔

اس وقت تک جماعت احمدیہ نے قرآن مجید کے جو تراجم مختلف زبانوں میں کئے ہیں اور جن میں سے بعض شائع ہو کر مارکیٹ میں آچکے ہیں اس کی تفصیل ذیل میں پیش کی جاتی ہے۔ بعض تراجم کے تو دو دو اور تین تین ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں اور مذہبی دنیا میں غیر معمولی مقبولیت اور خراجِ تحسین حاصل کر چکے ہیں۔

اس وقت خدا تعالیٰ کے فضل سے لندن میں جماعت کا ایک نستعلیق کمپیوٹر پریس اسلام آباد میں قائم ہو چکا ہے جہاں حضرت امام جماعت احمدیہ کی زیر نگرانی تراجم قرآن کریم کی طباعت اور اشاعت وسیع پیمانہ پر جاری ہے۔

جن زبانوں میں قرآن کریم کے تراجم ہو کر شائع ہو چکے ہیں ان کی تفصیل حسب ذیل ہے،

جن کا ترجمہ شائع ہو چکا ہے۔

۱۔ انگریزی ۲۔ فرانسیسی
۳۔ جرمن۔ ۴۔ لوگنڈا۔
۵۔ ڈچ۔ ۶۔ گرمکھی۔
۷۔ یوروبا۔ ۸۔ ڈینش۔
۹۔ انڈونیشین۔ ۱۰۔ سواحیلی۔
۱۱۔ اسپرانسٹو۔ ۱۲۔ اٹلین
۱۳۔ فیجین ۱۴۔ ہندی
۱۵۔ رشین

جن زبانوں میں قرآن مجید شائع ہو رہا ہے۔

۱۔ اسپینش ۲۔ سویڈش
۳۔ کورین ۴۔ کیکویو (کینیا)
۵۔ جیپنیز ۶۔ پرتگیزی
۷۔ فانٹی (غانا) ۸۔ ملائی (ملیشیا)
۹۔ پرشین (ایرانی) ۱۰۔ ہوسا (نائجیریا)
۱۱۔ بنگالی ۱۲۔ سندھی
۱۳۔ البانین

جن زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے۔ گو ابھی شائع نہیں ہوا۔

۱۔ مینڈے (سیرالیون) ۲۔ اوریا (انڈیا)
۳۔ آسامی (انڈیا) ۴۔ ٹووالو
۵۔ ٹرکش ۶۔ گجراتی (انڈیا)
۷۔ پولش (پولینڈ) ۸۔ بلیگرین

جن زبانوں میں ترجمہ ہو رہا ہے

۱۔ ویٹنامیز ۲۔ چیکوسلاویکیا۔
۳۔ چائنیز ۴۔ سرائیکی (پاکستانی)

۵۔ ملی آلم (انڈیا) ۶۔ تامل (انڈیا)
۷۔ پنجابی (پاکستان) ۸۔ گریک (یونان)
۹۔ نارویجن ۱۰۔ کرڈش (ایران، ترکی)
۱۱۔ پشتو (پاکستان) ۱۲۔ تلگو (انڈیا)
۱۳۔ مرہٹی (انڈیا) ۱۴۔ بربنیر (")
۱۵۔ اویو گر۔

جن زبانوں میں منتخب آیات شائع ہو چکی ہیں

۱۔ سموین (سمویا) ۲۔ بالی (انڈونیشیا)
۳۔ کانا ڈا (انڈیا) ۴۔ اشانٹی (غانا)
۵۔ ایوی (غانا) ۶۔ والی (")

جن زبانوں میں منتخب آیات شائع ہو رہی ہیں

۱۔ ٹونگان (ٹونگا جزائر) ۲۔ کیریباس (کریباس جزائر)
۳۔ بٹکی (انڈونیشیا) ۴۔ جاوانیز (انڈونیشیا)
۵۔ کیکنبا (کینیا) ۶۔ اورومو (کینیا)
۷۔ ایمچارک (") ۸۔ ڈوکاری (انڈیا)
۹۔ بھوٹانی (بھوٹان) ۱۰۔ کشمیری
۱۱۔ نیپالی (نیپال) ۱۲۔ گا (غانا)
۱۳۔ باغبانی (غانا) ۱۴۔ کتلان (سپین)
۱۵۔ ڈوسون (ملیشیا) ۱۶۔ بلوچی (پاکستان)
۱۷۔ ٹاگالوگ ملیشیا ۱۸۔ تھائی۔ (تھائی لینڈ)
۱۹۔ سورینامین (سورینا) ۲۰۔ ہیبرو (اسرائیل)
۲۱۔ یدیشن (اسرائیل) ۲۲۔ سنہالیز (سری لنکا)
۲۳۔ بیبل (لائبیریا) ۲۴۔ چیچیوا۔ (زیمبیا)
۲۵۔ چیاوو (زیمبیا) ۲۶۔ یادو

جن زبانوں میں منتخب آیات کا ترجمہ ہو چکا ہے کو شائع نہیں ہوئیں

۱۔ فولانی (گیمبیا) ۲۔ وولف (گیمبیا)
۳۔ ایبو (نائیجیریا) ۴۔ ٹمنی (سیرالیون)
۵۔ ہنگرین (ہنگری) ۶۔ رومانین
۷۔ یوکرینین (روس) ۸۔ آسٹونین (روس)
۹۔ لیتھونین (") ۱۰۔ لٹوین (")
۱۱۔ جارجین (") ۱۲۔ موآری (نیوزی لینڈ)
۱۳۔ ماڈنگو (گیمبیا) ۱۴۔ جولا (کوٹ ڈیوئیر)
۱۵۔ باؤلول (KOTEDLVOIRE)
۱۶۔ بیٹ "
۱۷۔ آئی رش (آئرلینڈ) ۱۸۔ ویلش (ویلز)
۱۹۔ وائی (لائبیریا) ۲۰۔ باسا (لائبیریا)
۲۱۔ کریول (مارشس) ۲۲۔ کنیاجا (زیمبیا)
۲۳۔ لنگالا (زائر) ۲۴۔ کنگونگو (زائر)
۲۵۔ چیلویا (") ۲۶۔ افریقیاں (جنوبی افریقہ)
۲۷۔ ایکسنر ۲۸۔ کزخ (روس)

جن زبانوں میں منتخب آیات کا ترجمہ ہو رہا ہے۔

۱۔ ادیاگر ۲۔ منگولین
۳۔ آرمینین (روس) ۴۔ سربوکروٹین (یوگوسلاویہ)

افریقہ میں احمدیہ تعلیمی و طبّی اداروں کا مقصد

اور

ان کی چند خصوصیات

مغربی افریقہ کے بعد اب مشرقی اور وسطی افریقہ میں بھی جماعت احمدیہ نے تعلیمی اور طبّی ادارے قائم کر دیئے ہیں۔ ان کے قیام کا مقصد تو حضرت مرزا ناصر احمد صاحب نے اپنے تاریخ ساز دورۂ افریقہ ۱۹۷۰ء میں یوں واضح فرمایا تھا کہ

"ہمیں غور و فکر کر کے اللہ تعالیٰ سے رہنمائی حاصل کرنی چاہیئے کہ ہم کس طرح افریقن بھائیوں کی خدمت کر سکتے ہیں۔ آقا بن کر نہیں بلکہ دوست اور ساتھی کی حیثیت سے۔ ہماری دولت خدمتِ خلق ہے اور یہی خدمت کا بہترین طریق ہے جس سے آنے والے دنوں میں سب انسان ایک خاندان کی طرح رہنا سیکھ جائیں گے۔" (سیرالیون۔ ڈیلی میل ۶ مئی ۱۹۷۰ء)

افریقہ میں احمدیہ ہسپتالوں اور سکولوں پر ایک طائرانہ نظر

۱۹۶۰ء سے ۱۹۷۰ء تک صرف چار احمدیہ کلینک کام کر رہے تھے۔ ۱۹۷۰ء سے ۱۹۸۲ء تک ان کی تعداد بیس ہو گئی تھی اور اب یہ تعداد ۲۸ تک جا پہنچی ہے اسی طرح ہائی سکولوں کی تعداد چالیس ہو گئی ہے۔ ان کی ملک وار تقسیم یوں ہے۔

ملک	تعداد احمدیہ ہسپتال	تعداد احمدیہ ہائر سیکنڈری سکول
نائجیریا (مغربی افریقہ)	۸ " ایک ڈینٹل کلینک	۶ "
غانا "	۵ "	۷ "
سیرالیون "	۴ "	۲۱ "
گیمبیا "	۵ " ا ڈینٹل کلینک	۳ "
ایوری کوسٹ "	۱ "	-
لائبیریا "	۱ "	۱ "
تنزانیہ (مشرقی افریقہ)	۱ "	-
یوگنڈا "	۲ "	۱ "
زائر (وسطی افریقہ)	۱	۱ "
کل میزان	۲۸ "	۴۰ "

اب تک ان ہسپتالوں سے پچاس لاکھ سے زائد مریض فیض یاب ہو چکے ہیں اور ایک لاکھ سے

زائد اپریشن بھی ان میں ہوئے ہیں اور دس ہزار سے زائد طلبہ سکولوں سے تعلیم پا چکے ہیں۔ ان اداروں میں کام کرنے والے (۱) پاکستانی (۲) ہندوستانی (۳) غانین (۴) نائجیرین (۵) بنگلہ دیشی (۶) مارشیس (۷) برطانوی ۔ وقف زندگی ڈاکٹروں اور ٹیچروں کے علاوہ سینکڑوں کی تعداد میں مقامی لوگ ان کے ممدو معاون ہیں۔

یاد رہے کہ احمدیہ مشنوں نے ان ملکوں میں سینکڑوں پرائمری سکول بھی کھول رکھے ہیں۔ جس میں ہزاروں مقامی اساتذہ کام کرتے ہیں اور تعلیم پانے والے طلبہ کی تعداد ایک لاکھ سے تو اوپر ہی ہوگی۔

نصرت جہاں کی ترقی کی رفتار

اللہ تعالےٰ نے "نصرت جہاں آگے بڑھو" پروگرام وجلد از جلد کیسے آگے بڑھایا ہے۔ اس کے بانی حضرت مرزا ناصر احمد صاحب کی زبان مبارک سے سنیں۔

" نصرت جہاں آگے بڑھو پروگرام ۱۹۷۰ء میں میں نے جاری کیا تھا اور جلسہ سالانہ پر اس کا اعلان کیا تھا۔ اسوقت جماعت کے حالات کو دیکھ کر یہ خیال تھا کہ سات سال یا بہت ہی جلدی ہو سکا تو پانچ سال میں اپنا وعدہ پورا کر سکوں گا۔ میں نے دعائیں کیں۔ جماعت نے دعائیں کیں۔ اللہ تعالیٰ فضل کرنے والا ہے۔ وہ منصوبہ جس کے متعلق ہمارے اندازے تھے کہ وہ سات سال میں مکمل ہوگا خدا تعالےٰ کے فضل سے ڈیڑھ دو سال میں وہ مکمل ہوگیا۔ اور اس کا بڑا اثر ہوا۔ ایک امریکن مجھے غانا میں ملے۔ وہ وہاں کے قبائلی روایات اور رہن سہن کے طریقوں پر P.H.D کے لئے اپنا مقالہ لکھ رہے تھے۔ انہوں نے ایک افریقن عورت سے شادی بھی کی ہوئی تھی اور وہ ڈیڑھ سال کے بعد یہاں آئے۔ سیر کرتے ہوئے پھر رہے تھے یہاں بھی آ گئے اور کہنے لگے کہ میں صرف یہ دیکھنے آیا ہوں کہ یہ جماعت کس چیز سے بنی ہوئی ہے۔ یہاں میرے سامنے تو بات نہیں کی لیکن ہمارے دوستوں سے کہنے لگا۔ امام جماعت احمدیہ نے افریقہ کے ممالک میں جو پروگرام (تعلیمی وطبی اداروں کا) بنایا ہے۔ ہم نے سوچا اگر ہم اتنا بڑا پروگرام طے کرتے تو باوجود ساری دنیا کی دولت ہمارے پاس ہونے کے ہم اس کو ۳۰ سال میں مکمل کر سکتے تھے مگر ابھی جو ایک سال نہیں گزرا کہ آپ کے کام شروع ہوگئے ہیں۔ تم کس طرح اور کیا کرتے ہو ہمیں تو سمجھ نہیں آرہی؟

... بات یہ ہے کہ ہم (احمدی) اس مٹی سے بنے ہوئے ہیں جو دنیا کی نگاہ میں حقیر ہے۔ لیکن خدا کے ہاتھ میں اس کا آلہ کار بن چکے ہیں۔ خدا فضل کرتا ہے اور کامیابیاں عطا کرتا ہے ورنہ ہم کیا اور ہماری بساط کیا اور ہمارے مال کیا اور ہماری عقلیں اور فراست کیا۔ نتیجے اور تدبیر اور کوشش کا آپس میں کوئی بھی تو مقابلہ نہیں۔

(الفضل ۱۳ دسمبر ۱۹۷۵ء)

چند اہم خصوصیات ۔ اولیت کا سہرا

افریقن ملکوں میں جماعت احمدیہ کو عیسائیوں

کے اداروں کے مقابل پر اپنے رفاہی ادارے کھولنے میں کافی مشکلات درپیش تھیں۔ عیسائی اداروں کی پشت پناہی عیسائی حکومتیں کر رہی تھیں پھر بین الاقوامی ادارے ان کی مالی امداد اتنی زیادہ کرتے تھے کہ جماعت احمدیہ کا بجٹ ان کا عشر عشیر بھی نہ تھا لیکن ہمارا واحد سہارا ہمارا خدا تھا جس نے ہر میدان میں ہمیں کامیابی کا وعدہ دے رکھا ہے۔ چنانچہ اسی پر توکّل کر کے کام شروع کیا اور سب سے پہلا احمدیہ پرائمری سکول الحاج مولوی عبدالرحیم صاحب نیر نے ۱۹۲۲ء میں لیگوس (نائیجیریا) میں کھولا جس پر وہاں کے اخبار AFRICAN Messenger کی ۲۸ ستمبر ۱۹۲۲ء کی اشاعت میں یوں خبر لگی۔

"ہمیں یہ اعلان کرتے ہیں خوشی ہے کہ ۱۱ ستمبر کا دن نہ صرف چھوٹی سی احمدیہ جماعت کے لئے اہم دن بن گیا ہے بلکہ لیگوس کے   کے لئے بھی ہے کہ اس دن جماعت احمدیہ نے پہلا سکول کھولا جس کو   چلائیں گے اپنے   بچوں کے لئے۔ آج سے ۵۰ سال قبل بھی   نے ایک ایسی کوشش کی تھی جو ناکام رہی۔"

اسی طرح باقی ملکوں میں ایسے پرائمری اور پھر سیکنڈری سکول سب سے پہلے کھولنے کا سہرا جماعت احمدیہ کے سر رہا۔

ناقابل فراموش خدمات :-

۱۹۶۹ء میں سیرالیون کے وزیراعظم جناب ڈاکٹر سیاکا سٹیونز (جو بعد میں ملک کے صدر بھی رہے) نے احمدیہ سیکنڈری سکول فری ٹاؤن کا معائنہ فرمایا اور مندرجہ ذیل تاثرات چھوڑے۔

"آج مجھے احمدیہ سکول کو دیکھ کر بہت خوشی ہوئی ہے اس سکول نے تھوڑے سے عرصہ میں غیر معمولی ترقی کی ہے۔ نیز فرمایا کہ احمدیہ مشن نے جس رنگ میں اس ملک کی شاندار اور بے لوث خدمت کی ہے اور تعلیمی اور مشنری میدان میں جو نمایاں کام کیا ہے اسکو سیرالیون کی تاریخ لکھنے والے مورخ کبھی فراموش نہیں کر سکتے۔

صحتمندانہ مسابقت:

۱۹۷۰ء کے جلسہ سالانہ کے موقع پر سیرالیون کے وزیر خزانہ جناب ڈاکٹر ایم ایس فورنا (M.S. Forna) نے فرمایا کہ "احمدیت نے ہمارے تعلیمی نظام پر عیسائیت کی گہری چھاپ کے اثر کو کم کرنے کے لئے صحتمندانہ اقدام کیا ہے اور عیسائی مشن سکولوں میں جبری اصطباغ کی جو روایت چلی آرہی تھی وہ اب ختم ہوا چاہتی ہے۔ یہ ایک صحتمندانہ تغیر ہے جسے ہم سب ممنونیت کے جذبات کے ساتھ قبول کرتے ہیں۔ یہ صحتمندانہ انقلاب بپا کرنے میں احمدیہ مشن نے کتنا کردار ادا کیا ہے۔ اس وقت بتانا ممکن نہیں لیکن اس حقیقت سے کوئی شخص انکار نہیں کر سکتا کہ تربیت کے میدان میں صحتمندانہ مسابقت کا عنصر احمدیت نے آ کر اجاگر کیا۔

انتہائی نظم و ضبط

دسمبر ۱۹۷۶ء میں سیرالیون کے صدر مملکت کبالہ کے احمدیہ سکول تشریف لے گئے اور اس موقع پر فرمایا۔

" ملک کے انتہائی شمال کے دور دراز علاقوں میں جو آمد و رفت کے بہتر نظام نہ ہونے کی وجہ سے ملک کے دیگر حصوں سے الگ تھلگ ہیں احمدیہ مشن کی طرف سے ایگریکلچرل سیکنڈری سکول کے نام سے ایک عظیم تعلیمی ادارہ کا قیام احمدیہ مشن سیرالیون کا ایک عظیم کارنامہ ہے۔ اس نے ہماری ایک اہم ضرورت کو پورا کر کے انسانیت کی خاص خدمت سرانجام دی ہے۔ نیز فرمایا کہ میں نے اس سکول کے بچوں کے انتہائی نظم و ضبط کے مظاہرہ کا خود مشاہدہ کیا ہے اور میں اس سے بے حد متاثر ہوا ہوں ۔۔۔ ہم سب کا فرض ہے کہ ہم بحیثیت مجموعی احمدیہ مشن کے قائم کردہ اس عظیم ادارہ سے ہر ممکن تعاون کریں اور ان کا ہاتھ بٹائیں۔ ایسے ادارے ملک کی ایک بنیادی ضرورت کو پورا کرتے ہیں۔

رواداری اور امن قائم کرنیوالے

سیرالیون کے شہر کبالہ میں احمدیہ سیکنڈری سکول کی کوششوں سے مختلف قبائل اور لوگوں کے درمیان انتشار اور کشیدگی کی فضا کو فٹ بال کے دلچسپ کھیل کی بدولت ہم آہنگی اور رواداری کی فضا میں بدل دیا گیا۔ دارالحکومت فری ٹاؤن سے شائع ہونے والے اخبار "پروگریس" نے ۲۰ مارچ ۱۹۷۹ء کی اشاعت میں یہ خبر " سیاسی آویزش نے فٹ بال کے ترقی پذیر ذوق و شوق کے سامنے ہتھیار ڈال دیئے" کا شہ سرخی کے تحت شائع کی ہے۔ اخبار نے لکھا ہے کہ دو عظیم المرتبت اشخاص وزارتِ داخلہ کے مسٹر اے جی کوروما (A.G. Koroma) اور کبالہ کے احمدیہ سیکنڈری سکول کے مسٹر ایم اے پال (مبشر احمد پال) کی ترقی پسندانہ بصیرت کا شکریہ۔ جس کی وجہ سے ضلع کوئنہ ڈوگو اور خصوصاً کبالہ کے علاقہ میں فرقہ وارانہ قبائلی اور سیاسی تعصبات اور رنجشوں کی بجائے ایک بار پھر ایک خوشگوار ہم آہنگی سے بھرپور اور رواداری کا ماحول پیدا ہو گیا ہے۔ اخبار نے لکھا ہے کہ اگرچہ ابھی ابتدائی مرحلہ ہے لیکن خوشی و مسرت اور بھائی چارے کا جو ماحول اس وقت موجود ہے اس کی مثال شہر کی فٹ بال کی تاریخ میں کہیں نہیں ملتی۔ اخبار کے مطابق ضروری اور اہم بات تو یہ ہے کہ آپس میں دشمنی رکھنے والے گروہوں کے متعلق یہ پتہ چلا ہے کہ وہ ایک دوسرے کی فٹ بال کے میدان میں نہایت ہی جوش و خروش سے حمایت کر رہے ہیں۔ مثال کے طور پر "پاور سٹار" ٹیم کے

افراد کی ایک بڑی تعداد کی اس سے پہلے ٹیم کے مینیجر سے بول چال بند تھی۔ مگر جب سے یہ شخص ٹیم کا مینیجر بنا سب پرانی باتیں ختم ہو چکی ہیں۔ اور یہ شہر آہستہ آہستہ امن اور ہم آہنگی کی طرف بڑھ رہا ہے۔ اخبار نے اس ضمن میں مثال دی ہے کہ اس سے پہلے بھی کھیل کو آپس کی سیاسی رقابت ختم کرنے کے لئے استعمال کیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر امریکہ اور چین کے درمیان تعلقات بحال کرنے کے لئے ٹیبل ٹینس کے میچ کھیلے گئے اور سینیگال اور آئیوری کوسٹ کے درمیان دوستی کے لئے بھی صدر سیکو طورے نے فٹ بال کو استعمال کیا۔"

(الفضل ۲۰ جون ۱۹۷۹ء)

احمدیہ مساعی عظیم اور قابل قدر

سیرالیون کے پرنسپل ایجوکیشن آفیسر ڈاکٹر پامر نے ایگریکلچرل کالج کبالہ میں خطاب فرمایا۔ جس میں احمدیہ مشن کی تعلیم کے میدان میں قابلِ قدر مساعی کا ذکر کرتے ہوئے اس بات کا اعتراف کیا کہ:۔

" احمدیہ مشن ہی ایک ایسا مشن ہے جو صحیح معنوں میں ان افریقن ممالک میں دینی و سائنسی علوم کو پھیلانے اور جہالت کو دور کرنے کے سلسلہ میں ہماری حکومتوں سے تعاون کر رہا ہے۔

نیز سکول کے ماسٹر پلان کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ:۔

" میں یہ پلان دیکھ کر اس قدر متاثر ہوا ہوں کہ میں یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ واقعی احمدیہ مشن اس ڈسٹرکٹ میں کچھ کر دکھانا چاہتا ہے۔ اور اگر اس پلان کے تحت Control Block جو کہ آٹھ کلاس روم اور ایڈمنسٹریٹو بلاک پر مشتمل ہے۔ ستمبر ۱۹۷۶ء تک مکمل ہو جائے تو۔۔ میں اس سکول کو وزارت تعلیم سے۔ Assi stance لے کر دوں گا۔ احمدیہ مشن اس قسم کے منصوبے پیش کرے اور ہم اس کی اس رنگ میں بھی مدد نہ کریں۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے۔ انہوں نے مزید فرمایا کہ

" اگرچہ ہماری حکومت کی یہ پالیسی ہے کہ کسی نوزائیدہ سکول کو کم از کم تین سال سے پہلے وزارت تعلیم ہرگز ہرگز Assis Tance نہ دے لیکن میں کہوں گا کہ ہماری حکومت کو احمدیہ مشن کی اس قدر عظیم قابل قدر مساعی کے سامنے اپنی ان پالیسیوں کو یا تو بدل دینا چاہیئے یا احمدیہ مشن پر چسپاں نہیں کرنا چاہیئے۔ کیونکہ یہ پالیسیاں احمدیہ مشن کے وقار کے سراسر خلاف ہیں۔"

(الفضل مورخہ ۷ مئی ۱۹۷۶ء)

۷۔ فٹ بال میں چیمپئن شپ

سیرالیون میں دو احمدیہ سکول فٹ بال چیمپئن قرار دیئے

گئے ۔ یہ خبر انتہائی مسرت سے سنی جائیگی کہ امسال سیرالیون مغربی افریقہ کے سکولز کے فٹ بال کے سالانہ مقابلوں میں ہمارے دو سکول چیمپین قرار دئیے گئے۔

۱ ۔ احمدیہ سیکنڈری سکول فری ٹاؤن

۲ ۔ احمدیہ سیکنڈری سکول بو ۔

ان دونوں سکولوں کو School of The year قرار دے دیا گیا۔ بو سکول کی چوتھی بار چیمپین شپ ملنے پر منسٹری آف ایجوکیشن کی طرف سے Trophy مستقل طور پر دے دی گئی ۔

مزید خوشی کی بات یہ ہے کہ ہمارے فری ٹاؤن سیکنڈری سکول کے پرنسپل B.A کو of قرار دیا گیا ۔

اللہ تعالیٰ یہ کامیابی ان کے لئے مبارک کرے ۔

عید میلاد النبیؐ کے جلسے

خوشی اور شکر کا مقام ہے کہ ہمارے احمدیہ سکولوں کے ذریعہ جگہ جگہ عید میلاد النبیؐ کے موقعہ پر سیرۃ النبیؐ کے جلوس نکالے جاتے ہیں اور اساتذہ کی نگرانی میں طلبہ اپنے ہاتھوں میں Banners لے کر سارے شہر کا چکر لگاتے ہیں اور سکولوں کے زیر انتظام سیرۃ النبیؐ کے جلسے بھی ہوتے ہیں ۔ ایسا ہی ایک جلسہ سیرالیون میں مبوڈو کے احمدیہ سیکنڈری سکول میں ہوا جس کی صدارت وہاں کے عیسائی ٹاؤن چیف T.A بابونجو نے فرمائی ۔ اور صدارتی خطاب میں یہ تلقین کی کہ ہمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نیک نمونہ کو اپنانا چاہیئے کیونکہ آپ انسانیت کے محسن تھے ہمیں صرف تقاریر تک ہی محدود نہیں رہنا چاہیئے ۔

جناب صدر جلسہ نے احمدیہ مشن کا بھی شکریہ ادا کیا جس کی سعی سے یہاں ایک سکول قائم ہے اور یہاں کے بچے تعلیم کے زیور سے آراستہ اور دینِ حق سے روشناس ہو رہے ہیں ۔ (الفضل ۸ مارچ ۱۹۷۹ء)

اوّلیت کا سہرا

سیرالیون مسلم کانگرس کے صدر اور حکومتِ سیرالیون کے نائبِ الخارج مصطفےٰ اسنوسی صاحب نے ایک جلسۂ عام میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا ۔

"میں ہمیشہ سے ہی احمدیت کا مداح اور خیر خواہ رہا ہوں بعض لوگ اس میری محبت اور عقیدت کو پسند نہیں کرتے ۔ میں انہیں بتاتا ہوں کہ احمدیت ایک سچائی ہے اور سچائی کے لئے دن رات بے لوث خدمت کر رہی ہے ۔

بارہ۱۲ سیکنڈری سکولز (اب ۲۱ ہیں) اور پچاس پرائمری (اب ۱۰۰ سے زائد ہیں) سکولز چلانا کوئی معمولی بات نہیں ۔ یہ کام صرف اخلاص جذبہ اور نیک نیتی جیسی خوبیوں سے آراستہ ہو کر

ہی سرانجام دیئے جا سکتے ہیں۔ میڈیکل کے میدان میں جماعتِ احمدیہ کی خدمات آبِ زر سے لکھی جانی چاہئیں۔"

قابلِ قدر نمونہ

اقوامِ متحدہ کے سیرالیون میں مستقل مندوب Mr. William Harper نے امیر جماعت احمدیہ مشن سیرالیون کو لکھا:۔

"آپ اور آپ کی جماعت احمدیہ نے اس ملک (سیرالیون) کی روحانی۔ اقتصادی اور سماجی ترقی کے لئے غیر معمولی کام کیا ہے۔ آپ کی شفقت، رواداری اور بنی نوع انسان کیلئے ہمدردی کا جذبہ ہم سب کے لئے جو اس علاقہ میں غریبوں کی حالت بہتر بنانے کے لئے کوشاں ہیں نہ صرف محرک رہا ہے بلکہ ایک قابلِ قدر نمونہ بھی ثابت ہوا ہے۔ آپ کے مشن کے بے شمار سکولوں اور ان میں کام کرنے والے واقف تجربہ کی مدد سے جاہل اور بے سہارا لوگوں کے لئے ایک موقع ہم پہنچا دیا گیا ہے کہ وہ لکھنا پڑھنا سیکھ کر روشنی کا مینار بنیں اور یہ بات بھی تو بالکل اظہر من الشمس ہے کہ آپ کے مشن نے جو ہسپتال قائم کئے پھر ان کو ساز و سامان سے آراستہ کیا ان کے ذریعہ بے شمار بیماروں کو شفاء نصیب ہوئی جن کو دنیا کے اس خطہ میں بیماری اور غربت نے تنگ کر رکھا تھا۔" (۲۷ جولائی ۱۹۷۶ء)

ملکی تعمیر و ترقی میں اہم کردار

جماعت احمدیہ کے رفاہی پروگرام سے متاثر ہو کر صدرِ مملکت غانا نے فرمایا۔

"بلا شبہ آپ کے مذہب نے جو دنیا کے عظیم ترین مذاہب میں سے ایک ہے۔ اہلِ غانا کو فیض پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ مَیں امید رکھتا ہوں کہ آپ لوگ غانا کی تعمیر و ترقی میں اسی طرح آئندہ بھی ہاتھ بٹاتے رہیں گے۔ آپ کی جماعت۔ اہلِ غانا کی جو خدمات بجا لا رہی ہے۔ حکومت اس سے اچھی طرح باخبر ہے اور اس بناء پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ ہم آپ کے از حد ممنون ہیں کہ آپ نے اس ملک کی تعمیر و ترقی میں شریک ہو کر اہم کردار ادا کرنا ضروری سمجھا۔"

(گائیڈلنس نومبر ۱۹۷۱ء)

باعثِ تقلید
صدرِ مملکت نائیجیریا کا پیغام

"مَیں جماعت احمدیہ نائیجیریا کی ۴۰ ویں سالانہ کانفرنس کے موقع پر تمام ممبران جماعتِ احمدیہ کے لئے اپنی بہترین تمناؤں کا اظہار کرتا ہوں۔ مَیں نے بنظرِ غائر دیکھا ہے اور یہ امر میرے لئے باعثِ سکون ہے کہ جماعت احمدیہ سکولوں ہسپتالوں اور شفا خانوں کے قیام کے میدان

(باقی صـ۷۳ پر)

مربیان کرام کے مختصر حالات

ابتدائی ایام کے خدمت گزار

١ ۔ حضرت چوہدری فتح محمد صاحب سیال
٢ ۔ حضرت قاضی محمد عبد اللہ صاحب
٣ ۔ حضرت مولوی عبد الرحیم صاحب نیرّ
٤ ۔ حضرت مولوی عبد الرحیم صاحب درد ایم اے
٥ ۔ حضرت ملک غلام فرید صاحب ایم اے
٦ ۔ حضرت مولوی جلال الدین صاحب شمس
٧ ۔ حضرت صوفی غلام محمد صاحب بی اے
٨ ۔ حضرت مفتی محمد صادق صاحب
٩ ۔ حضرت مولوی مبارک علی صاحب بنگالی بی اے۔

حضرت چوہدری فتح محمد صاحب سیال

حضرت چوہدری فتح محمد صاحب سیال اس سے پہلے گو بیرونی مشن کی بنیاد جولائی ١٩١٣ء کو رکھ چکے تھے لیکن اس کا مستقل اور ممتاز صورت میں قیام دراصل اپریل ١٩١٤ء میں ہوا۔ آپ دوکنگ چھوڑ کر لندن تشریف لے آئے اور یہاں کرایہ کے ایک مکان کو مرکز بنا کر اشاعتِ دین حق کا کام شروع کر دیا۔ پہلا شخص جو آپ کے ہاتھ پر دینِ حق میں داخل ہوا ایک صحافی ریڈیو CORIO نامی تھا۔ مارچ ١٩١٦ء تک ایک درجن انگریز دینِ حق قبول کر چکے تھے۔ آپ دعوتِ دین کا کام زیادہ تر اس دور میں بذریعہ لیکچر ہوتا جو کلبوں اور سوسائٹیز میں کرتے۔ مارچ ١٩١٦ء میں آپ مکرم قاضی محمد عبد اللہ صاحب بی اے بی ٹی جو دسمبر ١٩١٥ء کو انگلستان پہنچ گئے تھے مشن کا چارج دے کر واپس قادیان تشریف لے آئے۔

١٥ جولائی ١٩١٩ء میں دوسری بار مکرم حضرت مولوی عبد الرحیم صاحب نیرّ کے ساتھ لندن تشریف لے گئے۔ اس بار گزشتہ کے تجربات سے فائدے اٹھاتے ہوئے دعوت دین کے کام میں وسعت پیدا کرنے کی کوشش کی، اور بیت الذکر کے لئے زمین کے حصول پر خاص توجہ دی۔ چنانچہ اگست ١٩٢٠ء میں لندن کے محلہ پٹنی ساؤتھ فیلڈ میں زمین کا ایک قطعہ جس پر مکان بھی تعمیر تھا مبلغ دو ہزار دو صد تئیس ٢٢٢٣/ پونڈ میں خرید کر لیا۔

حضرت قاضی محمد عبداللہ صاحب بی اے بی ٹی

آپ ۶ ستمبر ۱۹۱۵ء کو انگلستان تشریف لے گئے اور چار سال تک فریضۂ دعوتِ دین ادا کیا۔ پہلی جنگِ عظیم کے سبب آپ کو بڑی تکالیف اور دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا لیکن آپ دعوتِ دین میں مصروف رہے۔ لٹریچر کی تقسیم اور خط و کتابت کے ذریعہ اپنا کام جاری رکھا۔

آپ کی انگلستان روانگی کے موقعہ پر حضرت امام جماعتِ احمدیہ نے ذیل کی ہدایات و نصائح سے آپ کو نوازا۔

۱۔ اس بات کو خوب یاد رکھیں کہ یورپ کو فتح کرنے جاتے ہیں نہ مفتوح ہونے۔

۲۔ یورپ کی ہوا کے آگے نہ گریں بلکہ اہلِ یورپ کو اپنی تہذیب کی طرف لانے کی کوشش کریں۔

۳۔ خدا کی بادشاہت کے دروازوں کو تنگ نہ کریں عقائد صحیحہ کے اظہار سے کبھی نہ جھجکیں۔

۴۔ کھانے پینے پہننے میں اسراف اور تکلف سے کام نہ لیں۔ اخلاص سے سمجھائیں اور محبت سے کلام کریں۔

۵۔ ہر ہفتہ مفصل خط لکھتے رہیں۔ اگر کوئی تکلیف ہو تو خدا سے دعا کریں۔ اگر کسی فوری جواب کی ضرورت ہو خط لکھ کر ڈالدیں۔

حضرت مولوی جلال الدین صاحب شمس

آپ یکم فروری ۱۹۳۶ء کو لندن کیلئے روانہ ہوئے اور مشن کا چارج لیا۔ آپ کے زمانہ میں دوسری جنگِ عظیم چھڑ گئی اور نت نئی مشکلات اور دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا۔ لاکھوں بچے اور عورتیں دیہات میں منتقل ہو گئے۔ آپ نے دعوتِ دین کے لئے کوئی نہ کوئی راہ نکالتے رہنے کی سعی جاری رکھی۔ مشن ہاؤس میں مذہبی مسائل پر لیکچر دیئے جاتے رہے۔ ملک کی مشہور سوسائٹیز میں شرکت کی جاتی رہی۔ بیرونی ممالک سے آنے والے اہم لوگوں سے ملاقات کر کے پیغامِ حق پہنچایا جاتا رہا۔ ان کی ایک کتاب اور ایک ورقہ سے عیسائی حلقوں میں کھلبلی مچ گئی۔ بشپ آف گلاسٹر کو دعوتِ مقابلہ دی۔ جارج ششم۔ کنگ پیٹر یوگوسلاویہ کو پیغام حق پہنچایا۔ مسٹر گرین سے ایک سال تک ہائیڈ پارک میں مناظرہ کا سلسلہ جاری رکھا۔ آپ کی نگرانی میں ترجمہ قرآن مجید۔ ڈچ۔ روسی۔ اٹالین۔ فرانسیسی پولش۔ جرمن اور سپینش زبان میں ہوئے۔ جرمن ڈچ میں شائع ہوئے۔ آپ ۱۹ نومبر ۱۹۴۶ء کو چوہدری مشتاق احمد صاحب باجوہ کو چارج دے کر واپس قادیان آئے۔

مولوی عبدالرحیم صاحب نیّر

۱۵ جولائی ۱۹۱۹ء کو مکرم چوہدری فتح محمد صاحب سیال کی معیت میں انگلستان کے لئے قادیان سے روانہ ہوئے ۶ اگست ۱۹۱۹ء کو لندن پہنچ گئے۔ فروری ۱۹۲۰ء تک آپ مکرم سیال صاحب

کے ساتھ کام کرتے رہے اور مشن سے متعلق جملہ کاموں میں آپ کے مددگار رہے۔ فروری ۱۹۲۱ء میں حضرت امام جماعت احمدیہ کے ارشاد پر نائجیریا تشریف لے گئے۔ آپ نے نائجیریا کے علاوہ سیرالیون اور غانا کا بھی دورہ فرمایا۔ انگلستان میں ان دنوں مولوی مبارک علی صاحب بنگالی بی اے لندن مشن کے انچارج تھے۔ آپ نے واپس انگلستان پہنچ کر ان سے چارج لیا اور وہ برلن تشریف لے گئے۔ ۱۱ر مئی ۱۹۲۲ء میں مکرم ملک غلام فرید صاحب آپ کے کام میں مدد کے لئے برلن سے انگلستان تشریف لے آئے۔ ملک صاحب برلن دسمبر ۱۹۲۲ء میں پہنچے تھے۔

مولانا عبدالرحیم صاحب نیر ابھی انگلستان میں ہی تھے کہ حضرت امام جماعت احمدیہ نے ویمبلے کانفرنس میں شرکت کے پیش نظر انگلستان کا دورہ فرمایا۔ ۱۹ر اکتوبر ۱۹۲۴ء کو اپنے دست مبارک سے بیت فضل لنڈن کا سنگ بنیاد رکھا۔

حضرت مولوی عبدالرحیم صاحب درد ایم اے

آپ کا پہلا نام رحیم بخش تھا۔ حضرت امام جماعت احمدیہ نے نام تبدیل کر کے عبدالرحیم نام تجویز فرمایا۔

آپ حضرت امام جماعت احمدیہ کے اس قافلہ میں شریک تھے جو ویمبلے کانفرنس میں شرکت کے لئے انگلستان پہنچا تھا۔

نومبر ۱۹۲۴ء میں حضرت امام جماعت احمدیہ کی ہدایت پر آپ نے مکرم مولانا عبدالرحیم صاحب نیر سے چارج لندن مشن کا لیا اور ملک غلام فرید صاحب آپ کے نائب کے طور پر مقرر ہوئے۔ رسالہ ریویو آف ریلیجنز جس کی اشاعت قادیان سے ہوا کرتی تھی۔ اسے لندن منتقل کر دیا گیا جو آپ کی زیر ادارت شائع ہونے لگا۔ دعوت دین کے سلسلہ میں مساعی بھی جاری تھیں۔ بیت فضل جس کی بنیاد حضرت امام جماعت احمدیہ نے رکھدی تھی، کی تعمیر زیر عمل آ چکی تھی۔ ۱۹۲۵ء میں آپ نے بھرپور توجہ اس طرف فرمائی اور ایک انجینئرنگ کمپنی کے سپرد اس کی تعمیر کا کام کیا۔ ۱۹۲۶ء میں تعمیر سے متعلق کام مکمل ہو گیا۔ ۳ر اکتوبر ۱۹۲۶ء کو خان بہادر شیخ عبدالقادر صاحب بی اے۔ بیرسٹر آف لا نے خدا کے اس گھر کا افتتاح کیا

۔ خدا کے اس گھر کے افتتاح پر دنیا کے اخباروں نے عموماً اور لندن پریس نے خصوصاً بڑے بڑے آرٹیکل لکھے اور چار دانگ عالم میں سلسلہ احمدیہ کی اصلاح و ارشاد کی مساعی کی بہت شہرت ہوئی۔ ستمبر ۱۹۲۸ء میں آپ مولوی فرزند علی صاحب کو لندن مشن کا چارج دے کر واپس قادیان تشریف لے آئے۔ مکرم صوفی عبدالقدیر صاحب نیازان

کے قائم مقام کے طور پر ۳ر اگست ۱۹۲۸ء کو انگلستان پہنچ گئے تھے۔ مکرم مولانا عبدالرحیم صاحب درد ۳ر فروری ۱۹۳۳ء کو دوسری بار لندن تشریف لے گئے اور خانصاحب منشی فرزند علی صاحب سے مشن کا چارج لیا۔ لندن مشن میں جہاں دعوت دین کے سلسلہ میں مساعی کے دائرہ میں وسعت پیدا ہوئی وہاں مسلمانانِ عالم کی عموماً اور ہندوستانی مسلمانوں کے سیاسی حقوق کی خصوصاً مؤثر نمائندگی کا حق ادا کیا گیا۔

قائداعظم محمد علی جناح نے جو گول میز کانفرنس کے بعد ہندو لیڈروں کی روش سے مایوس ہو کر لندن ہی میں بود و باش رکھنے کا فیصلہ کر چکے تھے۔ حضرت امام جماعت احمدیہ .. کی خواہش اور مولانا عبدالرحیم صاحب درد کی کوشش سے احمدیہ بیت فضل لنڈن میں آئے اور "ہندوستان کے مستقبل" کے موضوع پر ایک لیکچر دیا اور ہندوستان جا کر مسلمانوں کی قیادت سنبھالنے پر آمادہ ہو گئے۔

(الفضل یکم جنوری ۱۹۵۵ء صـ۸)

قائداعظم کی تقریر عید الاضحیہ کی تقریب کے موقعہ پر ۶ر ۱۹۳۳ء کو ہوئی تھی۔

اس جلسہ کی صدارت سر سلیوارٹ سنڈیمن Sir Sleverl Sondeme نے کی تھی۔ آپ نے اپنی تقریر کا آغاز ان الفاظ سے کیا۔ر

...

ترجمہ امام صاحب کی فصیح و بلیغ ترغیب نے میرے لئے کوئی راہ بچنے کی نہیں چھوڑی۔

حوالہ جات :۔ ۱۔ انقلاب عظیم انذار و بشارات ص۲۰ صفحہ ۱۹ از حضرت سید ولی اللہ شاہ۔ (۲) دی ایوننگ سٹینڈرڈ لندن۔ (۳) ہندو کلکتہ۔ (۴) دی اسٹیٹسمین کلکتہ (۵) مدراس میل (۶) ویسٹ افریقہ (افریقہ) (۷) ایجپشین گزٹ (اسکندریہ) (۸) پائونیر الہ آباد

حضرت ملک غلام فرید صاحب ایم اے

آپ دسمبر ۱۹۲۳ء میں برلن (جرمنی) تشریف لے گئے۔ ۱۱ر مئی ۱۹۲۴ء کو مولوی مبارک علی صاحب بنگالی۔ بی۔ اے برلن تشریف لے گئے تو آپ کو ہدایت بھجوائی گئی کہ آپ لندن تشریف لے جا کر مکرم مولانا عبدالرحیم صاحب نیر انچارج مشن لندن کے ساتھ بطور نائب کام کریں چنانچہ آپ لندن پہنچ گئے۔ مکرم نیر صاحب کی نومبر ۱۹۲۴ء میں واپسی کے بعد آپ مکرم مولوی عبدالرحیم صاحب درد کے نائب کے طور پر کام کرتے رہے۔

جولائی ۱۹۲۸ء میں آپ قادیان واپس

تشریف لائے۔ مکرم صوفی عبدالقدیر صاحب نیاز ۲۰ اگست ۱۹۲۶ء کو آپ کے متبادل اور مکرم مولوی فرزند علی صاحب انچارج مشن لندن کے نائب کے طور پر کام کرنے کے لئے لندن پہنچ گئے۔

حضرت صوفی غلام محمد صاحب

حضرت صوفی غلام محمد صاحب نے ۱۹۰۷ء میں حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کی تحریک وقف پر اپنی زندگی وقف کی تھی۔ ۱۹۱۲ء میں آپ نے بی۔ اے کیا اور حضرت مولوی نورالدین صاحب امام جماعت احمدیہ اول کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے آپ نے قرآن مجید حفظ کرنے کا ارشاد فرمایا جو بفضلہ تعالیٰ آپ نے چھ ماہ میں کر لیا۔ ان دنوں نیروبی سے ایک مربی کے بھجوانے کی درخواست آئی تو حضور نے آپ کو کینیا کالونی کے لئے پاسپورٹ تیار کروانے کا حکم فرمایا لیکن پاسپورٹ حاصل نہ کیا جا سکا اس عرصہ میں حضور کا وصال ہو گیا۔ آپ حضرت امام جماعت احمدیہ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تو آپ نے مارشس کیلئے پاسپورٹ بنوانے کا ارشاد فرمایا۔ چنانچہ دسمبر ۱۹۱۴ء میں آپ کو پاسپورٹ مل گیا۔

مارشس کا مشن حضرت امام جماعت احمدیہ کے زمانہ میں دوسرا بیرونی مشن ہے جو قائم ہوا۔ اور ہل مارشس میں ایک سکول کے ہیڈ ماسٹر نور محمد نوریا صاحب۔ فرانسیسی زبان میں ایک اخبار دی ... شائع کرتے تھے اور لورپول میں ایک نومسلم انگریز مسٹر عبداللہ کوئلم "دی کریسنٹ" ایک اخبار نکالتے تھے۔ تبادلہ میں یہ اخبارات ایک دوسرے کو جاتے تھے۔ ان اخبارات سے ایڈیٹر ریویو آف ریلیجنز نے نور محمد صاحب کو اپنے چند رسالے بھیجے۔ اس طرح ۱۹۰۵ء میں احمدیت کا باقاعدہ پیغام اس جزیرہ تک پہنچ گیا۔ نور محمد صاحب نے تحقیق کی اور ۱۹۱۲ء میں احمدیت قبول کر لی۔ ان کے ذریعہ حاجی ماسٹر عظیم سلطان غوث صاحب آف فونکس بھی سلسلہ عالیہ احمدیہ میں داخل ہو گئے ۱۹۱۳ء میں اس قصبہ کی مسجد کے امام سبحان محمد صاحب نے بھی احمدی ہونے کا اعلان کر دیا۔ ۱۹۱۴ء میں ایک فوجی پلٹن مارشس گئی تو اس میں چار احمدی تھے اس طرح خدا کے فضل و کرم سے ایک اچھی تعداد احمدیوں کی بن گئی۔ اور دعوت دین کے کام کو ذوق و شوق سے کرنے لگے۔ اسی دوران حضرت امام جماعت احمدیہ سے ایک انگریزی دان مربی کے بھجوانے کی درخواست ہوئی تو حضور نے حضرت صوفی صاحب کو بھجوانے کا ارشاد فرمایا چنانچہ آپ ۲۰ فروری ۱۹۱۵ء کو قادیان سے روانہ ہو کر حیدر آباد مدراس ہوتے ہوئے ۱۴ مارچ ۱۹۱۵ء کو کولمبو (سیلون) پہنچے۔ آپ نے یہاں تین ماہ قیام فرمایا اور شبانہ روز دعوت دین سے متعلق کوششیں کیں۔ نتیجۃً معمر اور تعلیم یافتہ اصحاب پر مشتمل جماعت قائم کر لی۔ کولمبو کو مرکز بنا دیا۔ آپ اس جماعت کے پہلے آنریری پریذیڈنٹ بھی مقرر

ہوگئے۔ ۱۵ر جون ۱۹۱۵ء کو آپ پورٹ لوئیس مارشش پہنچے۔ ماسٹر نور محمد صاحب نے آپ کا استقبال کیا اور اپنے مکان پر لے آئے۔ چند ماہ قیام کے بعد دعوتِ دین سے متعلق مساعی جاری کردیں۔ متصل ایک بیت الذکر میں نمازیں باقاعدہ ہونے لگیں۔ غیر از جماعت لوگ شروع شروع میں باری باری پڑھ لیتے تھے۔ بعدازاں انہوں نے علیحدہ انتظام کرلیا۔ اور اس بیت الذکر کے لئے عدالت میں دعویٰ دائر کردیا

۱۹۲۳ء میں احمدیوں نے بھی نیا بیت الذکر تعمیر کرلیا۔ روزہل سے پانچ میل کے فاصلہ پر سنیٹ پیئر St. Pierre واقع ہے جہاں معزز اور متمول بھنو خاندان آباد ہے۔ آپ نے ان کی دعوت پر ایسی مدلل گفتگو فرمائی کہ ایک ہی دن میں سارا خاندان حلقہ بگوشِ احمدیت ہوگیا۔ اس سے مارشس میں ایک شور مچ گیا۔

بھنو خاندان نے اپنے لئے بطورِ خاص ایک مربی کی درخواست کی تو حضرت حافظ عبیداللہ صاحب کو بھجوایا گیا جنہوں نے ایک طرف اس خاندان کی روحانی خدمت کی تو دوسری طرف حضرت صوفی غلام محمد صاحب کے کام میں اخلاص کے ساتھ مدد کی۔ افسوس دسمبر ۱۹۲۳ء میں آپ کا انتقال ہوگیا اور وہیں تدفین عمل میں آئی۔

آپ حضرت امام جماعت احمدیہ الثانی کے زمانہ امامت میں پہلے ..... ہیں۔ ۲۸ر اپریل ۱۹۱۵ء کو آپ نے (صوفی غلام محمد صاحب نے) پورٹ لوئیس ایام جامع کے ساتھ ایک کامیاب مناظرہ کیا ۱۹۲۶ء میں دو ہفتہ کے لئے مڈغاسکر بھی تشریف لائے اور پیغامِ حق پہنچایا۔ ۳ مارچ ۱۹۲۷ء کو واپس قادیان احمد حسن صاحب سوگیہ کے ہمراہ تشریف لائے۔ مئی ۱۹۱۷ء میں چار نوجوانوں کو تعلیم کیلئے قادیان بھجوایا تھا۔

حضرت مفتی محمد صادق صاحب

۱۰ر مارچ ۱۹۱۷ء کو آپ انگلستان کے لئے روانہ ہوئے اور اپریل ۱۹۱۷ء میں انگلستان پہنچ گئے۔ ان دنوں قاضی محمد عبداللہ صاحب بطور انچارج مشن لندن میں کام کر رہے تھے۔ آپ نے ان کے کام میں مدد فرمائی اور ۲۶ جنوری ۱۹۲۰ء میں حضرت امام جماعت احمدیہ کی ہدایت پر امریکہ تشریف لے گئے۔ ۱۵ فروری ۱۹۲۰ء کو امریکہ کی بندرگاہ فلاڈلفیا پر اترے لیکن شہر کے اندر داخل نہ ہوسکے۔ کیونکہ راہداری کے انسپکٹر نے کئی گھنٹے کی پوچھ گچھ کے بعد صرف اس وجہ سے کہ آپ ایک ایسے مذہب کے داعی اور معلم تھے جو تعدد ازدواج کی اجازت دیتا ہے آپ کو ملک میں داخل ہونے کی اجازت نہ دی اور فیصلہ کیا کہ آپ جس جہاز میں آئے ہیں اسی میں واپس چلے جائیں۔

حضرت مفتی صاحب نے اس فیصلہ کے

خلاف محکمہ آبادکاری (واشنگٹن) میں اپیل کی۔ اپیل کے فیصلہ تک آپ کو سمندر کے کنارے ایک مکان میں بند کر دیا گیا۔ جس سے باہر نکلنے کی ممانعت تھی مگر چھت پر ٹہل سکتے تھے اس کا دروازہ دن میں دو بار کھلتا تھا جبکہ کھانا کھلایا جاتا تھا۔ اس مکان میں کچھ یورپین بھی نظر بند تھے۔ جو عموماً نوجوان تھے اور پاسپورٹ نہ ہونے کی وجہ سے نظر بند رکھے گئے تھے حکام کی طرف سے فیصلہ کے منتظر تھے۔ یہ لوگ حضرت مفتی صاحب کا بڑا ادب کرتے تھے اور ان کی ضروریات کا خیال رکھتے تھے ان کے لئے نماز پڑھنے کی جگہ بھی انہوں نے بنا دی تھی۔ اور خدمت کرتے رہتے تھے۔ اس صورتِ حال سے مفتی صاحب نے فائدہ اٹھا کر انہیں پیغامِ حق پہنچانا شروع کر دیا۔ نتیجۃً دو ماہ کے اندر پندرہ لوگوں نے اسی مکان میں دینِ حق کو قبول کر لیا۔ اللہ تعالیٰ نے ایک اور راہ بھی کھول دی۔ امریکن پریس نے آپ کی آمد اور ملک میں داخلہ کی ممانعت کا بہت چرچا کیا اور بعض مشہور ملکی اخبارات مثلاً فلاڈلفیا ریکارڈ۔ پبلک ریکارڈ۔ نارتھ امریکن بلیٹن۔ ایوننگ بلیٹن۔ پبلک لیجر۔ دی پریس نے تو نہ صرف آپ کی آمد کے بارہ میں خبر دی بلکہ جماعت احمدیہ کے حالات بھی شائع کر دیئے

(الفضل ۹ مارچ ۱۹۲۰ء)

(آپ بیتی حضرت مفتی محمد صادق صاحب۔ صٓ۵ الفضل ۳ مئی ۱۹۲۰ء)

حضرت امام جماعت احمدیہ نے امریکی حکومت کے اس رویہ پر سخت افسوس کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا:

"امریکہ جسے طاقتور ہونے کا دعویٰ ہے۔ اس وقت تک اس نے مادی سلطنتوں کا مقابلہ کیا اور انہیں شکست دی ہو گی۔ روحانی سلطنت سے اس نے مقابلہ کر کے نہیں دیکھا۔ اب اگر اس نے ہم سے مقابلہ کیا تو اسے معلوم ہو جائے گا کہ ہمیں وہ ہرگز شکست نہیں دے سکتا۔ کیونکہ خدا ہمارے ساتھ ہے ہم امریکہ کے اردگرد کے علاقوں میں پیغامِ حق لے جائیں گے۔ اور وہاں کے لوگوں کو دینِ حق میں داخل کر کے امریکہ بھیجیں گے اور ان کو امریکہ نہیں روک سکیگا۔ اور ہم امید رکھتے ہیں کہ امریکہ میں ایک دن۔۔۔ صدائے حق گونجے گی اور ضرور گونجیگی۔"

روزنامہ الفضل ۱۵ اپریل ۱۹۲۰ء

بالآخر مئی ۱۹۲۰ء کے شروع میں حضرت مفتی محمد صادق صاحب پر سے حکومت امریکہ کی طرف سے پابندی اٹھا لی گئی۔ حضرت مفتی صاحب نے نیویارک میں داخل ہو کر ایک مکان کا حصہ لیکچروں اور دفتر کیلئے کرایہ پر لے کر پیغام حق کا کام شروع کر دیا۔ سعید روحیں حلقہ بگوشِ احمدیت ہونے لگیں۔ ۱۹۲۱ء میں آپ شکاگو منتقل ہو گئے اور ایک عمارت خرید کر امریکن مشن کا قیام کیا۔ دی سن رائز ایک رسالہ جاری کیا۔ امریکہ میں ڈاکٹر صادق کے نام سے یاد کئے جاتے ہیں۔ ۴ دسمبر ۱۹۲۳ء کو واپس قادیان

تشریف لائے۔ امریکن مشن کا چارج مولوی محمد دین صاحب کے سپرد فرمایا۔

حضرت مولوی مبارک علی صاحب بنگالی بی۔ اے

آپ اگست ۱۹۲۰ء میں انگلستان تشریف لے گئے اور حضرت چوہدری فتح محمد صاحب سیال کے ساتھ فریضہ دعوت دین حق کی ادائیگی میں مصروف ہو گئے۔ مکرم سیال صاحب ستمبر ۱۹۲۱ء میں انہیں مشن کا چارج دے کر واپس قادیان تشریف لے آئے۔

حضرت مولوی عبدالرحیم صاحب نیر جو فروری ۱۹۲۱ء میں نائجیریا تشریف لے گئے تھے مغربی افریقہ کے ممالک۔ نائجیریا۔ سیرالیون، گھانا میں مشن قائم کر کے واپس انگلستان تشریف لے آئے۔ آپ انہیں مشن کا چارج دے کر برلن (جرمنی) تشریف لے گئے۔ اور ملک غلام فرید صاحب جو دسمبر ۱۹۲۳ء میں برلن تشریف لے گئے تھے لندن منتقل ہو گئے۔ اور نیر صاحب کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے نام کو بلند کرنے میں مصروف ہو گئے۔

بقیہ براعظم افریقہ از صفحہ ۵۵

کے اس اعلیٰ مقصد میں ہمیشہ ہمیش بے نظیر کامیابی عطا فرماتا رہے۔ مجھے ہمیشہ قرآن مجید پڑھ کر مسرت ہوتی ہے۔ اور " .... اصول کی فلاسفی" تو ایک ایسی کتاب ہے جو نہ صرف .... کیلئے بلکہ ہر اس غیر مسلم کے لئے بھی جو غور و فکر سے کام لے ایک بیش قیمت خزانہ ثابت ہو چکی ہے۔

الفضل ۱۷ جون ۱۹۶۲ء

بقیہ افریقہ میں تعلیمی و طبی ادارے از ص ۶۵

میں بدستور بڑے ثبات کے ساتھ ترقی پذیر ہے اس جہت میں جماعت احمدیہ کی مساعی انتہائی قابل تعریف ہیں اور دوسری تمام رضاکارانہ طور پر کام کرنے والی تنظیموں کے لئے باعث تقلید ہیں۔ میری انتظامیہ ایسے تمام نائجیرین جو اچھا مطمع نظر رکھتے ہیں اور باہمی کوششوں سے سکول، ہسپتال اور دیگر رفاہی خدمات سرانجام دینا چاہتے ہیں، کی پورے طور پر حمایت کرتی ہے۔ بشرطیکہ وہ یہ خدمت بغیر کسی فرقہ واریت اور مذہبی تعصب کے ادا کریں۔"

پاکستانی کھانوں اور مٹھائیوں کا بہترین مرکز

شاہین سویٹس اینڈ ریسٹوران

۹۹ لیگزنٹن اینویو نیویارک۔ این، وائی ۱۰۰۱۶
ٹیلیفون مین ہٹن :- ۲۱۲ - ۶۸۳ - ۳۱۳۹
کوئینز :- ۷۱۸ - ۶۳۹ - ۸۷۹۱

حائل ہے تری راہ میں پندار کا پتھر
دیکھا ہی نہیں تُو نے رُخِ یار کا منظر

کیوں اس کی ملاقات سے مایوس ہے ناداں
اُس کا تو ٹھکانہ ہے تری رُوح کے اندر

اک بار بلاؤں تو جواب آتا ہے سو بار
خود بھی وہ صدا دیتا ہے آ کر مرے گھر پہ

چل اس کی طرف، تجھ میں سکت ہے کہ نہیں ہے
ہر شائقِ پرواز کو مل جاتا ہے شہپر

آنکھوں میں جھلکتی ہے دھنک رنگ کی شوخی
تُو نے اسے دیکھا ہے کہیں دل کے اُفق پر

یہ اُس کی بڑائی کا ہے خاموش سا اعلان
ہر ذرّۂ ناچیز ہے اِک مخزنِ جوہر

جو آگ جلاتا ہے کہ اوروں کو جلائے
جل جاتا ہے وہ اپنے ہی شعلوں سے لپٹ کر

جب بُرج اُلٹتے ہیں اُلٹ جاتی ہے ہر بات
ہر بات نظر آتی ہے تقدیر کا چکّر

جو مانگ رہے ہیں اُنہیں مِل جائے بڑائی
مَیں عجز کا پیکر رہوں احقر ہی کا احقر

واماندگیٔ شوق نہ آئے مری رہ میں
ہر گام نسیمؔ اور کرے مجھکو تو نگر

نسیم سیفی

تحریکِ جدید

